www.KitaboSunnat.com

# فرامینِ نبوی ﷺ

ترجمہ و شرح

## مکاتیب النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تالیف

امام ابو جعفر دیبلی
المتوفی ۳۲۲ھ

از

مولانا محمد عبد الشہید نعمانی
استاذ شعبۂ عربی جامعہ کراچی

الرحیم اکیڈمی
۱/۱، اعظم نگر پوسٹ آفس لیاقت آباد، کراچی ۱۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

ھو الباقی

یا صاحب الجمال و یا سید البشر
من وجهک المنیر لقد نور القمر
لا یمکن الثناء کما کان حقہ
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

… عبدالرحیم
۱۳۵۹ھ

مرشدی و مولائی والد محترم محمد عبدالرحیم خاطر جیپوری رحمہ اللہ المتوفی ۱۸ جمادی الاول ۱۳۷۳ھ بمطابق ۲۴ جنوری ۱۹۵۴ء۔ کراچی

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# فرامینِ نبوی

ترجمہ و شرح

مکاتیب النبی صلی اللہ علیہ وسلم تالیف امام ابوجعفر دیبلی المتوفی ۳۲۲ھ

از

مولانا محمد عبدالشہید نعمانی

استاذ شعبۂ عربی، جامعہ کراچی

ناشر

الرحیم اکیڈمی

اے ۷/۱، عظیم نگر پوسٹ آفس لیاقت آباد، کراچی ۱۹

Rs. 45/-

Marfat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق ناشر بتمام وکمال محفوظ ہیں


| | |
|---|---|
| اشاعت بارِ اول | تعداد ایک ہزار۔ کراچی |
| طباعت | عکسی |
| تاریخ طبع | ۱۲ر رمضان المبارک ۱۴۰۶ھ |
| | ۳۱ر مئی ۱۹۸۶ء |
| مطبع | احمد برادرس پرنٹرز ناظم آباد کراچی ۱۸ |
| ناشر | ایچ پی / ڈاکٹر محمد عبدالرحمن غضنفر |
| کتابت | عیسیٰ سربازی |
| قیمت | Rs. 45/- روپے |

الرحیم اکیڈمی

اے ۱/۷، اعظم نگر پوسٹ آفس لیاقت آباد کراچی ۱۹


Marfat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# عرضِ ناشر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

سرکارِ دوعالم، فخرِ موجودات، سرورِ کائنات، ختم الرسل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ اور حیاتِ مبارکہ ہر مسلمان کے لیئے نمونۂ عمل ہے۔ ایک مسلمان کی حیثیت سے انفرادی اور اجتماعی زندگی بسر کرنے کے لیئے ہمیں ہر قدم پر، ہر شعبۂ زندگی میں سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رہنمائی کی ضرورت ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حیاتِ انسانی کے ہر شعبہ، ہر گوشے میں مکمل ہدایات اور مثالی اعمال کے ذریعہ ہمیں سیدھا، سچا، صاف، روشن اور بہترین راستہ بتایا ہے، حضور علیہ التحیۃ والتسلیم کی سیرت پاک پر جتنا لکھا گیا ہے، دنیا کی کسی اور شخصیت پر اتنا نہیں لکھا گیا، لیکن سیرت ایک بحرِ ذخّار ہے اور اس پر جس قدر بھی لکھا جائے کم ہے۔

اسی سیرتِ طیبہ کا ایک شعبہ مکاتیبِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق ہے مکاتیب النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جمع و تدوین میں بھی راویانِ حدیث اور محدثین کرام کا بڑا حصہ ہے، لیکن جن مکاتیب کو اس وقت ہم شائع کر رہے ہیں، یہ احادیث کی متداول ضخیم کتابوں میں موجود ہیں، ان مکاتیب کو سب سے پہلے یک جا جمع کرنے کا سہرا محدث ابوجعفر الدیبلی السندیؒ کے سر ہے۔ یہ تیسری صدی ہجری کے معروف محدثین میں سے ہیں۔

یہ کتاب چونکہ عربی میں تھی اس لیئے اس سے صرف عربی داں طبقہ ہی مستفید ہو سکتا تھا۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الرحیم اکیڈمی کے قیام کا مقصد ہی عربی، فارسی اردو کی نادر و نایاب اہم و مفید کتابوں کا شائع کرنا ہے، لہذا ان مکاتیب پر ہمارے عزیز القدر برادر زادہ حافظ قاری الحاج مولانا محمد عبد الشہید نعمانی سلمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی توجہ مبذول کی اور ان مکاتیب کا اردو میں ترجمہ کیا اور اپنی خدا داد صلاحیت کو بروئے کار لاکر نہایت ہی جستجو و عرق ریزی سے اس کی محققانہ شرح بھی تحریر فرمائی، اور جن اہل قلم حضرات نے اب تک مکاتیب النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر تحقیقی کام کیا ہے ان پر ناقدانہ نظر بھی ڈالی ہے جس سے اس کی افادیت میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ اہل علم و اہل تحقیق اس کی قدر فرمائیں گے۔

ہماری دعا ہے کہ حق تعالیٰ عز اسمہ ہماری اس کوشش کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل حسن قبول عطا فرمائے آمین اور شارح و مترجم کے علم و عمل و عمر میں برکت عطا فرمائے آمین۔

حضرات قارئین کرام سے ہماری استدعا ہے کہ جو حضرات اس سے استفادہ فرمائیں وہ ہمیں اور ہمارے معاونین کو اپنی دعاء خیر میں یاد رکھیں۔

فقیر حقیر محمد عبد الرحمٰن غفنفر
عفر اللہ لہ ولوالدیہ
۱۵ ار رمضان المبارک ۱۴۰۶ھ

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فہرست مضامین


| مضمون | صفحہ | موضوع | صفحہ |
|---|---|---|---|
| مقدمہ | ۹ | مکتوب نمبر ۱ | ۲۷ |
| ابوجعفر الدیبلی | ۱۲ | حضرت عظیم بن الحارث المحاربی رضؓ | ۲۷ |
| نام ونسب | ۱۲ | عظیم اور عصیم کی تحقیق | ۲۸ |
| ولادت | ۱۲ | وفد محارب کی دربارِ رسالت میں حاضری | ۲۹ |
| اساتذہ | ۱۳ | حضرت سوار بن الحارث رضؓ | ۳۰ |
| تلامذہ | ۱۴ | لفظ فخ کی تحقیق | ۳۰ |
| اولاد | ۱۵ | کاتب فرمان حضرت ارقم بن ابی الارقم | ۳۴ |
| وفات | ۱۵ | مکتوب نمبر ۲ حضرت عظیم بن الحارث | ۳۵ |
| تصانیف | ۱۵ | المحاربی رضؓ کے نام ایک اور فرمان | |
| حافظ ابن طولون | ۱۵ | مجمعہ | ۳۶ |
| اعلام السائلین | ۱۶ | راس | ۳۶ |
| ابوالحسن مدائنی کی مکاتیب کے موضوع پر تصانیف | ۱۸ | مکتوب نمبر ۳ (حضرت حصین بن | ۳۸ |
| عمارہ بن زید کی مکاتیب کے موضوع پر تالیف | ۱۸ | نضلۃ الاسدی کے نام) | |
| کیا حضرت عبداللہ بن عباس نے مکاتیب کے موضوع پر کوئی تصنیف چھوڑی ہے | ۱۸ | حضرت حصین بن نضلۃ الاسدی رضؓ | ۳۹ |
| مکاتیب کے موضوع پر مستقل اور باقاعدہ تصانیف | ۱۹ | ترمد | ۴۰ |
| الحلیۃ علی المصباح المضیہ | ۲۲ | کتیفہ | ۴۰ |
| رسالات نبویہ | ۲۲ | کاتب فرمان حضرت مغیرہ بن شعبہ رضؓ | ۴۱ |
| مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ | ۲۳ | مکتوب نمبر ۴ بنوجعال بن ربیعہ کے نام | ۴۴ |
| مکاتیب الرسول | ۲۴ | | |
| مکاتیب کے موضوع پر ترکی میں دریافت شدہ دو مخطوطے | ۲۵ | | |


Marfat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| مضمون | |
|---|---|
| بنوجعال بن ربیعہ | ۴۴ |
| ارم | ۴۵ |
| مکتوب ۵ بنوالاحب کے نام | ۴۶ |
| بنوالاحب | ۴۶ |
| فالس | ۴۷ |
| مکتوب ۶ حضرت راشد بن عبدارب سلمی کے نام | ۴۹ |
| حضرت راشد بن عبدالرب سلمی رض | ۴۹ |
| وفد بنوسلیم کی بارگاہِ رسالت میں حاضری | ۴۹ |
| السلمی | ۵۲ |
| غلوۃ | ″ |
| سہم | ″ |
| رھاط | ″ |
| کاتبِ فرمان حضرت خالد بن سعید بن العاص رض | ۵۳ |
| مکتوب ۷ حضرت عوسجہ بن حرملہ الجہنی کے نام | ۵۶ |
| حضرت عوسجہ بن حرملہ جہنی رضی اللہ عنہ | ۵۶ |
| الجہنی | ۵۸ |
| ذوالمروہ | ۵۸ |
| بلکشۃ | ۵۹ |
| ظبیۃ | ۵۹ |

| مضمون | |
|---|---|
| جعلات | ۵۹ |
| جبل القبلیۃ | ٦۰ |
| کاتب فرمان حضرت علاء بن عقبہ رض | ٦۰ |
| مکتوب ۸ بنوعادیار کے نام | ٦۲ |
| بنوعادیار | ٦۲ |
| ذمہ | ٦۳ |
| حلار | ٦۴ |
| مدی اور سُدی | ٦۵ |
| مکتوب ۹ بنوعریض کے نام | ٦۷ |
| بنوعریض | ٦۷ |
| طعمۃ | ٦۹ |
| صاع | ″ |
| مکتوب ۱۰ حضرت تمیم بن اوس داری رض کے نام | ۷۰ |
| حضرت تمیم بن اوس داری رض | ۷۰ |
| وفد دارین کی دربارِ رسالت میں حاضری | ۷۱ |
| عسینون | ۷۳ |
| صبہون | ″ |
| دارین کے نام دیگر مکاتیب | ۷۴ |
| مکتوب نمبر ۱۱ بنوشخ کے نام | ۷٦ |


Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| بنوشمخ | ۷۶ |
| حظر | ۷۷ |
| ضعینہ | ۷۸ |
| مکتوب ۱۲ بنوجرمز بن ربیعہ کے نام | ۷۹ |
| جرمز بن ربیعہ | ۷۹ |
| بنوجرمز کے نام ایک اور مکتوب | ۸۰ |
| مکتوب نمبر ۱۳ بنو قرہ کے نام | ۸۱ |
| بنونبھان | ۸۲ |
| بنونھد | ۸۲ |
| مطلہ | ۸۲ |
| مکتوب نمبر ۱۴ حضرت عباس بن مرداس سلمیؓ کے نام | ۸۳ |
| حضرت عباس بن مرداس رضؓ | ۸۳ |
| مذمور | ۸۴ |
| مکتوب نمبر ۱۵ حضرت عداء بن خالد رضؓ اور بنو ربیعہ عامر عکرمہ کے نام | ۸۶ |
| حضرت عداء بن خالد رضی اللہ عنہ | ۸۶ |
| صحیح بخاری میں مذکور بیع نامہ | ۸۸ |
| صباغتہ | ۹۰ |
| زنج | ۹۰ |
| لواثتہ | ۹۱ |
| مکتوب نمبر ۱۶ حضرت جمیل بن ردام العدوی کے نام | ۹۲ |
| حضرت جمیل بن ردام العدوی رضؓ | ۹۲ |
| الرمد | ۹۳ |
| مکتوب نمبر ۱۷ عامۃ المسلمین کے نام | ۹۴ |
| قبیلہ ثقیف | ۹۵ |
| وفد ثقیف کی دربارِ رسالت میں حاضری | ۹۶ |
| عضاہ | ۹۸ |
| درج | ۹۸ |
| مکتوب نمبر ۱۸ بنو معاویہ بن جرول کے نام | ۱۰۰ |
| بنو معاویہ بن جرول | ۱۰۱ |
| الضیا ببتن | ۱۰۱ |
| کاتبِ فرمان حضرت زبیر بن العوام رضؓ | ۱۰۲ |
| مکتوب نمبر ۱۹ حضرت عامر بن الاسود کے نام | ۱۰۴ |
| حضرت عامر بن اسود رضی اللہ | ۱۰۴ |
| مکتوب نمبر ۲۰ بنو جوین کے نام | |
| بنو جوین | ۱۰۷ |
| مکتوب نمبر ۲۱ بنو معن کے نام | ۱۰۸ |
| بنو معن الطائیین | ۱۰۹ |
| مکتوب نمبر ۲۲ اہل جرش کے نام | ۱۱۰ |


Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| اہلِ جرش کا قبولِ اسلام | ۱۱۳ |
| زہیر بن الحاطۃ | ۱۱۳ |
| مکتوب نمبر ۲۳ حضرت زبیر بن العوامؓ کے نام | ۱۱۵ |
| سوارق | ۱۱۵ |
| حضرت زبیر بن العوام کے لئے دیگر جاگیر | ۱۱۶ |
| مکتوب نمبر ۲۴ حضرت وقاص بن قمامہ اور عبداللہ بن قمامہ کے نام | ۱۱۸ |
| حضرت وقاص بن قمامہ اور حضرت عبداللہ بن قمامہ | ۱۱۸ |
| مکتوب نمبر ۲۵ حضرت عمرو بن حزم انصاریؓ کے نام | ۱۲۱ |
| یمن | ۱۳۰ |
| یمن کا حدود اربعہ (یونانی ولاطینی جغرافیہ دانوں کی آراء) | ۱۳۹ |
| یمن کا حدود اربعہ (عرب جغرافیہ دانوں کی آراء) | ۱۳۹ |
| یمن کی وجہ تسمیہ | ۱۳۳ |
| یمن کا نظام حکومت | ۱۳۲ |
| حبشہ کے عیسائیوں کا یمن پر قبضہ | ۱۳۲ |
| یمن میں اشاعت اسلام | ۱۳۴ |
| اہل یمن کی دانائی اور حکمت | ۱۳۵ |
| یمن کے مشہور قبائل | ۱۳۶ |

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| یمن کے متعدد افراد کا مکہ مکرمہ میں قبولِ اسلام | ۱۳۷ |
| گورنر یمن کے ایرانی سفراء کی بارگاہِ رسالت میں حاضری | 〃 |
| یمن کے گورنر باذان بن بلاش کا قبولِ اسلام | 〃 |
| شاہانِ حمیر کا قبولِ اسلام | ۱۳۹ |
| حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ملوکِ حمیر سے مراسلت | ۱۴۰ |
| حارث و دیگر ابناء کے نام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مکتوب | ۱۴۱ |
| حضرت عیاش بن ربیعہ کی بحیثیتِ سفیر یمن روانگی | 〃 |
| حضرت معاذ بن جبلؓ کی سرکردگی میں ایک وفد کی یمن روانگی | ۱۴۲ |
| اساقفۂ یمن کے نام دعوتِ اسلامی کے خطوط | ۱۴۵ |
| نجران کے پادریوں اور راہبوں کی بارگاہِ رسالت میں حاضری | ۱۴۶ |
| بنو الحارث بن کعب کے پادریوں کے نام ایک اور مکتوب | ۱۴۷ |
| قبیلۂ بنو حارث بن کعب کا قبولِ اسلام | ۱۴۸ |
| بنو حارث بن کعب کے وفد کی دربارِ رسالت میں حاضری | ۱۵۱ |
| حضرت عمرو بن حزمؓ کی بحیثیت عامل یمن روانگی | ۱۵۱ |
| حضرت عمرو بن حزمؓ کے حالاتِ زندگی | ۱۵۲ |


Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مقدمہ

منصب رسالت اور اس کے مقام سے کوئی ذی شعور مسلمان ناواقف نہیں،
اللہ کے بھیجے ہوئے رسول کی رسالت کا اقرار جہاں ایمان کی اوّلین شرط ہے۔ وہاں
اس کی اطاعت اور اس کے احکام کی بے چون وچرا پابندی بھی فرض ہے۔ امتِ مسلمہ
کی طرف بھیجے ہوئے آخری رسولؐ معلّم انسانیت، ہادیٔ کائنات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی صرف اتنی ہی ذمّہ داری نہ تھی کہ اللہ تعالیٰ کی کتاب اس کے بندوں تک پہنچا دیں
بلکہ آپ کے منصب میں یہ بھی داخل تھا کہ اپنے اسوۂ حسنہ کے ذریعے شریعتِ الٰہی کی تشریح
وتوضیح کریں اور اپنے اقوال کے ذریعے اس کے احکام کی تفصیل بیان کریں اور اپنی پسند
ناپسند کے اظہار سے اشیاء کی حلت وحرمت کو متعین کریں۔ آپ کی زندگی کا ایک ایک
جزو شریعت کے اجمالی احکام کی تفصیل و وضاحت تھا۔ حتیٰ کہ کسی کام کو دیکھ کر آپ کا خاموش
رہنا بھی زبانِ حال سے اس امر پر دلالت کرتا تھا کہ شریعت نے اس کے کرنے کی اجازت
دی ہے۔ مختصر لفظوں میں یوں کہا جاسکتا ہے کہ شریعتِ مطہرہ کو سمجھنے کا سارا دار و مدار
حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قول وفعل اور آپ کے سکوت پر منحصر تھا۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید
نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کو حقیقتاً اللہ تبارک وتعالیٰ کی اطاعت قرار دیا ہے
ارشاد ہے:

وَمَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ[1] — جس نے حکم مانا رسول کا اس نے حکم مانا اللہ کا

وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا[2] — اگر تم اس کا کہا مانو تو راہ پاؤ۔

---

[1] سورۃ النساء ع ۱۱

[2] سورۃ النور ع ۱۳

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صحابۂ کرام سے زیادہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقصدِ بعثت اور مقامِ رسالت سے کون واقف ہو سکتا ہے۔ وہ آپؐ کی ایک ایک ادا کو نظر میں رکھتے تھے اور یہی وجہ ہے کہ انہوں نے روزِ اوّل سے ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال اور اعمال کو یاد کرنا اور محفوظ رکھنا شروع کر دیا تھا۔ ایک طرف انہوں نے ان تشریعی احکام و مسائل کو جن کی وضاحت حضور صلی اللہ علیہ وسلم خود بنفسِ نفیس فرماتے تھے، اپنے سینہ میں جگہ دی۔ دوسری طرف آپؐ کے ایک ایک عمل کو نگاہ میں رکھا بلکہ صحابہ کی ایک جماعت نے تو دنیا کے سارے بکھیڑے چھوڑ کر اپنا مقصود ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہر وقت حاضری بنا لیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حالاتِ زندگی جس قدر شرح و بسط کے ساتھ آج موجود ہیں اس کا عشرِ عشیر بھی کسی بڑے سے بڑے انسان کا موجود نہیں ہے۔

مولانا شبلی نعمانی بڑے فخر سے "سیرۃ النبیؐ" کے مقدمہ میں لکھتے ہیں :

تمام اربابِ مذاہب میں سے ہر ایک کو اپنا مذہب اسی قدر عزیز ہے جس قدر دوسرے کو ہے۔ اس لئے اگر بے پردہ یہ سوال کیا جائے کہ دنیا میں کون ہستی تھی جس میں جامعیتِ کبریٰ کا وصف نمایاں تھا تو ہر طرف سے مختلف صدائیں آئیں گی۔ لیکن اگر یہی سوال اس پیرایہ میں بدل دیا جائے کہ دنیا میں وہ کون شخص گذرا ہے جس کا زمانۂ زندگی اس طرح قلم بند ہوا کہ ایک طرف وسعت اور تفصیل کے لحاظ سے یہ حالت ہے کہ اقوال و افعال وضع، قطع، شکل و شباہت، رفتار و گفتار، مذاقِ طبیعت، اندازِ گفتگو، طرزِ زندگی، طریقِ معاشرت کھانے پینے، چلنے پھرنے، اٹھنے بیٹھنے، سونے، جاگنے، ہنسنے بولنے کی ایک ایک ادا محفوظ رہ گئی تو اس سوال کے جواب میں صرف ایک صدا بلند ہو سکتی ہے (محمد عربی

فدیتہ بابی وامی صلی اللہ علیہ وسلم

صحابہ نے جس ذوق و شوق محنت اور لگن سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حالاتِ زندگی اور آپ کے اقوال و افعال کو جمع کیا تھا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ کی حیاتِ طیبہ

---

لہ شبلی نعمانی، سیرۃ النبی (دار المعارف اعظم گڑھ) ص۵ مقدمہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



ایک مستقل علم کی حیثیت اختیار کر گئی اور امتِ مسلمہ کا ایک انبوہِ کثیر اس بحرِ بیکراں کی غواصی میں لگ گیا اور اس طرح تاریخِ انسانی کا حدیث جیسا عظیم الشان علم معرضِ وجود میں آگیا جس کی وسعت اور ہمہ گیری کا مقابلہ کوئی علم نہیں کر سکتا۔

صحابہ کے بعد تابعین کے دور میں مشتاقانِ علمِ نبوی میں دس گنا اضافہ ہوا جو عہد مابعد میں اسی رفتار سے بڑھتا ہی چلا گیا۔ ان مبارک نفوس کی کوششوں سے علمِ حدیث مدوّن ہوا، اس کی تبویب کی گئی۔ مختلف عنوانات کے تحت اس کو مرتب کیا گیا۔ تنقیدِ روایت کے اصول قائم ہوئے، نئے نئے عنوانات تلاش کئے گئے۔ بعض نے اپنی سہولت کی خاطر جس طرح مناسب سمجھا بغیر کسی خاص ترتیب کے احادیث کو جمع کر دیا۔ بعض نے یہ ترتیب ملحوظ رکھی کہ ہر صحابی کے نام کے تحت اس کی روایت کردہ حدیثیں جمع کر دیں۔ بعض نے فقہی ابواب پر احادیث کو تقسیم کیا۔ بعض نے حدیث کے مشکل اور لغوی مقامات کی طرف توجہ کی اور ان کو جمع کیا۔ بعض نے یہ التزام کیا کہ اپنی کتاب میں صرف وہ احادیث جمع کر دیں جو ہر اعتبار سے قابلِ اعتماد ہوں اور ثقاہت کے اعلیٰ معیار پر پوری اتریں۔ بعض نے خاص موضوع پر مشتمل احادیث کو الگ جمع کر دیا۔ مثلاً وہ حدیثیں ایک کتاب کی شکل میں جمع کر دیں۔ جن میں کسی کام کی ترغیب دی گئی تھی یا کسی کام سے روکا گیا تھا۔ بعض نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اور ذاتی زندگی کو اپنا موضوع بنایا۔ چنانچہ شمائلِ نبوی کے عنوان سے احادیث الگ کیں۔ بعض نے آپ کے غزوات کی تفصیل پر مشتمل احادیث کو یکجا کر دیا۔

غرض یہ کہ اتنے گوناگوں عنوانات قائم کئے گئے کہ ان کی تفصیل کے اظہار کے لئے دفتر کے دفتر درکار ہیں۔ ان عنوانات میں سے ایک خاص عنوان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مکاتیب کی جمع و تدوین ہے۔ اور محدث ابو جعفر محمد بن ابراہیم الدیبلی ۳۲۲ھ کو یہ شرف حاصل ہے کہ مکاتیب کے موضوع پر دستیاب باقاعدہ کتابوں میں ان کی کتاب کو اولین کتاب کی حیثیت حاصل ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



**علامہ ابوجعفر الدیبلی** تیسری صدی کے مشہور و معروف عالم ہیں۔ یہ امام طحاوی اور مصنفینِ صحاح ستہ کے معاصر تھے۔ اسماء رجال کی متعدد کتابوں میں محدثین کے ضمن میں ان کا تذکرہ ملتا ہے لیکن اتنا ہی جتنا کہ ایک محدث کے تعارف کے لئے اس زمانے میں معمول تھا۔ یعنی نام و نسب اور وطن کا ذکر، اساتذہ اور تلامذہ کے نام سنہ وفات اور شغلِ علمی۔ اس سے زیادہ کچھ نہیں، چنانچہ جو کچھ مل سکا ہدیۂ ناظرین ہے۔

**نام و نسب** محمدؐ نام، ابوجعفر کنیت اور نسبت دیبلی ہے۔ شجرۂ نسب یہ ہے ابوجعفر محمد بن ابراہیم بن عبداللہ الدیبلی المکی [۲]۔

**ولادت** سنہ ولادت مذکور نہیں اس لئے وثوق سے کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ کب پیدا ہوئے۔ تاہم ان کے شیوخ میں محدث حسین بن الحسن المروزی کا ذکر آتا ہے، جن کا انتقال ۲۴۶ھ میں ہوا ہے [۳]۔ محدث ابوجعفر الدیبلی نے غالباً مکہ مکرمہ میں ان سے علمِ حدیث کی تحصیل کی ہے۔ اس لئے ظاہر ہے کہ ۲۴۶ھ سے پہلے پہلے یہ اس قابل ہو چکے تھے کہ ان سے عبداللہ بن المبارک کی کتاب "البر والصلۃ" کا سماع کر سکیں۔ اس حساب سے غالباً گمان یہ ہے کہ یہ کم از کم ۲۳۰ھ یا اس کے لگ بھگ پیدا ہوئے ہیں۔ نسبت چونکہ دیبلی ہے اس لئے بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ "دیبل" یا

---

[۱] تاریخ ادبیات ہند و پاک جو پنجاب یونیورسٹی سے شائع ہوئی ہے، اس کے دوسرے باب میں ابوجعفر الدیبلی کا تذکرہ ہے، لیکن اس میں ابوجعفر کو محمد بن ابی جعفر تحریر کیا گیا ہے جو درست نہیں ہے کیونکہ ان کا اصلی نام محمد ہے اور کنیت ابوجعفر ہے اور والد کا نام ابراہیم ہے۔

[۲] السمعانی، ابوسعید عبدالکریم بن محمد بن منصور التمیمی ۵۶۲ھ۔ کتاب الانساب الہند، حیدر آباد دائرۃ المعارف۔ تذکرہ ابراہیم بن محمد بن عبداللہ۔

[۳] ابن حجر احمد بن علی بن حجر العسقلانی ۸۵۲ھ، تہذیب التہذیب، الہند، حیدر آباد، دائرۃ المعارف النظامیہ ۱۳۲۵ھ

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کے اطراف کے کسی گاؤں میں پیدا ہوئے ہیں۔ بعد میں یہ مکہ منتقل ہو گئے تھے۔ چنانچہ یاقوت الحموی المتوفی ۶۲۶ھ نے ان کے تذکرہ میں لکھا ہے :

جاور بمکۃ یعنی مکہ میں جا کر بس گئے تھے[1]۔

علامہ ابو جعفر الدیبلی کے بچپن کے حالات پردۂ اخفا میں ہیں تاہم دیبل جائے پیدائش ہونے کی بنا پر یہ بات ظاہر ہے کہ موصوف نے ابتدائی تعلیم دیبل میں ہی حاصل کی ہوگی اور پھر علم حدیث کی مزید تکمیل کے لئے مکہ مکرمہ کا سفر اختیار کیا ہوگا۔ مؤرخین نے آپ کے جن شیوخ[2] کا تذکرہ کیا ہے۔ ان کے اسماء گرامی یہ ہیں :

۱ - محدث حسین بن الحسن بن حرب السلمی بن عبداللہ المروزی المتوفی ۲۴۶ھ۔ علامہ ابو جعفر الدیبلی نے ابن مبارک کی "کتاب البر والصلۃ" اُن ہی سے روایت کی ہے۔

۲ - محدث محمد بن زنبور بن ابی الازہر ابو صالح المکی

۳ - سعید بن عبدالرحمٰن بن حسان ابو عبید المخزومی المتوفی ۲۴۹ھ۔ علامہ ابو جعفر ان سے ابن عیینہ کی کتاب التفسیر روایت کرتے ہیں[4]۔

۴ - محدث محمد بن احمد بن یزید بن عبداللہ القرشی الجمحی ابو یونس المدنی المتوفی ۲۵۵ھ[3] مکاتیب النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر مشتمل دیبلی کا جزء انہی کی سند سے مروی ہے۔

---

[1] الحموی یاقوت بن عبداللہ الرومی ۶۲۶ھ، معجم البلدان (مصر مطبعۃ السعادۃ ۱۳۲۴ باب دیبل)

[2] الانساب، باب الدیبلی / معجم البلدان باب دیبل / الذہبی ابو عبداللہ محمد بن احمد بن عثمان ۷۴۸ھ، تذکرہ الحفاظ، طبع دائرۃ المعارف / ابن العماد عبدالحی الحنبلی ۱۰۸۹ھ، شذرات الذہب فی اخبار من ذہب باب من توفی سنۃ اثنتین وعشرین وثلاث مائۃ

[3] المزی حافظ ابو الحجاج جمال الدین المزی ۷۴۲ھ تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، تہذیب التہذیب تذکرۃ ابو یونس المدینی۔

[4] تاریخ ادبیات ہند و پاک میں تحریر ہے کہ ابو جعفر الدیبلی نے کتاب التفسیر اور کتاب البر والصلۃ پر حاشیہ تحریر کیا یہ بات درست نہیں اس زمانہ میں تحشیہ کا دستور نہیں تھا۔ ابو جعفر دیبلی نے ہر دو کتابیں مذکورہ حضرات سے روایت کی ہیں۔ ملاحظہ ہو تاریخ ادبیات ج ۲ ص ۵۳

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


۵۔ محدث عبدالحمید بن صبیح[1]۔

ان کے تلامذہ کی فہرست میں درج ذیل حضرات کے نام ملتے ہیں:

۱۔ حافظ ابوعلی النیشاپوری[2]

۲۔ ابوالحسن احمد بن ابراہیم بن فراس المکی[3]۔

۳۔ حافظ ابوبکر محمد بن ابراہیم بن علی المقری[4]

۴۔ محدث اسحٰق بن احمد بن خربان النہاوندی[5]

۵۔ محدث احمد بن دحیم[6]

۶۔ محدث احمد بن عبداللہ بن سعید ابوالعباس الدیبلی

علامہ ابوجعفر الدیبلی کے جزو "مکاتیب الرسول" کو روایت کرنے کا شرف مشہور حافظ حدیث ابوعلی النیشاپوری کو حاصل ہے۔ محدث دیبلی کی مرویات میں اب صرف "جزء الدیبلی" ہی موجود ہے۔ حدیث کی کتابوں میں ایک آدھ روایت دیبلی کی بھی مل جاتی ہے۔ چنانچہ ذہبی نے "تذکرۃ الحفاظ" میں حافظ الحمش ہمدانی کے تذکرہ میں ایک اور حدیث نقل کی ہے اس کے راویوں میں بھی ابوجعفر الدیبلی کا نام شامل ہے۔ اسی طرح حافظ ابن عبدالبر نے احمد بن دحیم کے حوالے سے ابوجعفر کی ایک اور حدیث

---

[1] مشتبہ النسبۃ، باب الدیبلی

[2] جزء دیبلی

[3] الانساب و معجم البلدان، باب دیبل، تذکرۃ الحفاظ، ترجمہ ابن حباب القرطبی۔

[4] السمعانی للسمعانی

[5] عبدالغنی المصری، المؤتلف والمختلف باب خربان و خرباق

[6] ابوعمر یوسف بن عبداللہ النمری القرطبی ۴۶۳ھ جامع بیان العلم از رجال السند والهند للقاضی اطہر مبارک پوری ص ۲۰۵

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بھی روایت کی ہے

**اولاد** ان کی اولاد میں موصوف کے ایک صاحبزادے ابراہیم بن محمد بن ابراہیم الدیبلی کا ذکر ملتا ہے۔ یہ بھی محدث تھے۔ ان کے اساتذہ میں موسیٰ بن ہارون اور محمد بن علی الصائغ کا ذکر آتا ہے۔ ابراہیم کا شمار چوتھی صدی کے محدثین میں ہے۔

**وفات** علامہ ابوجعفر الدیبلی کے شیوخ کے تذکرے اور ان کی تاریخ وفات سے اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے طویل عمر پائی ہے۔ مؤرخین نے ان کی تاریخ وفات جمادی الاول ۳۲۲ھ نقل کی ہے

**تصانیف** ان کی باقیات صالحات میں صرف اسی "جزء" کا پتہ چلتا ہے۔ محدث ابوجعفر الدیبلی نے اس جزء میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پچیس مکتوب جمع کئے ہیں۔ تمام کے تمام مکتوب حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں۔ یہ مختلف موضوع سے متعلق ہیں۔ بعض ان میں جاگیر کے وثیقے ہیں، بعض امان نامے ہیں بعض میں دیگر احکامات ہیں۔ ان میں ایک تفصیلی ہدایت نامہ بھی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کے لئے اس وقت تحریر کروایا تھا جب ان کو یمن کا حاکم مقرر کرکے بھیجا جا رہا تھا۔

**حافظ ابن طولون** محدثین میں اس جزء کی روایت متداول رہی ہے۔ چنانچہ قرونِ متاخرہ میں اس کی حفاظت اور اس کی روایت کا سہرا حافظ شمس الدین محمد بن علی بن طولون کے سر ہے۔ حافظ ابن طولون دسویں صدی کے مشہور مؤرخ، محدث اور حافظِ حدیث ہیں۔ یہ اپنے دور کے بڑے بلند پایہ مصنف گزرے ہیں۔ چھ سو کے قریب ان کی تصانیف یادگار ہیں۔ ان میں ان کی خود نوشت سوانحِ حیات بھی شامل ہے جس کا نام "الفلک المشحون فی احوال ابن طولون" ہے۔ اس کتاب میں انہوں نے اپنی تصنیف کا تفصیلی تعارف کرایا ہے۔ حال میں دمشق سے ان کی متعدد تصانیف شائع ہو چکی ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com


کثرتِ تصانیف کے اعتبار سے یہ علامہ جلال الدین السیوطی کے ہم پایہ ہیں ۔

### اعلام السائلین

حافظ ابن طولون کی تصانیف میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مکاتیب پر مشتمل ایک رسالہ بھی ہے ۔ اس رسالہ کا نام ہے" اعلام السائلین عن کتب سید المرسلین" اس رسالے میں حافظ ابن طولون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ مکاتیب جمع کئے ہیں جو آپ نے تبلیغی نقطۂ نظر سے مختلف فرمارروایانِ مملکت اور دیگر اہم شخصیتوں کے نام تحریر کروائے تھے ۔ خوش قسمتی سے حافظ ابن طولون نے اپنی اس کتاب کے آخر میں محدث ابو جعفر الدیبلی کا مکاتیب النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر مشتمل جزء بھی نقل کردیا ہے ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ محدث ابو جعفر الدیبلی کا یہ جزء دسویں صدی تک متداول اور متعارف تھا ۔ علامہ ابن طولون نے اس کو مکمل سند کے ساتھ روایت کیا ہے ۔ سند کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کے خاندان میں یہ توارث کے ساتھ نقل ہوتا چلا آیا ہے ۔ ابو جعفر الدیبلی نے دو واسطوں کے ساتھ اس کو حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کے پڑپوتے عبد الملک سے روایت کیا ہے ۔

علامہ ابن طولون کے رسالہ" اعلام السائلین عن کتب سید المرسلین" کا قلمی نسخہ کتب خانہ ظاہریہ دمشق میں خود مصنف کے قلم کا لکھا ہوا محفوظ ہے ۔ مشہور فاضل ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے اس کو دیکھا ہے اور جابجا اس سے استفادہ کیا ہے ۔ ہماری بھی یہ کوشش تھی کہ اعلام السائلین کے اس حصہ کا فوٹو دمشق سے منگالیں جو ابو جعفر الدیبلی کے جمع کردہ مکاتیب سے متعلق ہے لیکن فی الحال ایسا ممکن نہ ہوسکا ۔ اس وقت ہمارے پیش نظر علامہ ابن طولون کی کتاب" اعلام السائلین" کا وہ نسخہ ہے جو مکتبۃ القدسی والبدیر دمشق سے ۱۳۴۸ھ میں شائع ہوا ہے ۔ اس مکتبہ نے علامہ ابن طولون کی متعدد کتابیں شائع کی ہیں ۔ مکتبہ کی یہ کوشش قابلِ ستائش ہے لیکن جس اہتمام سے اس مکتبہ نے

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامہ ابن طولون کی کتابوں کی اشاعت کی ہے وہ اہتمام اس کی تصحیح میں ملحوظ نہیں رکھا ہے اس لئے کتاب میں بکثرت غلطیاں رہ گئی ہیں اور غلطیاں بھی اتنی موٹی موٹی کہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے۔ اصل نسخے کی عدم موجودگی میں ان غلطیوں کی اصلاح جس قدر مشکل کام ہے۔ اس کا اندازہ ہر شخص کر سکتا ہے۔

جزء الدیبلی کا اصل نسخہ چونکہ ہمارے پاس نہیں تھا اس لئے اس کی تصحیح میں ہم نے یہ اہتمام کیا کہ احادیث کی دیگر کتابوں میں ہر مکتوب کے متن کو تلاش کیا۔ تحقیق و جستجو سے مظان اور غیر مظان دونوں میں ہمیں جزء الدیبلی میں مذکورہ مکاتیب کی ایک بڑی تعداد مل گئی۔ اسی طرح کتبِ لغت و جغرافیہ اور غریب الحدیث اور اسماء الرجال کی کتابوں میں بھی جزوی یا کلی طور پر ان مکاتیب سے متعلق نہایت مفید معلومات ملیں۔ ائمہ لغت جس انداز سے ان مکاتیب کے الفاظ کا ذکر کرتے ہیں ان سے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان مکاتیب سے ائمہ لغت نے خصوصی اعتناء کیا ہے اور یہ مکاتیب خاصے متداول رہے ہیں۔ ان مکاتیب پر کام کرنے سے یہ حقیقت بھی سامنے آئی کہ بعض صحابہ کا تذکرہ صرف اس بناء پر تاریخ میں محفوظ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے مکتوب تحریر کروایا تھا۔ چنانچہ تراجم صحابہ کی مشہور کتابیں "الاستیعاب"، "اسد الغابہ" اور "الاصابہ" میں بعض صحابہ کے حالاتِ زندگی میں صرف یہ تحریر ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے فلاں مکتوب تحریر کروایا بس اس سے آگے ان صحابی کے بارے میں کوئی تفصیل نہیں ہے۔ اسی طرح کتبِ لغت و جغرافیہ میں بعض مقامات کی تشریح کے ذیل میں صرف یہ تحریر ہے کہ وہ موضع ہے جو حضور صلی اللہ علیہ نے فلاں صحابی کو عطا کیا۔

محدث ابو جعفر الدیبلی کے مذکورہ جزء سے قبل بھی متعدد اصحابِ علم نے اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے اور اربابِ تاریخ و حدیث نے اس ذیل میں متعدد تصانیف

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


کی نشاندہی کی ہے ۔ چنانچہ مؤرخ ابن ندیم نے "الفہرست" میں علامہ ابو الحسن علی بن محمد بن عبداللہ بن ابی سیف المدائنی ۲۱۵ھ کی مکاتیب کے موضوع پر چند تصانیف کا ذکر کیا ہے جن کے نام درج ذیل ہیں :

۱ ۔ کتاب عہود النبی صلی اللہ علیہ وسلم
۲ ۔ کتاب رسائل النبی صلی اللہ علیہ وسلم
۳ ۔ کتاب کتب النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی الملوک
۴ ۔ کتاب اقطاع النبی صلی اللہ علیہ وسلم
۵ ۔ کتاب صلح النبی صلی اللہ علیہ وسلم
۶ ۔ کتاب من کتب لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کتاباً واماناً ۔[۱]

یہ کتابیں فی الوقت تو ناپید ہیں لیکن حافظ ابن حجر عسقلانی کے دور تک یہ متداول اور معروف تھیں ۔ اور خود حافظ صاحب نے اپنی تصنیف الاصابہ میں کتاب "رسائل النبی" سے استفادہ کیا ہے ۔[۲]

اسی طرح مشہور مؤرخ حافظ شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن سخاوی ۹۰۲ھ نے اپنی کتاب "الاعلان بالتوبیخ لمن ذم التاریخ" میں "عمارہ بن زید" کی ایک تالیف کا تذکرہ کیا ہے جس کا عنوان تھا "مکاتباتہ صلی اللہ علیہ وسلم للاشراف والملوک ولغیرھم"[۳]

"ڈبلوماسیۃ محمد صلے اللہ علیہ وسلم" کے فاضل مصنف "عون الشریف قاسم" نے اپنی کتاب کے مقدمہ میں مکاتیب کے موضوع پر مستقل کتب کی نشاندہی کرتے ہوئے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی اس موضوع پر ایک تصنیف کا بھی ذکر کیا ہے ۔ چنانچہ

---

[۱] الفہرست ص۱۵۳ و ۱۵۴ ۔
[۲] ڈبلوماسیۃ محمد ص۳
[۳] ص ۹۲

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



وہ لکھتے ہیں

| | |
|---|---|
| وللمصادر حافلة بالاشارات الی المحاولات المبكرة لجمع نصوص هذه الوثائق فی کتب منفصلة فقد ذکر الواقدی فی حدیثه عن کتاب النبی صلی الله علیه وسلم الی المنذر بن ساوی باسناد له عن عکرمة الذی قال وجدت هذا الکتاب فی کتب ابن عباس بعد موته[1] | مصادر میں کثرت سے ان ابتدائی کوششوں کی طرف اشارات ملتے ہیں جو مکاتیب کو علیحدہ کتابی صورت میں مدوّن کرنے کے سلسلے میں کی گئی ہیں۔ چنانچہ واقدی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے منذر بن ساوی کے نام مکتوب کا تذکرہ باسناد عکرمہ کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔ "مجھے یہ مکتوب حضرت عباس کی تحریرات میں ملا تھا۔ |

لیکن ہمارے خیال میں واقدی کے مذکورہ بیان سے یہ تو ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے کچھ تحریرات یادگار چھوڑی تھیں لیکن اس عبارت سے یہ ثابت کرنا کہ ان کی مکاتیب کے موضوع پر کوئی مستقل تالیف بھی تھی، ثبوت طلب ہے۔

اسی طرح ڈاکٹر حمید اللہ صاحب اور عون الشریف قاسم دونوں فضلاء نے مکاتیب کے موضوع پر ابتدائی تصانیف گنانے ہوئے ایک کتاب کا تذکرہ کیا ہے جس کو یزید بن ابی حبیب المصری نے ایک قابلِ اعتماد شخص کے ہاتھ امام زہری کی خدمت میں بھیجا تھا۔ چنانچہ ڈاکٹر صاحب رقمطراز ہیں:

| | |
|---|---|
| وهناك کتاب آخر شاع فی حیاة الامام الزهری (المتوفی سنة ۱۲٤) فبعث له یزید بن ابی حبیب المصری الی ابن شهاب الزهری مع ثقة من | یہاں ایک اور کتاب کا تذکرہ بھی ضروری ہے جو امام زہری ۱۲۴ھ کی زندگی میں متداول تھی اور جسے یزید بن ابی حبیب نے ایک ثقہ شخص کے ہاتھ امام زہری کی |

[1] مقدمہ صلا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com


اهل بلده فعرفه ولم ینکره[1]

خدمت میں پیش کیا تھا اور امام موصوف نے اس کی توثیق کی تھی۔

ہماری ناقص رائے کے مطابق یہ کتاب بھی مکاتیب کی جمع و تدوین کے موضوع سے متعلق نہیں تھی بلکہ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سفراء کے اسماء کی تفصیلی فہرست تھی اور وہ ہدایات درج تھیں جو آپ نے ان سفراء کو بھیجتے ہوئے دی تھیں۔ چنانچہ علامہ طبری لکھتے ہیں:

وحدّثنا ابن حمید قال حدّثنا سلمة قال حدّثنا ابن اسحٰق عن یزید بن ابی حبیب المصری انه وجد کتابا فیه تسمیة من بعث رسول الله صلی الله علیه وسلم الی ملوك الخائبین (کذا) وما قال لاصحابه حین بعثهم فبعث به الی ابن شهاب الزهری مع ثقة من اهل بلده[2]

ہم سے ابن حمید نے بحوالہ مسلم و ابن اسحٰق و یزید بن ابی حبیب المصری بیان کیا ہے ان کو ایک کتاب ملی تھی جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ان سفراء کے اسماء کی تفصیل تھی جن کو آپ نے ملوک عرب و عجم کی طرف روانہ کیا تھا اور وہ ہدایات درج تھیں جو آپ نے روانہ فرماتے وقت ان حضرات کو دی تھیں۔ یزید بن ابی حبیب نے ایک شخص کے ہاتھ اسے امام زہری کی خدمت میں بھیج دیا تھا۔

---

[1] مجموعة الوثائق السیاسیة، مقدمه ص۱۱ و دبلوماسیة محمد مقدمة ص۱۱

[2] تاریخ الامم والملوك ج ۲ ص ۲۸۹

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صلی اللہ علیہ وسلم الرسل الی الملوک یدعوھم الی الاسلام وما کتب بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لناس من العرب وغیرھم" کے عنوان سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مکاتیب کی ایک بڑی تعداد یکجا نقل کردی ہے۔ طبقات ابن سعد کا جو نسخہ یورپ کے مستشرقین کے زیر اہتمام بریل سے ۱۳۲۲ھ میں تصحیح و تحشیہ کے ساتھ شائع ہوا ہے سردست اس پوری کتاب کے بارے میں ہم کچھ نہیں کہتے لیکن اس عنوان کے تحت مکاتیبِ نبوی کا جو حصہ جزء دیبلی میں مروی ہے اس کا ہم نے بالاستیعاب مطالعہ کیا ہے اور پھر حدیث و لغت اور جغرافیہ کی کتابوں میں جہاں جہاں یہ مکاتیب ہمیں مل سکے ان سے ملا کر دیکھا ہے تو یہ دیکھ کر سخت حیرت ہوئی کہ یہ محققین جن کے علم و تحقیق کا چار دانگ عالم میں غلغلہ ہے اکثر مکاتیب کی عبارت صحیح نہ پڑھ سکے اور اس لئے نقل عبارت میں ان سے ایسی غلطیاں سرزد ہوئیں جن کو تصحیف و تحریف کا نادر نمونہ کہا جا سکتا ہے۔

مستشرقین کی تحقیقات کے یہ نادر نمونے ناظرین کو موقع بہ موقع آگے چل کر نظر آئیں گے۔

۲: مستقل اور باقاعدہ تصانیف میں محدث ابوجعفر الدیبلی کے "جزء" کے بعد اس موضوع پر جو کتاب ملتی ہے وہ آٹھویں صدی میں قلم بند کی گئی ہے۔ اس کے مؤلف امام ابوعبداللہ محمد بن علی بن حدیدہ الانصاری ہیں۔ ان کی کتاب کا نام "المصباح المضي في كتاب النبي الامي ورسله الى ملوك الارض من عربي وعجمي" ہے۔ اس کتاب کو انہوں نے دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے حصے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کاتبین اور سفراء کا تذکرہ ہے اور دوسرا حصہ مکاتیب پر مشتمل ہے اس میں بیشتر مکاتیب وہ ہیں جو آپ نے مختلف فرمان روایانِ مملکت کو ارسال کیے تھے۔

علامہ چلپی نے "کشف الظنون" میں اس کتاب کی تاریخِ تحریر ذی القعدہ ۷۷۹ھ تحریر کی ہے۔ یہ کتاب ۱۳۴۶ھ میں دائرۃ المعارف العثمانیہ کے تحت زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر شائع ہو گئی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com


۳:۔ ابن حدیدۃ الانصاری کے بعد اس موضوع پر جس نے قلم اٹھایا ہے، وہ حافظ شمس الدین ابن طولون ہیں۔ ان کی کتاب "اعلام السائلین عن کتب سید المرسلین" میں پچیس کے لگ بھگ مکاتیب ہیں۔ محدث ابوجعفر الدیبلی کے جزء کو ملا کر اس میں درج مکاتیب کی کل تعداد پچاس ہو جاتی ہے۔

۴:۔ اس کے بعد یہ موضوع پھر ہندوستان منتقل ہو گیا ہے۔ ٹونک غیر منقسم ہند کی ایک چھوٹی سی ریاست تھی۔ یہاں مسلمان نوابوں کی حکومت تھی۔ یہ علم اور علماء کے قدردان تھے ان میں بعض خود بھی صاحب علم و فضل تھے۔ ان نوابوں میں سے ایک نواب جو مولانا محمد عبدالمنعم خاں کے جد امجد تھے۔ انہوں نے ابن حدیدہ کی "المصباح المضیء" کو سامنے رکھ کر مکاتیب النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کام کیا۔ اور الحلیۃ علی المصباح المضیئۃ کے نام سے ایک کتاب تحریر کی۔ اس کتاب میں انہوں نے "المصباح" میں مذکور مکاتیب کے علاوہ دیگر مکاتیب کا اضافہ بھی کیا۔ اس طرح "الحلیۃ" میں مکاتیب کی کل تعداد چوّن ۵۴ ہو گئی۔ صاحبزادہ محمد عبدالمنعم خاں صاحب "رسالات نبویہ" نے اپنی کتاب میں اس کا تذکرہ کیا ہے۔

۵:۔ صاحب الحلیۃ کے بعد اس موضوع پر لکھنے کی سعادت ان کے پوتے صاحبزادہ محمد عبدالمنعم خاں کے حصہ میں آئی۔ چنانچہ انہوں نے "رسالت نبویہ" کے نام سے ۱۹۳۴ء میں ایک کتاب تحریر کی۔ صاحبزادہ محمد عبدالمنعم خاں حضرت مولانا محمود الحسن خاں ٹونکی المتوفی ۱۳۶۶ھ کے تلمیذ اور تربیت یافتہ تھے۔ ابتدا میں ان کے جد امجد کی کتاب "الحلیۃ" کے ترجمہ کا کام ان کے سپرد ہوا تھا۔ انہوں نے نہ صرف یہ کہ ان مکاتیب کا ترجمہ کیا بلکہ دیگر مکاتیب بھی جستجو کر کے جمع کر لئے اور اس طرح ایک ضخیم کتاب تیار ہو گئی۔ انہوں نے یہ کتاب عربی میں لکھی ہے اور اس کا مکمل اردو ترجمہ بھی ساتھ ہی نقل کر دیا ہے۔ مکاتیب کے ساتھ ساتھ مختصراً مشکل مقامات کی تشریح و توضیح بھی کر دی ہے۔

اردو اور عربی دونوں میں ضخامت اور کثرت مکاتیب کے لحاظ سے یہ پہلی جامع

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کتاب ہے۔ یہ ۱۹۳۶ء میں دلّی پرنٹنگ پریس دہلی سے شائع ہوئی تھی۔

۶۔ ان کے بعد اس موضوع پر جس کو قلم اٹھانے کا شرف حاصل ہوا وہ ہندوستان کے مشہور فاضل ڈاکٹر حمید اللہ ہیں۔ آپ نے سب سے پہلے پی۔ ایچ۔ ڈی کے مقالے کے تحت عہدِ نبوی اور عہدِ خلافتِ راشدہ کے تحریر شدہ وثائق جمع کئے تھے۔ اور ان کی سیاسی اور تاریخی اہمیت پر گفتگو کی تھی۔ ڈاکٹر صاحب کا یہ مقالہ فرانسیسی زبان میں تھا اور ۱۹۳۵ء میں زیر عنوان DOCUMENTS SURLA DIPLOMATE MUSLMANE پیرس سے شائع ہوا تھا۔ ۱۹۳۵ء میں ڈاکٹر صاحب نے اس مقالے میں ذکر کردہ مکاتیب کو مزید تحقیق و اضافہ کے ساتھ عربی کا جامہ پہنا کر "مجموعة الوثائق السياسية للعهد النبوي والخلافة الراشدة" کے نام سے مصر سے شائع کیا۔ اس کتاب کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی اور حال ہی میں اس کا تیسرا ایڈیشن شائع ہوا ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے اس کتاب کی ترتیب و تزئین میں جس قدر عرق ریزی کی ہے وہ بلاشبہ ایک قابلِ قدر کارنامہ ہے۔ انہوں نے نہایت محنت اور توجہ سے یہ مکاتیب جمع کئے ہیں۔ یورپ اور اسلامی ممالک کی بڑی بڑی لائبریریوں کی قلمی اور مطبوعہ کتابوں کا اس سلسلے میں جائزہ لیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کو اپنی عالمگیر شہرت اور پیرس میں اقامت کی بناء پر بہت سی ایسی کتابوں تک رسائی حاصل ہے جسے دیکھنے کو دوسروں کی نگاہیں ترستی ہیں یہی وجہ ہے کہ جہاں تک حوالوں کا تعلق ہے ڈاکٹر صاحب کی کتاب اس سلسلے میں مالامال ہے۔ ہر مکتوب میں وہ اس بات کی کوشش کرتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ ماخذ کا تذکرہ کریں۔ ڈاکٹر صاحب کی یہ کوشش یقیناً قابلِ قدر ہے لیکن بصد احترام یہ عرض ہے کہ ہمیں اس کتاب میں ایک کمی بڑی شدت سے محسوس ہوئی اور وہ یہ کہ ڈاکٹر صاحب نے کثرتِ مصادر تک رسائی کے باوجود مکاتیب کی صحت کی طرف توجہ نہیں دی۔ وہ مختلف نسخوں کے اختلاف کو بالالتزام ذکر کرتے ہیں لیکن یہ اختلاف کیوں ہے اور اس میں کس نسخے کا متن صحیح

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کے بارے میں کوئی تصریح نہیں کرتے پھر مزید یہ کہ انہوں نے اکثر جگہ طبقات ابن سعد کے ذکر کردہ متن کو اپنی کتاب میں اصل متن کی حیثیت سے نقل کیا ہے۔ اور دیگر کتابوں میں روایت کردہ متن کے فرق کو بیان کرنے پر اکتفا کیا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ متعدد مقامات پر یہ غلط متن اصل قرار پا گیا ہے۔ اگر ڈاکٹر صاحب اس پہلو سے اپنی کتاب پر توجہ فرما لیتے تو یقیناً ان کی کتاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مکاتیب کے سلسلے میں ایک مستند ماخذ قرار پاتی۔

ایک تسامح ڈاکٹر صاحب سے یہ ہوا ہے کہ مکاتیب کی جمع و ترتیب کے سلسلے میں انہوں نے کتب غریب الحدیث سے زیادہ اعتنا نہیں کیا ہے۔ ان کے یہاں لغتِ حدیث کی مشہور کتابیں "النہایہ فی غریب الحدیث والاثر" لابن الاثیر اور "الفائق فی غریب الحدیث" للزمخشری کے معدودے چند حوالے ملتے ہیں۔ اگر ڈاکٹر صاحب کتب غریب الحدیث سے مراجعت فرما لیتے تو بڑی حد تک ان کی کتاب کی تصحیح ہو جاتی۔ ڈاکٹر صاحب نے مکاتیب میں مذکورہ بعض الفاظ کی تشریح لسان العرب اور دوسری کتابوں کی مدد سے کی ہے اور انہیں حروفِ تہجی پر مرتب کرکے آخر میں ضمیمہ کی صورت میں کتاب کے ساتھ منسلک کر دیا ہے لیکن یہ بھی ایک سرسری کام ہے۔

ہمارا یہ منصب ہرگز نہیں کہ ڈاکٹر صاحب پر کسی قسم کا نقد و تبصرہ کریں، وہ ہمارے لئے ہر لحاظ سے قابلِ احترام ہیں۔ ان کی سادگی، دین سے محبت اور علم میں مکمل انہماک ہم جیسے مبتدیوں کے لئے راہ عمل ہے۔ لیکن ڈاکٹر صاحب کی کتاب کو جو شہرت حاصل ہے اس کے بعد ہمارا یہ دینی علمی فریضہ تھا کہ ہم اس سلسلے میں جو کچھ محسوس کریں بلا کم و کاست بیان کر دیں۔

۷ :۔ اس موضوع پر موجودہ دور میں سب سے زیادہ تفصیلی کتاب مکاتیب الرسول ہے جو ایرانی فاضل علی بن حسین علی احمدی کی تالیف ہے۔ یہ کتاب ۱۳۷۹ھ میں مطبع علمیہ قم ایران

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے شائع ہوئی ہے۔ یہ عربی زبان میں متوسط التقطیع کی دو جلدوں میں ہے۔ مصنف نے مکاتیب کی جمع و ترتیب کے ساتھ ساتھ ان کی شرح اور مشکل مقامات کی توضیح بھی کی ہے اگرچہ بہت سی جگہ ان کی تحقیقات صحیح نہیں ہے تاہم یہ ایک قابلِ قدر کوشش ہے۔ افسوس ہے کہ مثالبِ صحابہ کی ناگوار بحث سے یہ کتاب داغدار ہے۔

۸:۔ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ کے تیسرے ایڈیشن کے مقدمہ میں مجلّہ معہد المخطوطات جامعۃ الدول العربیہ کے حوالہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مکاتیب پر مشتمل ایک مخطوطہ کا تذکرہ کیا ہے۔ اس مخطوطہ کے نام اور مصنف کا پتہ نہیں چل سکا یہ مخطوطہ ۱۲ ورق پر مشتمل ہے اور مکتبہ طلعت میں قسم التاریخ نمبر ۱۸۴۵ کے تحت موجود ہے۔ اس کے کاتب کا نام احمد رفعت، اور سن کتابت ۱۲۶۵ ہجری ہے۔ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بعض خلفاء کے مکاتیب اور ان کے جوابات ہیں اور حاشیہ پر ترکی میں ان کی تشریح بھی ہے۔

۹:۔ ۱۹۸۱ء میں ہمیں ترکی کے شہر استنبول جانے کا اتفاق ہوا اور وہاں کے مشہور کتب خانے سلیمانیہ اور کتب خانہ ملت سے استفادہ کا موقع ملا۔ یہ دونوں کتب خانے نادر مخطوطات سے مالا مال ہیں۔ کتب خانہ ملت میں ہمیں ایک مخطوطہ کے مطالعہ کا موقع ملا جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مکاتیب پر مشتمل تھا۔ اس کا نمبر FEYZULLAN EFENDI/2230 ہے اور عنوان میں رسالہ در مکاتیبِ نبوی تحریر ہے اور کاتب کا نام آل عبا احمد مختار بک زادہ علی حیدر ہے اور تاریخ کتابت ۲۶ رجب ۱۳۰۹ھ ہے اور اس میں درج ذیل مکاتیب موجود ہیں:

کتاب محمد رسول اللہ الی کافۃ الناس اجمعین، الی حارث بن شمر، کسریٰ عظیم فارس، النجاشی الاصحم، المقوقس عظیم القبط، المنذر بن ساوی، جیفر و عبد النبی الجلندی، ھرقل عظیم الروم، یوحنہ بن رویہ، اہل اذرح، ابی ضمیرہ، عداء بن خالد وغیرہ۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


علاوہ ازیں اس موضوع پر بعض اور اصحاب نے بھی قلم اٹھایا ہے جن کے اسماء گرامی درج ذیل ہیں

۱ - محمد عبد الجلیل - فرمانِ نبوت، حیدر آباد دکن مطبع شوکتِ اسلام

۲ - مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی، بلاغِ مبین، مکاتیب سید المرسلین دہلی

۳ - محبوب رضوی، رسول اللہ علیہ وسلم کے مکتوبات و معاہدات

۴ - عون قاسم الشریف، دبلوماسیۃ محمد، سودان

محمد عبد الشهید نعمانی
اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ عربی
کراچی یونیورسٹی
۲۷ ربیع الثانی ۱۴۰۶ھ

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هٰذا كتاب من محمد رسول اللہ - صلی اللہ علیہ وسلم لعُظیم بن الحارث المحاربی ان له فجا لا یحاقه فیها احد - وکتب الارقم

## حضرت عظیم بن الحارث المحاربی کے نام

یہ تحریر ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے عظیم بن الحارث المحاربی کے حق میں کہ "فج" ان کا ہے۔ اس میں کوئی دوسرا اپنا حق نہیں جتائے گا۔ کاتب ارقم

**حضرت عظیم بن الحارث المحاربی رضی اللہ عنہ** ارباب تاریخ و سیر کا اس پر اتفاق ہے کہ ان کا نام عُظَیْم بروزنِ حُسین تصغیر کے ساتھ ہے اور ظا معجمہ سے ہے۔ لیکن حافظ ابن حجر عسقلانی کا رجحان اس نام کے ضبط میں صادِ مہملہ کی طرف ہے۔ چنانچہ ان کے خیال میں یہ عُصیم ہے۔ اور اسی بنا پر انہوں نے ان کا تذکرہ "الاصابہ فی تمییز الصحابہ" اور "المنتبہ" میں اسی نام سے کیا ہے۔ "تبصیر المنتبہ" کے الفاظ ھدیۂ ناظرین ہیں

| | |
|---|---|
| العُصیمی " وبضمّ اوّله من ینسب الی عُصیم بن الحارث بن الظالم الصحابی - قاله الهجری انتهٰی [1] | "عُصیمی" بضم اول، جو حضرت عُصیم بن الحارث بن ظالم صحابی کی طرف منسوب ہے۔ ہجری کا یہی بیان ہے۔ انتہٰی |

ہمارے خیال میں حافظ صاحب کے شبہ کا منشا یہ ہے کہ "نوادر ابی علی الہجری" جس سے انہوں نے حضرت عظیم بن الحارث رضی اللہ عنہ کا تذکرہ نقل کیا ہے اس میں

[1] ص ۱۰۱۳

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com


ظالم کے الف کا شوشہ ساقط ہوگیا اور اس بنا پر حافظ صاحب نے اسے ظالم کے بجائے ص پڑھا اور عُظَیم کے بجائے عُصَیم سمجھا۔

حضرت عظیم بن الحارث المحاربی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ تراجم صحابہ کی کتابوں میں عام طور پر نہیں ملتا ہے۔ چنانچہ حافظ ابن عبدالبر کی کتاب "الاستیعاب" اور حافظ عزالدین ابن الاثیر کی کتاب "اسد الغابہ" ان کے ذکر سے خالی ہیں بعد کے دور میں علامہ ذہبی نے "تجرید اسماء الصحابہ" میں صرف اتنا لکھا ہے

| | |
|---|---|
| عظيم بن الحارث المحاربي كتب له النبي صلى الله عليه وسلم بعطاء [1] | "عظیم بن الحارث المحاربی" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عطاء جاگیر کے سلسلہ میں ان کے لئے فرمان لکھوایا تھا۔ |

ان کے بعد حافظ ابن حجر نے "الاصابہ" میں مزید تفصیل یہ بیان کی ہے

| | |
|---|---|
| عصيم بالتصغير بلا هاء بن الحارث بن ظالم بن حدّاد بن ذهل بن طريف بن محارب بن خصفة المحاربي ذكره ابو علي الهجري في نوادره قال: وقال العباس بن عصيم يفتخر بوفادة ابيه وعمه سواء على النبي صلى الله عليه وسلم فقال ما اسمك؟ فقال عُصَيم وابوه اهدى للنبي صلى الله عليه وسلم | عصیم تصغیر کے ساتھ بغیر ھاء کے ہے (یعنی عصیمہ نہیں ہے) بن حارث بن ظالم بن حدّاد بن ذہل بن طریف بن محارب بن خصفۃ المحاربی۔ ان کا تذکرہ ابو علی الہجری نے اپنی "نوادر" میں کیا ہے وہ لکھتے ہیں کہ عباس بن عصیم اپنے والد اور چچا سوار کی بارگاہِ رسالت میں بصورت وفد حاضری پر فخر کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عصیم سے پوچھا تھا تمہارا کیا نام ہے انہوں نے جواب دیا عصیم |

---

[1] ج ۱ ص ۳۸۳

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



المرتجز فرسه فاثابه علی ذلك الفرعاء ناقته فاولادها عندهم فقال العباس

ان کے والد نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو "مرتجز" نامی اپنی سواری کا گھوڑا بطور ہدیہ پیش کیا تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے عوض میں "فرعاء" نامی اپنی اونٹنی ان کو عطا فرمائی تھی اس اونٹنی کی اولاد ابھی تک ان کے یہاں موجود ہے ۔ چنانچہ عباس نے اس واقعہ کے سلسلہ میں یہ اشعار کہے ہیں

عصیم ابی زار النبی محمدًا ۔۔۔ وعمّی سواء قل هذا التفاخر

حملنا رسول الله ثم اثابنا ۔۔۔ ابی بخیر یسموله کل ناظر

ولما دعی داع لدین محمّد ۔۔۔ وفدنا فمنا کان ایمن زائرہ[1]

۱ - میرے والد عصیم اور میرے چچا سواء نے محمد نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی زیارت کی تو یہ فخر کیا کم ہے

۲ - ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سواری پیش کی تو آپ نے میرے والد کو اس سے بہتر عوض عطا فرمایا کہ جس کو دیکھ کر ہر شخص سر بلند ہوتا ہے ۔

۳ - جب دینِ محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف داعی نے بلایا تو ہم وفد لے کر چل پڑے اور پھر ہم متبرک زیارت کرنے والے تھے ۔

حضرت عظیم بن الحارث المحاربی رضی اللہ عنہ قبیلہ محارب سے تعلق رکھتے ہیں محارب بہت بڑا قبیلہ ہے جس کے بہت سے خاندان اور شاخیں ہیں۔ حضرت عظیم رضی اللہ عنہ کا تعلق خصفہ بن عیلان کی شاخ سے ہے

## وفد محارب کی دربارِ رسالت میں حاضری

تاریخ کی متعدد کتابوں میں وفد محارب کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری کا ذکر موجود ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وفد محارب سنہ ۱۰ ہجری میں حجۃ الوداع کے موقعہ پر آیا تھا ۔ یہ دس افراد پر مشتمل تھا

---

[1] الاصابہ ترجمہ عصیم

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جس میں حضرت عظیم کے علاوہ ان کے بھائی حضرت سوار رضی اللہ عنہ اور ان کے بیٹے خزیمہ بن سوار رضی اللہ عنہ بھی شریک تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دار رملہ بنت الحارث میں ٹھہرایا تھا۔ ان کے کھانے پینے اور مہمانداری کا انتظام حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے سپرد تھا۔ اور یہ لوگ نہایت خلوص اور ذوق و شوق کے ساتھ اسلام لائے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ہمیں اپنے قبیلے کی طرف سے بھی نائب سمجھئے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عظیم رضی اللہ عنہ کے بھتیجے حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کے چہرہ پر شفقت سے ہاتھ پھیرا تو ان کا چہرہ نور سے دمک اٹھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حسب معمول اس وفد کو بہت کچھ دے دلا کر رخصت کیا۔ ہمارا گمان یہ ہے کہ اسی موقعہ پر مندرجہ بالا فرمان قیدِ تحریر میں آیا ہے۔

حضرت عظیم کے بھائی حضرت سوار بن الحارث رضی اللہ عنہ وہی صحابی ہیں جن سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گھوڑے کا سودا کیا تھا اور یہ اس سودے سے پھر گئے تھے۔ پھر حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں گواہی دی۔ جس کے بعد حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی شہادت دو مردوں کی شہادت کے مساوی قرار پائی۔ یہ مشہور قصہ ہے جس کی تفصیل حافظ ابن حجر نے حضرت سوار رضی اللہ عنہ کے تذکرے میں طبرانی اور ابن شاہین کے حوالے سے نقل کی ہے۔[1]

**فخ** | کتاب کے اصل نسخہ میں فج جیم کے ساتھ لکھا گیا ہے جو صحیح نہیں ہے۔ اصل لفظ فخ خاء معجمہ کے ساتھ ہے جس کے متعلق علامہ مجد الدین ابن الاثیر[2]، یاقوت الحموی[3]، ابن منظور افریقی[4]، ابن کثیر[5]، حافظ حازمی[6]، محمد طاہر پٹنی[7] اور علامہ مرتضیٰ زبیدی[8] سب

---

[1] الاصابہ ترجمہ سوار۔ [2] النہایہ فی غریب الحدیث باب فخ۔ [3] معجم البلدان باب فخ
[4] لسان العرب مادہ فخ۔ [5] البدایۃ والنہایہ ج ۵ ص ۱۴۱، ۳۴۲۔ [6] کتاب الاماکن قلمی ورق ۱۸۱
[7] مجمع بحار الانوار مادہ فخ۔ [8] تاج العروس مادہ فخ۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرات نے بالاتفاق تصریح کی ہے کہ یہ وہ پانی کا تالاب یا چشمہ تھا جسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عظیم بن الحارث المحاربی رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا تھا۔

**لایحاقه فیهااحد** دیبلی کے نسخے میں لا یخافہ غلط چھپ گیا ہے اصل لفظ لا یحاقہ حاء مہملہ اور ق کے ساتھ ہے۔

اس فرمان کا متن اگرچہ ہمیں متداول کتابوں میں دستیاب نہ ہو سکا لیکن لغت اور جغرافیہ کی کتابوں میں اس کے الفاظ کی تشریح موجود ہے۔ حافظ ابن کثیر نے "البدایۃ والنہایہ" میں حضرت ارقم بن ابی الارقم رضی اللہ عنہ کے ذکر میں ابن عساکر کے حوالے سے اس فرمان کی کتابت کا ذکر کیا ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں :

الارقم بن أبی الارقم هوالذی کتب اقطاع عظیم بن الحارث المحاربی بأمر رسول الله صلی الله علیه وسلم بفخ وغیره وذٰلك فیما رواه الحافظ ابن عساکر من طریق عتیق بن یعقوب الزبیری حدثنی عبد الملك بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابیه عن جدّه عمرو بن حزم آه [1]

حضرت ارقم بن ابی الارقم وہ صحابی ہیں جنہوں نے حضرت عظیم بن الحارث المحاربی کے جاگیر کے وثیقے کو جو فخ اور دوسرے مواضع کے متعلق تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے تحریر کیا تھا۔ یہی وہ وثیقہ ہے جس کو حافظ ابن عساکر نے عتیق بن یعقوب الزبیری عبد الملک بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابیہ عن جدّہ عن عمرو بن حزم کی سند سے نقل کیا ہے۔

علامہ ابن کثیر کے اس بیان سے واضح ہوتا ہے کہ یہ فرمان تاریخ ابن عساکر میں بھی موجود ہے۔ اس کے علاوہ حافظ ذہبی کی یہ تصریح پہلے گذر چکی ہے

---

[1] ج ۵ ص ۳۴۱

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عظیم کے لئے عطیہ کا فرمان لکھوایا تھا۔

واضح رہے کہ اس دور کے مشہور محقق جناب ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے جن کا خاص موضوع عہدِ نبوی اور خلافتِ راشدہ کے حالات کی تحقیق ہے، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تحریری وثائق پر ایک گراں قدر کتاب قلم بند فرمائی ہے، جس کا نام ہے "مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ"

جناب موصوف نے اپنی اس کتاب میں یہ التزام کیا ہے کہ وہ اس میں صرف انہی وثائق کو جمع کریں گے جن کے متعلق یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ جائے گی کہ ان کی کتابت عہدِ نبوی میں ہو چکی ہے ورنہ اگر کسی صحابی کے بارے میں صرف اتنی صراحت ملی کہ ان کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جاگیر عطا فرمائی تھی مگر کسی روایت میں اس کے بارے میں تحریر کا ذکر نہ ملا تو وہ اس کو اپنی مذکورہ تصنیف میں ذکر نہیں فرمائیں گے اگرچہ یہ بات اپنی جگہ مسلّم ہے کہ عہدِ نبوی میں جو جاگیریں دی جاتی تھیں وہ تحریری وثیقے کی شکل ہی میں دی جاتی تھیں چنانچہ "مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ" کی تیسری اشاعت کے مقدمہ میں ڈاکٹر صاحب کی تصریح ہے:

| | |
|---|---|
| ومع شوقی الی جمع کل ما نسب من | اور باوجود میرے اس شوق کے کہ میں |
| المکتوبات الی النبی صلی اللہ علیہ | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب تمام |
| وسلم فاننی لم ادون ھھنا | مکاتیب کو جمع کر دوں، میں نے یہاں صرف |
| الا ما ثبت انہ کان مکتوبا وابعدت | انہیں مکاتیب کو جمع کیا ہے جن کے متعلق |
| کل ما لم یصرح المصدر بانہ | یہ ثابت ہو چکا ہے کہ وہ آنحضرت صلی اللہ |
| کان مکتوبا حتی ولو غلب علی ظنی | علیہ وسلم کے نوشتے ہیں اور جس کے مکتوب |
| انہ کان کذلک مثلا ھناک | ہونے کی صراحت کسی مستند ماخذ میں نہیں |
| روایات تثبت الاقطاع ولم تکن | ملی اس کے اندراج سے گریز کیا ہے۔ چاہے |
| الاقطاعات فی عصر النبی صلی اللہ | میرا گمان غالب ہی ہو کہ وہ آنحضرت صلی اللہ |

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علیہ وسلم الا کتابۃ۔ ومع ذلک لم ادخل فی مجموعتی ھذہ الروایات التالیۃ لان المصادر لا تصرح بوجود الکتابۃ فیھا۔ ؎۱

علیہ وسلم کا مکتوب گرامی ہے۔ چنانچہ بہت سی روایات میں جاگیر عطا کرنے کا تذکرہ موجود ہے اور یہ حقیقت ہے کہ دور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم میں جاگیروں کے وثیقے صرف تحریری صورت میں ہی ہوتے تھے۔ اس کے باوجود مندرجہ ذیل روایات کو میں نے اپنے اس مجموعے میں جگہ نہیں دی کیونکہ ماخذوں میں ان کی تحریری صورت میں ہونے کی تصریح نہیں ملی۔

غرض اپنے اسی اصول کو پیش نظر رکھتے ہوئے کہ جس وثیقے کا تحریری ثبوت نہ ہو اسے کتاب میں درج نہ کیا جائے۔ ڈاکٹر صاحب نے بارہ وثائق کو اپنی کتاب سے خارج کر دیا ہے۔ ان خارج کردہ وثائق میں نواں نمبر اسی وثیقہ کا ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں:

۹۔ عظیم بن الحارث المحاربی فخ ماء اقطعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ (الاماکن للحازمی خطیۃ لآلی باستانبول۔ فصل ۶۴۴ ؎۲

۹۔ وثیقہ عظیم بن الحارث المحاربی چشمہ فخ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں عطا فرمایا تھا۔ (بحوالہ اماکن حازمی)

معلوم نہیں اس مکتوب کے ضمن میں ڈاکٹر صاحب کو کیا اشتباہ ہوا۔ حالانکہ جزء دیبلی تو ان کے مآخذ و مراجع میں ہے اور دیبلی کے اس جزء کا آغاز اسی وثیقہ سے ہوتا ہے۔ حازمی کی کتاب الامکنہ میں اگر اس وثیقہ کے بارے میں کتابت کی تصریح نہیں تو جزء دیبلی میں تو صاف مذکور ہے۔ ھذا کتاب من محمد رسول اللہ

---

؎۱ مقدمہ طبع ثالث ص ۲ ؎۲ ایضاً

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com

صلی اللہ علیہ وسلم الخ

اسی طرح حافظ ذہبی، حافظ ابن عساکر اور حافظ ابن کثیر کی تصریحات کتابت کے بارے میں موجود ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے "مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ" کی پہلی اشاعت میں تو اس وثیقہ کو سرے سے ذکر ہی نہیں کیا ہے اور تیسری طباعت کے مقدمہ میں اس کا ذکر بھی کیا تو حازمی کی کتاب الأمکنۃ کے قلمی نسخے کے حوالے سے حالانکہ "جزء الدیبلی" کا قلمی نسخہ بھی ان کے پیش نظر رہا ہے اور اپنی کتاب میں جابجا اس سے استفادہ بھی کیا ہے

## کاتبِ فرمان حضرت ارقم بن ابی الارقم رضی اللہ عنہ

ارقم نام، کنیت ابو عبد اللہ ہے۔ والد کا نام عبد مناف بن اسد قرشی ہے۔ سلسلۂ نسب قبیلہ مخزوم سے ملتا ہے سابقین اولین میں سے ہیں، بعض مؤرخین کی رائے کے مطابق ساتویں اور بعض کے قول کے مطابق بارہویں مسلمان ہیں، جب تک مسلمانوں کی تعداد چالیس تک پہنچ گئی ان کے گھر پر مسلمانوں کے خفیہ اجتماعات ہوتے تھے۔ ان کی حویلی "دار الارقم" اور "دار الخیزران" کے نام سے تاریخ میں مشہور رہے۔ یہ مہاجرین اوّلین میں سے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اور حضرت عبد اللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کے درمیان مؤاخات کرائی تھی۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ تمام غزوات میں شریک رہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے "بدر" کے دن انہیں مالِ غنیمت میں سے مزید انعام کے طور پر ایک تلوار عطا فرمائی تھی۔ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے صدقات کے عامل بھی رہے ہیں۔ "ابن سید الناس"، "ابن کثیر" اور دیگر مؤرخین نے انہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کاتبین میں شمار کیا ہے۔ امام احمد نے ان سے دو حدیثیں روایت کی ہیں۔

ان کا انتقال ۵۵ھ میں مدینہ طیبہ میں ہوا۔ نماز جنازہ ان کی وصیت کے مطابق حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے پڑھائی۔ انتقال کے وقت ان کی عمر اسی سال سے زائد تھی[1]

---

[1] مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو الطبقات الکبریٰ لابن سعد جلد ۳ ص ۲۴۲، البدایہ والنہایۃ ج ۵ ص ۳۴۱، تاریخ الاسلام للذہبی ج ۲ ص ۲۱۳، الاصابہ، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ لابن الاثیر، الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب لابن عبد البر ترجمۃ الارقم بن ابی الارقم

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


(۲)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

هٰذا كتابٌ من محمد رسول الله صلى الله عَلَيۡهِ وَسَلَّم لعُظيم بن الحارث المحاربي ان له المجمعة من رامس لا يحاقه فيها احد وكتب الارقم۔

## حضرت عظیم بن الحارث المحاربی کے نام ایک اور فرمان

یہ تحریر محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف سے عُظیم بن الحارث المحاربی کے حق میں ہے کہ رامس کا چٹیل میدان اور اس کے ریت کے ٹیلے ان کے ہیں اس میں کوئی دوسرا اپنا حق نہ جتائے۔ کاتب ارقم۔

یہ فرمان بھی حضرت عُظیم بن الحارث المحاربی رضی اللہ عنہ کے نام ہے۔ حافظ ابن کثیرؒ کے حوالہ سے یہ گذر چکا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فج نامی چشمے کے علاوہ دوسرے مواضع بھی عطا فرمائے تھے۔ اس فرمان کا متن "طبقات ابن سعدؒ" اور "معجم البلدان" دونوں میں موجود ہے۔ علامہ یاقوت الحموی نے "معجم البلدان" میں اسی اسناد کے حوالہ سے جس سے محدث ابوجعفر الدیبلی نے روایت کیا ہے[1] اس کا تذکرہ کیا ہے۔ چنانچہ اس کے الفاظ یہ ہیں:

| | |
|---|---|
| حدثنا عبد الملك بن ابی بكر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابيه عن جده عمرو بن حزم قال: كتب رسول الله صلى الله عليه وسلم "هٰذا كتاب من محمد رسول الله، صلى الله عليه وسلم لعُظيم بن الحارث المحاربى ان له الجمعة من رامس | عبدالملک بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا عمرو بن حزم سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حسب ذیل فرمان تحریر کروایا: یہ تحریر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے عظیم بن الحارث المحاربی کے حق میں ہے کہ رامس کا چٹیل میدان اور اس کے ریت کے ٹیلے |

[1] ج۔۱ قسم ۲ ص ۲۳

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



لا یحاقہ احد۔ و کتب الارقم[1] ان کے ہیں اس میں کوئی دوسرا اپنا حق نہ جتائے۔
کاتب ارقم

**المجمعۃ** | بروزن مقعدہ ایسی زمین کو کہا جاتا ہے جو بے آب و گیاہ ہو اور جہاں ریت جمع ہو کر اس کے ٹیلے بن جائیں۔ اس کی جمع "مجامع" آتی ہے۔ واضح رہے کہ جرمن دیبلی کے مطبوعہ متن میں "مجمعہ" ہی ہے لیکن "معجم البلدان" میں لفظ "مجمعہ" کا میم غالباً طباعت[2] میں ساقط ہو گیا ہے۔ "مکاتیب الرسول" کے مصنف علی حسین علی احمدی[2] نے اسی کو صحیح سمجھتے ہوئے اس کو ایک موضع کا نام قرار دیا ہے۔ فاضل مستشرق "سخاؤ" اور ادجین منوخ جنہوں نے طبقات ابن سعد کی پہلی جلد کی تحقیق کی ہے۔ انہوں نے طبقات[3] ابن سعد میں اس لفظ کو "نجمہ" لکھا ہے۔ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے بھی ان کی اتباع کرتے ہوئے "نجمہ" ہی نقل کیا ہے اور پھر اسے اسماء و اعلام کی فہرست میں مستقل نام کی حیثیت سے شمار کیا ہے[3] لیکن ہمارے خیال میں "نجمہ" سرے سے غلط ہے۔ جغرافیہ اور لغت کی کتابوں میں اس مکتوب کے ذیل میں نجمہ نامی کسی موضع کا ذکر نہیں ملتا۔ "جمعہ" بھی صحیح نہیں بلکہ موضع کا اصل نام "رامس" ہے اور مجمعہ اس کے میدان کا بیان ہے۔

**رامس** | کتاب کے مطبوعہ نسخے میں "رامس" کا میم ساقط ہو گیا ہے۔ یہ "رمس" سے بصیغہ اسم فاعل ہے۔ علامہ مجد الدین ابن الاثیر الجزری[4]، یاقوت الرومی[5]، ابن منظور الافریقی[6]، مرتضی الزبیدی[7] سب نے "رامس" کے ذیل میں لکھا ہے کہ یہ دیار "محارب" میں ایک جگہ کا نام ہے۔ "علامہ یاقوت الرومی" کی تحقیق اس کے بارے میں درج ذیل ہے:

رامس بالسین المہملۃ موضع فی دیار رامس سین مہملہ کے ساتھ دیار محارب میں

---

[1] دیکھئے باب رامس۔ [2] ج ۲ ص ۴۵۸۔ [3] وثیقہ نمبر ۸۔ [4] النہایہ مادہ رمس
[5] معجم البلدان باب رامس۔ [6] لسان العرب مادہ رمس۔ [7] تاج العروس مادہ رمس

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



محارب، ورامس ایک موضع ہے۔ رامس فاعل من الرمس رمس کا اسم فاعل ہے۔ رمس وہ مٹی ہے جسے ہوا اڑا کر لیجائے وھو التراب تحمله الریح فترمس به الآثار ای تعفوھا الخ اور پھر اس کے ذریعے آثار مٹا دے۔

فاضل مستشرق "سخاؤ" اور مؤرخ نے "طبقات ابن سعد" کی تحقیق میں اس فرمانِ نبوی کا متن یہ نقل کیا ہے

وکتب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعاصم بن الحارث الحارثی ان لہ نجمۃ من راکس لا یحاقہ فیہا احد۔

یعنی (۱) "عظیم بن الحارث" کو "عاصم بن الحارث" پڑھا۔

(۲) "محاربی" کو "حارثی" بنا دیا

(۳) "الجمعہ" کو "نجمہ" سمجھا اور

(۴) "رامس" کو "راکس" تحریر کیا۔

اس پر ستم یہ کہ فاضل مستشرق کی تحقیق پر اعتماد کرتے ہوئے بعد کے آنے والے محققین گیٹانی "اسپرنگر" اور ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے بھی اسے جوں کا توں نقل کر دیا۔ پھر مزید اضافہ یہ کیا ہے کہ حضرت "عظیم بن الحارث محاربی" کو بلا کسی دلیل کے "بلحارث" کی طرف منسوب کر دیا ہے۔ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کو فاضل مستشرق "سخاؤ" کی تحقیق پر جو غیر متزلزل اعتماد ہے اس کا عالم یہ ہے کہ اپنی کتاب کے تیسرے ایڈیشن میں جبکہ موصوف کو حافظ حازمی کی کتاب الامکنہ "کا قلمی نسخہ استنبول کے کتب خانہ" لالہ لی "میں مل چکا ہے اور اس میں حدیث کا اصل متن بھی صحیح طور پر مذکور ہے یہ تردد بحالہ قائم ہے کہ حافظ حازمی کی تحقیق صحیح ہے یا مسٹر سخاؤ کی[۱]

لا یحاقہ فیہا احد کتاب کے مطبوعہ نسخے میں اکثر جگہ لا یحاقہ کو لا یخافہ لکھا گیا ہے جو درست نہیں۔ اصل لفظ لا یحاقہ ہے۔

[۱] تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ۔ وثیقہ ۸۸ طبع ثالث

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

هذا كتاب من محمد رسول الله (صلی اللہ علیہ وسلم)
لحصين بن نضلة الأسدي أن له ترمد وكتيفة لا يحاقه فيهما
أحد. وكتب المغيرة

## حضرت حصین بن نضلہ الاسدی کے نام

یہ تحریر ہے محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف سے حصین بن نضلہ الاسدی کے حق میں کہ "ترمد" اور "کتیفہ" ان کے ہیں ان میں کوئی دوسرا اپنا حق نہ جتائے۔
کاتب مغیرہ۔

یہ بہت متداول مکتوب ہے جس کا تذکرہ احادیث اور تاریخ کی متعدد کتابوں میں موجود ہے جن میں سے حسب ذیل کتابیں خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں:

۱۔ ابن سعد، "الطبقات الکبریٰ"[1] ۲۔ یاقوت رومی، "معجم البلدان"[2]
۳۔ ابن الاثیر، "اسد الغابہ"[3] ۴۔ ابن حجر "الاصابہ"[4]
۵۔ علی المتقی، کنز العمال[5]

البتہ ان حضرات کے ذکر کردہ نصوص میں معمولی سا اختلاف ہے جس کو آگے حسب موقع بیان کیا جائے گا۔

**حضرت حصین بن نضلہ الاسدی رضی اللہ عنہ** حضرت حصین بن نضلہ الاسدی رضی اللہ عنہ کا مفصل تذکرہ کتب تراجم میں نہیں ملتا۔ علامہ ابن عبدالبر کی کتاب

[1] ج ۱ ق ۲ ص ۲۶۔ [2] باب ترمد۔ [3] باب حصین۔ [4] باب حصین۔ [5] ج ۵ ص ۳۲۱

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"الاستیعاب" بھی ان کے ذکر سے خالی ہے۔ البتہ حافظ عزالدین ابن الاثیر نے حافظ ابن مندہ اور حافظ ابو نعیم کے حوالے سے اپنی کتاب اسد الغابہ میں ان کا مختصر سا تذکرہ لکھا ہے جو درج ذیل ہے۔

| | |
|---|---|
| حصین بن نضلۃ الاسدی | حصین بن نضلہ الاسدی آنحضرت |
| کتب له النبی صلی اللہ علیه | صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے حق میں ایک |
| وسلم کتاباً رواہ ابوبکر | فرمان لکھا تھا جس کو ابوبکر بن محمد بن |
| بن محمد بن عمرو بن حزم | عمرو بن حزم نے اپنے والد سے اور انہوں نے |
| عن ابیه عن جدہ عمرو بن | اپنے دادا سے روایت کیا ہے کہ آنحضرت |
| حزم ان رسول اللہ صلی اللہ | صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت حصین بن نضلہ |
| علیه وسلم کتب لحصین بن نضلۃ | الاسدی کے حق میں یہ فرمان لکھا تھا کہ |
| الاسدی ان له ثریراً وکنیفاً | "ثریر و کنیف" ان کے ہیں، اس میں کوئی |
| (کذا) لا یحاقه فیهما احد [1] | دوسرا اپنا حق نہ جتائے۔ |
| وکتب المغیرۃ۔ اخرجه ابن مندہ وابو نعیم | کاتب مغیرہ |

حافظ ابن حجر نے بھی الاصابہ میں ان کے تذکرہ میں اسی متن کے نقل پر اکتفا کیا ہے البتہ ابن مندہ کی اس تصریح کا مزید اضافہ کیا ہے کہ

| | |
|---|---|
| قال ابن مندۃ لا یعرف الا من | ابن مندہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث صرف اسی |
| ھذا الوجه [2] | طریق سے پہچانی جاتی ہے۔ |

**الاسدی** قبیلہ اسد کی طرف نسبت ہے اسد کے نام سے بہت سے قبائل کا ذکر کتب انساب میں موجود ہے ان میں سے بعض "اسد بن عزیٰ" بعض "اسد بن خزیمہ" بعض "اسد بن ربیعہ" اور بعض "اسد بن دودان" کی طرف منسوب ہیں [3]

[1] باب حصین۔ [2] باب حصین۔ [3] اللباب لابن الاثیر نسبت الاسدی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



یہ متعین نہیں ہوسکا کہ حضرت "حصین بن نضلہ الاسدی" رضی اللہ عنہ ان میں سے کس قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے۔

**ترمد** ترمد بفتح تاء و سکونِ راء وضم میم، کتاب کے مطبوعہ نسخے میں ذال کے ساتھ چھپ گیا ہے جو صحیح نہیں ہے اصل لفظ "ترمد" بدال مہملہ ہے۔ علامہ مجد الدین ابن الاثیر، علامہ یاقوت رومی، علامہ ابن منظور افریقی[1]، علامہ محمد طاہر پٹنی[2] اور علامہ مرتضیٰ زبیدی[3] سب کی بالاتفاق یہ رائے ہے کہ یہ بلادِ بنی اسد میں ایک جگہ ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حصین بن نضلہ الاسدی کو عطا فرمائی تھی ابن الاثیر، ابن منظور اور زبیدی نے "ترمد" کے ذیل میں لکھا ہے کہ بعض نے اسے "ثرمداء" ثاء مثلثہ اور الف ممدودہ کے ساتھ بھی کہا ہے۔ لیکن علامہ یاقوت نے معجم البلدان میں اس کی تردید کرتے ہوئے واضح طور پر لکھا ہے کہ "ترمد" اور "ثرمدا" دونوں الگ الگ مقامات کے نام ہیں، "ترمد" بلادِ "بنی اسد" میں ہے۔ جبکہ "ثرمداء" نامی دو مواضع ہیں ایک بلادِ بنی سعد میں ایک چشمے کا نام ہے اور دوسرا یمامہ میں ہے[4]۔

**کُتیفہ** تصغیر کے ساتھ ہے۔ علامہ یاقوت نے اس کے بارے میں دو رائیں نقل کی ہیں۔ ایک تو یہ کہ یہ اس پہاڑ کا نام ہے جو "مبھل" کے فراز میں ہے۔ "مبھل" عبداللہ بن غطفان کی وادی کا نام ہے دوسرے یہ کہ یہ دیارِ عمرو بن کلاب کے ایک چشمے کا نام ہے[5]۔

واضح رہے کہ لفظ "ترمد" اور "کتیفہ" کی طباعت میں موجودہ کتابوں میں بڑی تحریف ہوگئی ہے۔ چنانچہ "اسد الغابہ" میں "ترمد" اور "کتیفہ" کے بجائے "ثریًا وکنیفًا"

---

[1] لسان العرب مادہ ترمد۔ [2] مجمع بحار الانوار مادہ ترمد [3] تاج العروس مادہ ترمد
[4] دیکھیے باب ترمد [5] باب کتیفہ۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طبع ہوا ہے اور الاصابہ میں "مربدًا و کنفاً" چھپ گیا ہے لیکن فاضل مستشرق اور چین منوخ EDUARD SACHAU اور اڈورڈ ثخاو EUGEN MITTWOCH نے "ترمد کو" ارامًا" اور "کتیفہ" کو "کستہ" نقل کیا ہے [۱]

نسخوں کے ان اختلافات کی بنا پر صاحب "مکاتیب الرسول" بھی ان لفظوں کے ضبط کرنے میں کوئی واضح موقف اختیار نہ کر سکے چنانچہ اپنی کتاب کے متن میں تو انہوں نے ابن الاثیر کی رائے کو ترجیح دیتے ہوئے ثریًا و کنیفاً تحریر کیا ہے لیکن جب ان مقامات کی نشان دہی کرنے لگے تو پریشانی شاملِ حال رہی اور بالآخر کسی فیصلے پر نہ پہنچ سکے [۲]

یہاں ایک شبہ کا ازالہ ضروری ہے وہ یہ کہ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے اس فرمان کے ذیل میں حافظ ابن حجر کے حوالے سے ابن الکلبی کا یہ قول نقل کیا ہے کہ "حصین بن نضلہ الاسدی" کا انتقال قبل اسلام ہو چکا تھا [۳] یہ رائے غلط فہمی پر مبنی ہے۔ ابن الکلبی نے جس "حصین بن نضلہ" کے بارے میں کہا ہے کہ وہ قبل اسلام مر چکا تھا وہ حصین بن نضلہ بن زید ہے جو قبیلہ "خزاعہ" سے تھا۔ حضرت حصین بن نضلۃ الاسدی رضی اللہ عنہ جن کے نام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے یہ صحابی ہیں اور ان کا تعلق قبیلۂ اسد سے ہے

**حضرت مغیرۃ بن شعبۃ رضی اللہ عنہ**

ان کا نام مغیرہ ہے اور کنیتیں تین، ابو عبداللہ، ابو محمد اور ابو عیسیٰ۔ مؤخر الذکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود تجویز فرمائی تھی سلسلۂ نسب یہ ہے :-

مغیرۃ بن شعبۃ بن ابی عامر بن مسعود بن ابی معتب بن مالک بن منصور بن عکرمۃ بن خصفۃ بن قیس بن عیلان بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

---

[۱] طبقات ابن سعد ج ۱ ق ۲ ص ۲۶ [۲] مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ، وثیقہ نمبر ۲۰۴
[۳] ج ۲ ص ۶۲۴

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



جس سال غزوۂ خندق ہوا اس سال یہ اسلام لائے۔ حدیبیہ اور دیگر تمام غزوات میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک رہے، انہیں یہ اعزاز حاصل ہے کہ ان کا شمار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خصوصی خادموں میں ہوتا ہے۔ آپ کے اسلحہ کی نگہداشت بھی ان کے ذمہ تھی۔ حدیبیہ کے موقع پر یہ تلوار لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خیمہ میں پہرہ دے رہے تھے۔ انتہائی ذکی، ذہین اور فہم و فراست کے حامل تھے۔ ان کی ذہانت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ ان کو عرب کے مشہور دھاۃ میں شمار کیا جاتا ہے۔ حافظ ابن حجر نے قبیصہ بن جابر کا یہ قول نقل کیا ہے کہ اگر کسی شہر کے آٹھ دروازے ہوں اور ہر دروازے سے تدبیر کئے بغیر نہ نکلا جا سکتا ہو تو یہ اپنی ذہانت سے ہر دروازے سے نکلنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

ابن عساکر، ابن کثیر، ابن سید الناس، ابن حدیدہ الانصاری اور دیگر مؤرخین نے ان کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کاتبین میں شمار کیا ہے۔ حافظ ابن کثیر رقمطراز ہیں

| | |
|---|---|
| وقد روی ابن عساکر بسندہ عن عتیق بن یعقوب باسنادہ المتقدم غیر مرۃ ان المغیرۃ بن شعبۃ ھو الذی کتب اقطاع حصین بن نضلۃ الأسدی الذی اقطعہ ایاہ رسول اللہ صلی اللہ بامرہ۔[1] | ابن عساکر نے اپنی سند سے عتیق بن یعقوب سے اس سند کے ساتھ روایت کرتے ہوئے جو متعدد مرتبہ گزر چکی ہے، نقل کیا ہے کہ مغیرہ بن شعبہ وہ صحابی ہیں جنہوں نے حصین بن نضلہ الاسدی کی جاگیر کے اس وثیقہ کو لکھا تھا جو ان کو بطور خاص حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حکم سے عطا کیا تھا۔ |

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے عہد خلافت میں انہیں بصرہ کا حاکم مقرر فرمایا تھا یہ ایک مدت تک وہاں رہے پھر ان کو وہاں سے منتقل کر کے کوفہ بھیج دیا تھا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ جب خلیفہ بنے تو اس وقت بھی یہ کوفہ کے حاکم تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

---

[1] البدایۃ والنہایہ ج ۵ ص ۳۵۵

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے کچھ عرصہ انہیں اس عہدہ پر باقی رکھا پھر معزول کر دیا۔

جنگِ یمامہ، جنگِ یرموک، جنگِ قادسیہ، فتح شام اور فتح نہاوند میں شریک تھے جنگِ یرموک میں ان کی ایک آنکھ ضائع ہو گئی تھی۔ حضرت معاویہؓ کے عہد میں یہ ایک مرتبہ پھر کوفہ کے گورنر مقرر ہو گئے۔ اور اسی گورنری کے دوران ان کا انتقال ہو گیا۔

سنہ وفات میں مختلف اقوال ہیں۔ اکثریت کی رائے یہ ہے کہ ان کا ۵۰ھ میں انتقال ہوا[1]

---

[1] مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو اسد الغابہ، الاصابہ، تذکرہ مغیرہ، الطبقات الکبریٰ ج ۶ ص ۲۸۴ – البدایۃ والنہایۃ ج ۵ ص ۳۳۷، المصباح المضیئ ج ۱ ص ۲۳۵

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



(۴)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ھٰذا کتابٌ من محمدٍ النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) لبنی جعال بن ربیعۃ بن زید الجذامیین إن لھم ارم لا یحلّھا علیھم أحدٌ أن یغلبھم علیھا ولا یحاقّھم فیھا فمن حاقّھم فلا حق لہ وحقّھم حقّ۔ وکتب الارقم

## بنو جعال بن ربیعہ کے نام

یہ تحریر ہے محمد نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف سے "بنو جعال بن ربیعہ بن زید الجذامیین" کے حق میں کہ "ارم" ان کا ہے۔ کوئی شخص ان کی خلاف مرضی وہاں اتر کر اس پر قبضہ کر کے ان پر دباؤ نہیں ڈال سکتا، اور نہ اس کے بارے میں اپنا حق جتا سکتا ہے۔ جو حق جتائے گا اس کا حق نہیں ہوگا، اصل حق انہیں کا ہے۔

(کاتب ارقم)

**بنو جعال بن ربیعہ** | کتاب کے مطبوعہ نسخے میں "جفال" فا کے ساتھ غلط چھپ گیا ہے۔ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے بھی جفال ہی نقل کیا ہے[۱] اصل لفظ جعال عین مہملہ کے ساتھ ہے۔ علامہ یاقوت[۲]، ابن الاثیر[۳] ابن منظور[۴] اور زبیدی[۵] سب نے بالاتفاق عین کے ساتھ ہی نقل کیا ہے۔ چنانچہ علامہ یاقوت رومی "ارم" کے ذیل میں رقمطراز ہیں:

وکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد کتب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جعال بن ربیعہ

---

۱۔ مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ۔ وثیقہ نمبر ۱۷۶ ۲۔ معجم البلدان باب ارم
۳۔ النہایہ مادہ ارم۔ ۴۔ لسان العرب۔ مادہ ارم۔ ۵۔ تاج العروس۔ مادہ ارم

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لجعال بن ربیعة بن زید — بن زید الجذامیین کے حق میں لکھا تھا
الجذامیین أن لهم إرم لا — کہ "ارم" ان کا ہے الخ
یحلها احد علیهم لغلبهم
علیها ولا یحاقهم فمن حاقه
فلا حق له وحقهم حق [1]

بنو جعال کے متعلق کتبِ انساب میں تفصیلات نہیں ملتیں۔ علامہ ابن درید المتوفی ۳۲۱ھ نے "الجمہرہ" میں صرف اتنا لکھا ہے

ان جعال حي من العرب [1] — جعال عرب کا ایک قبیلہ ہے۔

بنو جعال کا خاندان جس قبیلہ سے تعلق رکھتا ہے وہ "جذام" ہے "جذام" جیم کے پیش اور ذال معجمہ کے زیر کے ساتھ ہے۔ جذام کے نام سے یمن کے دو قبیلے معروف ہیں۔ یہ دونوں قبیلے بعد میں شام میں سکونت پذیر ہو گئے تھے۔

علامہ سمعانی نے "الأنساب" میں لکھا ہے کہ قبیلہ کا مورثِ اعلیٰ جذام جس کی طرف یہ قبیلہ منسوب ہے اس کا اصل نام "صدف بن شوال بن عمرو بن دعی بن حضرموت" تھا۔ [2]

علامہ زبیدی "جذام" کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ یہ یمن کا ایک قبیلہ ہے جو "وادی القریٰ" کے عقب میں "جبال حسمیٰ" میں سکونت پذیر تھا۔ زبیدی نے جذام کے بارے میں یہ بھی تصریح کی ہے کہ جذام، عمرو بن عدی بن الحارث بن مرہ کا لقب ہے [3] چونکہ "ارم" بھی جبال حسمیٰ میں ہے اس لئے قرینِ قیاس یہی ہے کہ مکتوبِ نبوی میں عمرو بن عدی کا قبیلہ مراد ہے۔

**إِرَم** ہمزہ کے زیر اور واو کے زبر کے ساتھ یہ دیارِ جذام میں حسمیٰ کے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ کا نام ہے یہ پہاڑ ایلہ اور تیہ بنی اسرائیل کے درمیان واقع ہے اور بہت اونچا ہے [4]

---

[1] ج ۲ ص ۱۰۱۔ [2] نسبت جذامی۔ [3] تاج العروس مادہ جذم۔ [4] معجم البلدان باب ارم
معجم البلدان کے مطبوعہ نسخہ میں اسی طرح ہے۔ مگر ہم نے متن کے جو الفاظ نقل کئے ہیں وہی صحیح ہیں۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هٰذا ما أعطی محمد رسول اللّٰه (صلی اللّٰه علیه وسلم)
بنی الأحب أعطاهم قالسًا ۔ وکتب الارقم

## بنی الأحب کے نام

یہ وہ عطیہ ہے جو محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے "بنی الاحب" کو دیا آپ نے ان کو قالس عطا کیا۔ کاتب ارقم

**بنو الأحب** | جزء دبیلی کے مطبوعہ نسخہ میں "اجب" جیم کے ساتھ تحریر ہے۔ اصل لفظ "أحب" حاء کے ساتھ ہے۔ لغت اور جغرافیہ کی کتابوں میں جہاں بھی اس فرمان کے متن کو نقل کیا گیا ہے۔ مکتوب الیہ کا نام "بنو الأحب" حاء کے ساتھ ہی تحریر ہے۔ علامہ "یاقوت رومی" مکتوب کے متن کو حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے "قالس" کے باب میں لکھتے ہیں۔

قالس موضع اقطعه النبی صلی اللّٰه علیه وسلم بنی الأحب من عذرة قال عمرو بن حزم و کتب لهم رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم بذلك کتابًا نسخته بسم اللّٰه الرحمن الرحیم هذا ما اعطی محمد رسول اللّٰه (صلی اللّٰه علیه وسلم) بنی الأحب أعطاهم قالسًا و کتب الأرقم[۱]

قالس وہ موضع ہے جسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو الاحب کو جو قبیلہ عذرہ سے تعلق رکھتے ہیں بطور جاگیر عنایت فرمایا تھا۔ عمرو بن حزم کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سلسلے میں ان کیلئے فرمان بھی لکھا تھا جس کا متن یہ ہے:
بسم اللہ الرحمن الرحیم الخ

---

۱؎ معجم البلدان ۔ باب قالس

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامہ یاقوت رومی[1]، مجدالدین فیروزآبادی[2]، مرتضیٰ زبیدی[3]، اور دیگر علماء نے تصریح کی ہے کہ "بنو الأحب" کا سلسلۂ نسب قبیلہ عذرہ سے ملتا ہے، "عذرہ" عرب کا مشہور قبیلہ ہے جو قحطان کی مشہور شاخ "قضاعہ" سے تعلق رکھتا ہے، علامہ "قلقشندی" "بنو عذرہ" کا نسب بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

بنو عذرة بطن من كلب من قضاعة من القحطانية وهم بنو عذرة بن زيد اللات بن رفيدة بن ثور بن كلب[4]۔

**قالس** ق سے ہے اور لام پر زیر ہے۔ جرمن دیبلی میں "حالسا" غلطی سے طبع ہوگیا ہے۔ نہایہ، معجم البلدان، القاموس، تاج العروس اور مجمع البحار سب کتابوں میں ق کے ساتھ ہی مذکور ہے اور تصریح ہے کہ یہ وہ موضع ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو الاحب کو بطور جاگیر عطا فرمایا تھا۔

فاضل مستشرق منوخ اور "سخاؤ" "طبقات ابن سعد" کی تحقیق کے وقت اس مکتوب کے متن کو صحیح نہ پڑھ سکے انہوں نے مکتوب کے یہ الفاظ نقل کئے ہیں:

وكتب رسول الله صلى الله عليه وسلم للأجب رجل من بني سليم انه اعطاه فالسا وكتب الارقم۔

ہم نے مانا "قالس" میں قاف کا نقطہ گر گیا تھا "فالس" ہوگیا "بنو الأحب" سے لفظ "بنی" کا ساقط ہوجانا اور پھر اس کو "للاجب" پڑھ لینا یہ بھی سمجھ میں آتا ہے لیکن "رجل من بنی سلیم" تک ذہن کی رسائی معلوم نہیں کن الفاظ کی اصلاح پر مبنی ہے۔

ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے اپنی کتاب میں "منوخ" اور "سخاؤ" کی تحریف کو

---

[1] معجم البلدان باب قالس۔ [2] القاموس مادہ قالس۔ [3] تاج العروس مادہ قالس
[4] نہایۃ الارب ص ۳۵۹

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com


اپنا عنوان قرار دیکر "طبقات ابن سعد" کے حوالے سے اسی محرّف متن کو نقل کردیا ہے، اور اسی کو اصل قرار دیا ہے۔ بعد میں "حازمی" کی کتاب الأمکنۃ" کے حوالے سے ذیلی طور پر اصل متن بھی درج کردیا ہے۔[1] لیکن تعجب ہے، کہ اصل متن مل جانے کے باوجود ان کو مستشرقین کی تحریفات پر تنبہ نہ ہوا۔

مستشرقین کی تحریفات نے صاحب "مکاتیب الرسول" کو اس درجہ پریشان کیا کہ ان کو یہ احتمال ہونے لگا کہ شاید یہ دو الگ الگ مکتوب ہیں۔[2] حالانکہ "فالس" نامی کسی موضع کا عرب کے جغرافیہ میں نام نہیں ملتا۔ اور نہ علم الانساب کی کتابوں میں بنو سلیم کا بنو عذرہ سے کوئی جوڑ ہے۔ بنو عذرہ قحطانی ہیں اور بنو سلیم عدنانی۔

---

[1] مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ وثیقۃ نمبر ۲۱۲ [2] ج ۱ ص ۲۵۰

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۶)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھٰذا ما اعطی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
راشد بن عبد ربہ السلمی اعطاہ غلوتین بسھم وغلوۃ بحجر
برھاط فمن حاقہ فلا حق لہ وحقہ حق۔
وکتب خالد بن سعید

## حضرت راشد بن عبد رب سلمیؓ کے نام

یہ وہ عطیہ ہے جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے راشد بن عبد رب السلمی کو دیا۔ آپ نے ان کو موضع رھاط میں دو تیر کی زد کے بقدر (طول میں) اور ایک پتھر کی زد کے بقدر (عرض میں) زمین عطا فرمائی پس جو شخص بھی اس میں اپنا حق جتلائے گا اس کا حق تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ اور اصل حق انہیں کا ہے۔

کاتب خالد بن سعید

حضرت راشد بن عبد رب السلمیؓ جنہیں زمین کا یہ ٹکڑا عطا کیا گیا ہے، مشہور صحابی ہیں۔ ان کا تذکرہ تراجم صحابہؓ کی عام کتابوں میں موجود ہے امام مسلمؒ نے ان کو صحابہؓ میں شمار کیا ہے۔ ان کا اصل نام غاوی بن ظالم تھا ۸ھ ہجری میں جس سال مکہ معظمہ فتح ہوا ان کے قبیلہ بنی سلیم کا وفد جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو یہ بھی شریکِ وفد تھے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com


آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جب ان کو شرفِ باریابی حاصل ہوا تو آپ نے ان سے ان کا نام دریافت کیا۔ عرض کیا غاوی بن ظالم۔ غاوی کے معنی عربی زبان میں گمراہ اور شریر کے آتے ہیں آپؐ نے ارشاد فرمایا تم تو راشد بن عبدربہ ہو[1] چنانچہ اس دن سے ان کا یہی نام پڑ گیا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فرمان ان کے حق میں تحریر کروایا اس میں بھی یہی نام مذکور ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عادتِ مبارکہ تھی کہ ناپسندیدہ ناموں کو آپ تبدیل فرما دیا کرتے تھے۔

بنو سلیم کا ایک مشہور بت تھا "سُواع" یہ زمانۂ جاہلیت میں اس کے پجاری تھے۔ ایک مرتبہ یہ بت خانہ میں بیٹھے ہوئے تھے کہ کیا دیکھتے ہیں اچانک دو لومڑیاں اندر گھس آئیں اور آتے ہی اپنی ٹانگیں اٹھا کر مورتی کے سر پر موتنا شروع کر دیا انہیں فوراً تنبہ ہوا کہ جو بت اتنے بے بس ہوں کہ اپنے سر پر لومڑی کو بھی پیشاب کرنے سے نہ روک سکیں وہ دوسروں کی حاجت روائی کیا کر سکیں گے۔ اس خیال نے فوراً شعر کا قالب اختیار کر لیا اور زبان سے برجستہ جاری ہوا:

ارب یبول الثعلبان برأسہ لقد ذل من بالت علیہ الثعالب

کیا وہ ذات رب ہو سکتی ہے جس کے سر پر دو لومڑیاں پیشاب کریں،
بلاشبہ وہ ذلیل ہوا جس پر لومڑیوں نے پیشاب کیا[2] اس کے بعد "سواع" کی مورتی کو توڑ دیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر مشرف باسلام ہو گئے۔ فتح مکہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب تھے۔ اس موقع پر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک اشارے سے مکہ کے تمام بت

---

[1] بعض روایتوں میں راشد بن عبدربہ یا راشد بن عبداللہ بھی آتا ہے۔

[2] طبقات ابن سعد ج ۱ ص ۳۰۸

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



منہ کے بل زمین پر آرہے تو حضرت راشد بن عبدرب رضی اللہ عنہ نے یہ اشعار کہے :

قالت ھلم الی الحدیث فقلت لا — یأبی علیک اللہ والاسلام

یوماً شھدت محمداً وقبیلہ — بالفتح حین تکسر الاصنام

لرأیت نور اللہ اضحی ساطعاً — والشرک یغشی وجھہ الاظلام[1]

۱۔ محبوبہ نے کہا آؤ مل کر باتیں کریں۔ میں نے کہا نہیں، اب تو اللہ اور اسلام تمہارے پاس آنے سے منع کرتے ہیں،

۲۔ اگر تو فتح مکہ کے موقع پر جبکہ بتوں کو توڑا جا رہا تھا حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور ان کے قبیلہ کو دیکھتی،

۳۔ تو دیکھتی اللہ کا نور تاباں و درخشاں ہے اور شرک کے چہرے پر سیاہی چھائی جا رہی ہے۔

حضرت راشد رضی اللہ عنہ فتح مکہ کے علاوہ غزوۂ طائف اور حنین میں بھی شریک رہے تھے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر ان کے بارے میں ارشاد فرمایا تھا

خیر قری عربیۃ خیبر — عرب کی بستیوں میں بہترین بستی خیبر کی ہے

وخیر بنی سلیم راشد[2] — اور بنی سلیم میں بہترین شخص راشد ہیں۔

علامہ ابن سعد نے الطبقات الکبریٰ میں بنو سلیم کے وفد کی آمد کا تذکرہ کیا ہے اور لکھا ہے کہ بنو سلیم کا وفد فتح مکہ کے موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تھا، یہ نو سو افراد پر مشتمل تھا۔ بعض نے ایک ہزار تعداد بیان کی ہے۔ وفد کے قابلِ ذکر افراد میں حضرت عباس بن مرداس رضی اللہ، حضرت انس بن عیاض رضی اللہ عنہ اور حضرت راشد بن عبدرب السلمی رضی اللہ عنہ تھے[3]

---

[1] اسد الغابہ۔ تذکرہ راشد بن عبدربہ۔ [2][3] طبقات ابن سعد ج ا ص ۳۰۸

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com


**السُّلمی** | مطبوعہ نسخہ میں سلامی غلط چھپا ہے اصل لفظ سُلمی بضم سین مہملہ و فتحِ لام ہے۔ یہ بنو سلیم کی طرف منسوب ہے، جو قیس عیلان کا بہت بڑا قبیلہ ہے بنو سلیم کا سلسلہ نسب اس طرح ہے : سلیم بن منصور بن عکرمہ بن خصفہ بن قیس عیلان بن مضر[1] علامہ قلقشندی نے العبر کے حوالہ سے لکھا ہے کہ ان کے مکانات نجد کے بالائی حصہ میں خیبر کے قریب تھے۔[2]

**غلوۃ** | لغت میں اس فاصلہ کا نام ہے جہاں تیر جاکر گرے۔ یعنی ایک تیر کی زد پر جتنی زمین آتی ہے وہ "غلوہ" کہلاتی ہے۔ علامہ ابن الاثیر نہایہ میں لکھتے ہیں :

الغلوۃ قدر رمیۃ بسھم[3] غلوہ اس مقدار کا نام ہے جو تیر کی زد میں ہو

امام محمد بن شجاع ثلجی نے جو مشہور فقہاء حنفیہ میں سے ہیں، کتاب الخراج میں تصریح کی ہے کہ غلوہ کی مقدار کا فاصلہ تین سو ہاتھ سے لیکر چار سو ہاتھ ہے۔ اور لیث کا بیان ہے کہ ایک فرسنگ پچیس غلوہ کا ہوتا ہے۔[4]

ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کا رجحان یہ ہے کہ "غلوتین بسھم" سے مراد زمین کا طول اور غلوۃ بحجر سے مراد اس کا عرض ہے۔ ہماری رائے میں یہ بات قرینِ قیاس ہے اس لئے ہم نے ترجمہ میں بین القوسین طول وعرض کا اضافہ کر دیا ہے اگرچہ اس کا بھی امکان ہے کہ دونوں سے مراد صرف زمین کی لمبائی ہو اور چوڑائی کو حسب سابق رہنے دیا گیا ہو اور اس صورت میں زمین کی لمبائی ایک پتھر کی زد کے بقدر اور بڑھ جائے گی۔ واللہ اعلم۔

**سھم** | سہم کے معنی تیر کے ہیں جزء دیبلی میں غلطی سے سہم کے بجائے سجن طبع ہو گیا ہے۔

**رھاط** | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت راشد بن عبدربّ السلمی رضی اللہ عنہ کو جو زمین عطا فرمائی تھی وہ مقام رھاط میں تھی۔ رھاط سرزمینِ حجاز میں واقع ہے۔ علامہ ابن درید الجمہرہ میں لکھتے ہیں

رھاط موضع بالحجاز[5] رھاط حجاز میں ایک جگہ کا نام ہے۔

---

[1] اللباب ج ۱ ص ۵۵۳، ۵۵۴ [2] نہایۃ الارب قلقشندی ص ۲۹۵

[3] نہایۃ ج ۳ ص ۱۹۰ [4] المغرب للمطرزی ص ۲ ج ۲ [5] جمہرۃ اللغۃ لابن درید ص ۲۷۶ ج ۲

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامہ یاقوت حموی اور زبیدی نے اس کا جائے وقوع مکہ مکرمہ سے تین میل کی مسافت پر بتایا ہے۔ زبیدی نے بعض علماء کا یہ بیان بھی نقل کیا ہے کہ رھاط بلادِ ھذیل میں کسی موضع کا نام بھی ہے۔ یاقوت نے عوام کے حوالہ سے یہ تفصیل بھی بیان کی ہے کہ رھاط مکہ معظمہ کے قریب مدینہ کے راستہ پر واقع ہے اور یہ اس وادی میں ہے جسے غران کہا جاتا ہے۔ وادی رھاط سے متصل ہی حدیبیہ ہے۔

اس فرمانِ نبوی کا متن طبقات ابن سعد اور البدایہ والنہایہ[۱] دونوں میں موجود ہے۔

## حضرت خالد بن سعید بن العاص

خالد نام، کنیت ابوسعید۔

سلسلۂ نسب یہ ہے:

"خالد بن سعید بن العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی القرشی الاموی" قدیم الاسلام صحابی ہیں۔ اسلام لانے والوں میں تیسرا یا چوتھا نمبر تھا بعثتِ نبوی کے وقت انھوں نے ایک خواب دیکھا تھا کہ آگ کا گڑھا ہے اور یہ اس کے دھانے پر کھڑے ہیں اور ان کے والد ان کو اس گڑھے میں دھکیلنا چاہتے ہیں۔ اچانک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نمودار ہوتے ہیں اور ان کو کمر سے پکڑ کر روک لیتے ہیں۔ یہ خواب دیکھ کر سخت متوحش ہوئے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اس کا تذکرہ کیا، انہوں نے تعبیر دی کہ یہ اسلام لانے کی طرف اشارہ ہے لہٰذا وہ جلد سے جلد مشرف باسلام ہو جائیں۔ چنانچہ یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اسلام لے آئے مسلمان ہونے کے بعد انھیں اپنے والد اور دوسرے اعزّہ کے ہاتھوں سخت اذیتیں اٹھانی پڑیں اور جب ایذا رسانی

---

[۱] ج ۵۔ ص ۳۴۳

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



کا سلسلہ بڑھتا ہی چلا گیا تو حبشہ کی طرف ہجرت کر گئے وہاں طویل عرصہ تک قیام رہا۔ حضرت اُمِ حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں ولی الامر یہی تھے۔

حضرت خالد بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ غزوۂ بدر میں شریک نہیں ہو سکے تھے جس کا ان کو بڑا قلق تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تسلی دی اور فرمایا

اما ترضی یا خالد ان یکون للناس هجرة ولكم هجرتان ثنتان [1]

خالد! کیا تم کو یہ بات پسند نہیں کہ لوگوں کے لئے ایک ہجرت ہو اور تمہارے لئے دو ہجرتیں

فتحِ مکہ، غزوۂ حُنین و طائف و تبوک اور دیگر غزوات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب رہے آپ نے ان کو یمن میں صدقات کا عامل بنا کر بھیجا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت یہ یمن ہی میں تھے وفات کی خبر سنتے ہی فوراً واپس ہوئے، حضرت ابوبکرؓ نے دوبارہ عامل بنا کر واپس بھیجنا چاہا لیکن یہ رضامند نہیں ہوئے۔ ابن سعد، ابن حزم، ابن سید الناس، ابن کثیر اور دیگر مؤرخین نے ان کو نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کاتبین میں شمار کیا ہے۔ ابن سعد رقمطراز ہیں:

وکان یکتب له وهو الذی کتب کتاب اهل الطائف لوفد ثقیف۔ [2]

یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کاتب تھے وفد ثقیف کی آمد کے موقع پر اہل طائف کو جو تحریر لکھوائی گئی تھی اس کے کاتب یہی تھے۔

اسی طرح حافظ ابن کثیر "کُتّاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم" کے زیرِ عنوان جزء الدیلی کی اسی روایت کا ذکر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

قال عتیق بن یعقوب حدثنی عبد الملک بن ابی بکر عن ابیه عن جده عن عمرو بن حزم

عتیق بن یعقوب روایت کرتے ہیں کہ عبدالملک بن ابی بکر نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے دادا سے اور انہوں نے

[1] طبقات ابن سعد ج ۴ ق ۱، ص ۷۲ [2] طبقات ابن سعد ج ۴ ق ۱ ص ۶۶

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



یعنی ان خالد بن سعید کتب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتابا الخ [1] — حضرت عمرو بن حزم کے حوالہ سے مجھے یہ بتایا کہ خالد بن سعید نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک مکتوب گرامی تحریر کیا تھا۔

حضرت ابوبکرؓ کے عہد خلافت میں یہ شام میں مختلف غزوات میں شریک رہے ہیں۔ انہوں نے میدانِ جنگ میں جامِ شہادت نوش کیا۔ اس میں اختلاف ہے، کہ یہ کس جنگ میں شہید ہوئے بعض مرج الصفر بتاتے ہیں اور بعض اجنادین۔ [2]

---

[1] البدایۃ والنھایۃ ج ۵ ص ۳۴۳ [2] مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو الطبقات الکبریٰ ج ۴ ق ۱ ص ۶۹، الاستیعاب بحاشیہ اصابہ ج ۱ ص ۳۹۹ الاصابہ، اسد الغابہ البدایۃ والنھایۃ ج ۵ ص ۳۴۳ المصباح المضیئی ج ۱ ص ۱۰۷

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com


۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھٰذا ما اعطی محمد النبی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عوسجۃ بن حرملۃ الجھنی من ذی المروۃ ومابین بلکثۃ الی الظبیۃ الجعلات الی الجبل القبلیۃ لایحاقہ فیہا احد فمن حاقہ فلاحق لہ وحقہ حق وکتب العلاء بن عقبۃ۔

## حضرت عوسجہ بن حرملہ الجہنی کے نام

یہ وہ عطیہ ہے جو محمد نبی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عوسجہ بن حرملہ جہنی کو دیا "ذی المروہ" اور "بلکثہ" کے درمیان سے لے کر "ظبیہ"، "جعلات" اور "جبل قبلیہ" تک ان کا ہے اس میں ان کے خلاف کوئی اپنا حق نہیں جتائے گا۔ جو حق جتائے اس کا حق نہیں اور حق انھیں کا ہے۔

کاتب علاء بن عقبۃ

جزء دیبلی کے علاوہ طبقات ابن سعد[1]، معجم البلدان[2]، البدایۃ والنہایہ[3] الاماکن للحازمی[4] اور وفاء الوفاء[5] میں مکتوب کا مکمل متن موجود ہے۔ البتہ الفاظ میں معمولی اختلاف ہے جس کی ہم وضاحت کرتے جائیں گے۔

**حضرت عوسجہ بن حرملہ رضی اللہ عنہ** ان کا سلسلۂ نسب علامہ ابن حزم نے "بنو غطفان بن قیس بن جہینہ" کے ضمن میں اس طرح تحریر فرمایا ہے:

"عوسجۃ بن حرملۃ بن جذیمۃ بن سبرۃ بن خدیج بن مالک بن عمرو

---

[1] ا ص ۲۰۱ [2] مادہ ظبیہ [3] ج ۵ ص ۳۵۲ - [4] ص ۱۳۲ مخطوط
[5] ص ۲۲

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بن ذهل بن عمرو بن ثعلبۃ بن رفاعۃ بن نصر بن مالک بن غطفان[1]

علامہ عز الدین ابن الاثیر نے بھی "اسد الغابہ" میں ان کا سلسلۂ نسب یہی بیان کیا ہے۔ البتہ علامہ ابن سعد اور حافظ ابن حجر عسقلانی کی رائے اس بارے میں ذرا مختلف ہے۔ انہوں نے "ابن الکلبی" کے حوالے سے جو نسب ذکر کیا ہے وہ یہ ہے:

"عوسجہ بن حرملہ بن جذیمہ بن سبرۃ بن خدیج بن مالک بن الحارث بن مازن بن سعد بن مالک بن رفاعہ بن نصر بن مالک بن غطفان بن قیس بن حمیر"[2]

لیکن حافظ صاحب نے ابن حزم اور ابن الاثیر کے بیان کردہ نسب کو بھی "قیل" کہکر نقل کیا ہے۔

حضرت عوسجہ بن حرملہ رضی اللہ عنہ فلسطین میں قیام پذیر تھے۔ امام بخاریؒ نے ان کو صحابہ میں شمار کیا ہے۔ حافظ ابن حجرؒ نے لکھا ہے کہ اسحٰق بن السوید الرملی نے ان کو شام کے ان بادیہ نشینوں میں ذکر کیا ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فیض صحبت سے مشرف ہوئے تھے۔ علامہ ابن سعد نے حضرت عوسجہ رضی اللہ عنہ کا تذکرہ ان صحابہ کے ضمن میں کیا ہے جو فتحِ مکہ سے قبل مسلمان ہوئے تھے۔ اور ابن ہشام کے حوالے سے یہ بھی لکھا ہے کہ فتحِ مکہ کے موقع پر آپ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب تھے، اور آپ نے ان کو ایک ہزار افراد کا سالار مقرر فرمایا تھا۔

حضرت عوسجہ رضی اللہ عنہ کو نماز جماعت کا بڑا اہتمام تھا ٹھیک دوپہر کے وقت "مروہ" سے چل کر "دومہ" کی مسجد میں آکر جماعت سے نماز ادا کرتے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کے اہتمام اور ذوقِ طاعت کو دیکھ کر ارشاد

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص۴۴۵

[2] الاصابہ تذکرہ عوسجہ بن حرملہ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com


فرمایا تھا:

یاعوسجۃ سلنی أعطك      اے عوسجہ مانگو میں تم کو دوں گا۔

**الجھنی** بضم جیم وفتح ھاء وکسر نون۔ یہ نسبت جہینہ کی طرف ہے "جُہینہ" قبیلہ قضاعہ کی ایک مشہور شاخ ہے جس کا نسب نامہ اس طرح ہے:

"جہینہ بن زید بن لیث بن سود بن سلم بن الحافی بن قضاعہ" [1]

یہ بنو قحطان میں سے ہیں۔ قبیلہ جہینہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ فتح مکہ اور غزوۂ حنین میں شریک رہا ہے۔

**ذوالمروہ** جیسا کہ مکتوب میں صراحت ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عوسجہ رضی اللہ عنہ کو جو زمین عطا فرمائی اس کی حدود "ذوالمروہ" اور "بلکثہ" کے درمیان سے شروع ہو کر "ظبیہ" اور "جعلات" سے ہوتی ہوئی "جبل قبلیہ" پر جا کر ختم ہوتی ہیں۔

"ذوالمروہ" کے بارے میں یاقوت نے لکھا ہے کہ یہ وادی قریٰ کی ایک بستی کا نام ہے اور بعض نے اس کا جائے وقوع "خشب" اور "وادی قریٰ" کے درمیان بتایا ہے۔ علامہ سمہودی نے "ذوالمروہ" کے ذیل میں تحریر کیا ہے کہ یہ مدینہ سے آٹھ برد [2] کے فاصلہ پر ہے [3]

غزوہ تبوک کو جاتے ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قیام تین روز تک ذوالمروہ اور اس کے نواح میں رہا ہے اور یہاں آپ نے قبیلہ جہینہ کے لوگوں کو زمینیں عطا کی ہیں [4]

---

[1] الانساب للسمعانی، ونہایۃ الارب للقلقشندی۔ [2] بُرُد بَرید کی جمع ہے۔ ایک برید ۱۲ میل کا ہوتا ہے۔ [3] وفاء الوفاء ج ۲ ص ۳۷۳۔ ایضاً معجم البلدان مادہ مروۃ۔ [4] تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو بذل المجہود شرح سنن ابی داؤد ج ۴ ص ۱۶۷، ایضاً وفاء الوفاء ج ۲ ص ۳۷۳

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**بلکتۃ** اس کو "بلکتہ" اور "بلاکث" دونوں کہا جاتا ہے۔ "بلکتہ" ایک مقام کا نام ہے جو "ذوالمروہ" کے قریب ہی واقع ہے۔ علامہ یاقوت الحموی لکھتے ہیں :

| | |
|---|---|
| بلاکث قارۃ عظیمۃ فوق ذی المروۃ [1] | بلاکث ذوالمروہ کے اوپر ایک وسیع اراضی ہے۔ |

"جزء الدیبلی" کے مطبوعہ نسخہ میں یہ لفظ اس طرح چھپ گیا ہے "ملکتم" معلوم ہوتا ہے ناشر سے یہ لفظ صحیح نہ پڑھا گیا۔ "البدایہ والنہایہ" میں اس مکتوب کا جو متن نقل کیا گیا ہے اس میں "بلکثہ" ہی موجود ہے۔ البتہ "معجم البلدان" اور "وفاء الوفاء" میں جو متن ہے اس میں "بلکثہ" کا لفظ نہیں ہے بلکہ عبارت اس طرح ہے :

من ذی المروۃ الی الظبیۃ الی الجعلات الخ

**ظبیۃ** یہ ظائے معجمہ وبائے موحّدہ ویائے تحتانیہ ہے۔ چنانچہ "معجم البلدان" "الاماکن للحازمی"، "البدایۃ والنہایہ" اور "وفاء الوفاء" میں یہ اسی طرح منقول ہے۔ طبقات ابن سعد کے محققین نے اس لفظ کو "مصنعہ" بنادیا ہے جو بالکل غلط ہے۔ اصل لفظ "ظبیہ" ہی ہے۔ علامہ یاقوت، حافظ مجدالدین، ابن الاثیر، ابن منظور افریقی اور زبیدی سب نے اسی لفظ کے ذیل میں مکتوب کا متن نقل کیا ہے اور یہ تصریح کی ہے کہ یہ دیارِ جہینہ میں ایک موضع کا نام ہے جسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عوسجہ بن حرملہ رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا تھا۔

**جعلات** کتاب کے مطبوعہ نسخہ میں "جعلاب" تحریر ہے۔ طبقات ابن سعد کے محققین نے اسے جغلات پڑھا ہے لیکن "معجم البلدان"، "البدایۃ والنہایہ"

[1] معجم البلدان مادہ "بلاکث"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



اور "وفاء الوفاء" میں "جلات" ہی منقول ہے۔ اور ہمارے خیال میں یہی صحیح ہے مزید تفصیلات نہیں مل سکیں۔ بظاہر یہ ذی المروہ بلکثہ اور ظبیہ کے متصل ہی کسی جگہ کا نام ہے۔

**جبل القبلیۃ** کتاب کے مطبوعہ نسخہ میں جبل القبلہ ہے جو صحیح نہیں ہے۔ اصل لفظ قبلیۃ ہے۔ یہ قبل کی طرف منسوب ہے اور ق کے زبر اور با کے زبر کے ساتھ ہے۔ یہ ساحلِ سمندر کے قریب ہے، اس کے اور مدینہ منورہ کے درمیان بقول ابن الاثیر پانچ یوم کی مسافت ہے [۱] بعض نے اس کو موضع "فرع" کے نواح میں بتایا ہے۔ فرع نخلہ اور مدینہ کے درمیان ہے۔ علی شریف کی رائے یہ ہے کہ قبلیہ پہاڑ کی وہ چوٹی ہے جو ینبع اور مدینہ کے درمیان واقع ہے۔ اس کی حدود شام سے لے کر حث تک ہیں۔ حث بنو عرک کے ایک پہاڑ کا نام ہے۔ واضح رہے کہ بنو عرک قبیلہ جہنیہ ہی کی ایک شاخ ہے [۲]

ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کو اس کا صحیح متن اگرچہ حافظ حازمی کی کتاب "الامکنہ" میں مل گیا تھا مگر چونکہ انہوں نے اپنا اصل ماخذ طبقات ابن سعد کو بنایا ہے اس لئے ڈاکٹر صاحب کے ذکر کردہ متن میں وہ تمام غلطیاں موجود ہیں جو ان کے پیشرو مستشرق اڈورڈ سخاو اور ادجین متوخ سے سرزد ہوئی ہیں۔

**حضرت علاء بن عقبہ رضی اللہ عنہ** تراجم صحابہ کی کتابوں میں ان کا مفصل تذکرہ نہیں ملتا۔ حافظ مستغفری نے ان کو صحابہ رضی اللہ عنہم میں شمار کیا ہے اور ان کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن حزم کو جو یادداشت تحریر کرائی تھی میں اس وقت موجود تھا۔ علامہ مرزبانی نے تحریر کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان کو اور حضرت ارقم رضی اللہ عنہما کو انصار کے

---

[۱] نہایہ ابن الاثیر مادہ "قبل" [۲] معجم البلدان مادہ قبلیہ

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محلوں میں بھیجا کرتے تھے۔ ابن عساکر، ابن الاثیر، حافظ ابن حجر، حافظ ابن کثیر اور ابن حدیدہ الانصاری نے ان کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کاتبین میں شمار کیا ہے۔ حافظ ابن حجر نے معتصم بن صمادح کے حوالہ سے لکھا ہے کہ

ان العلاء بن عقبة والارقم کانا یکتبان بین الناس المداینات والعهود والمعاملات[1] — حضرت علاء بن عقبہ اور حضرت ارقم لوگوں کے مابین قرض کے تمسکات، معاہدے اور معاملات کی تفصیلات سپرد قلم کرتے تھے۔

حافظ ابن کثیر نے بھی کُتّاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذیل میں ان کا تذکرہ کرتے ہوئے حافظ ابن عساکر کے حوالہ سے عتیق بن یعقوب کی اسی روایت کا ذکر کیا ہے جو جزء الدیبلی میں مروی ہے[2]

---

[1] الاصابہ ترجمہ علاء بن عقبہ

[2] البدایہ والنہایہ ج ۵ ص ۳۵۳

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com


(۸)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هٰذا كتاب من محمّد رسول الله صلى الله عليه وسلم لبني عادياء أن لهم الذمة وعليهم الجزية، لا عداء ولا جلاء، النهار مدًّى والليل سدًّى۔ وكتب خالد بن سعيد۔

## بنو عادیاء کے نام

یہ تحریر ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے "بنی عادیاء" کے حق میں کہ انھیں امان دی جاتی ہے اور ان پر جزیہ لازم ہوگا۔ نہ تو ان پر زیادتی کی جائے گی اور نہ انھیں جلا وطن کیا جائے گا (ہر آنے والا دن اس عہد کی مدت کو بڑھاتا رہے گا۔ اور (ہر آنے والی) رات اس کو اپنے حال پر قائم رکھے گی۔

**بنو عادیاء** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ امان نامہ "بنو عادیاء" کے لئے تحریر کروایا تھا۔ "عادیاء" کا شجرۂ نسب علامہ ابن درید نے سموئل[1] کے ذیل میں یہ بیان کیا ہے:

السموئل بن حیان بن عادیاء بن رفاعۃ بن الحارث بن ثعلبۃ بن کعب۔[2]

اور علامہ ابن حزم اندلسی نے اس نسب میں "کعب" کے بعد بن عمرو بن مزیقیاء کا اضافہ کیا ہے۔[3]

---

[1] سموئل بن عادیاء عرب کا مشہور سردار ہے جو وفاء عہد میں ضرب المثل شمار کیا جاتا ہے۔
[2] الاشتقاق ص ۴۳۶ [3] جمہرۃ انساب العرب ص ۳۷۲

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ابن درید اور ابن حزم کے مذکورہ بالا شجرۂ نسب سے معلوم ہوا کہ "عادیاء" سموئل کا دادا ہے۔ لیکن علامہ یاقوت رومی اور سید مرتضیٰ زبیدی "عادیاء" کو سموئل کا باپ بتاتے ہیں۔ چنانچہ علامہ یاقوت حموی معجم البلدان میں لکھتے ہیں

| | |
|---|---|
| "الابلق" بوزن الاحمر حصن السموئل بن عادیاء الیہودی..... وکان اوّل من بناه عادیاء ابو السموئل الیہودی [1] | ابلق بروزن احمر یہ سموئل بن عادیاء یہودی کا قلعہ تھا...... جس کو سب سے پہلے سموئل یہودی کے باپ "عادیاء" نے تعمیر کیا تھا۔ |

اور علامہ مرتضیٰ زبیدی تاج العروس میں رقمطراز ہیں :

| | |
|---|---|
| عادیاء والد السموئل ممدود [2] | عادیاء بالف ممدودہ سموئل کا باپ تھا |

"عادیاء" کی مدح میں علامہ یاقوت رومی اور سید مرتضیٰ زبیدی نے سموئل اور دوسرے شعراء کے اشعار بھی نقل کئے ہیں۔ یاقوت نے "قلعہ تیماء" کے ذیل میں "بنو عادیاء" کے بارے میں جو تفصیلات لکھی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ۹ھ ہجری میں ان کو یہ "امان نامہ لکھ کر دیا ہے اور معاہدہ میں یہ طے پایا تھا کہ وہ جزیہ برابر ادا کرتے رہیں گے اور اس جزیہ کے بدلہ میں انھیں جلا وطن نہیں کیا جائے گا۔ لیکن یہودیوں کی مسلسل عہد شکنیوں کی بناء پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے عہد خلافت میں تمام یہودیوں کو جزیرۃ العرب سے نکل جانے کا حکم دیا تو سب کے ساتھ انھیں بھی اپنے جرم کی پاداش میں جلا وطن ہونا پڑا۔ طبقات ابن سعد میں "بنو عادیاء" کی بجائے "بنو غادیاء" غین کے ساتھ طبع ہوا ہے جو صحیح نہیں ہے۔

**ذمہ** علامہ ابن الاثیر "نہایہ" میں لفظ "ذمہ" کی تحقیق کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

---

[1] مادہ ابلق [2] مادہ ع دو

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| وفی الحدیث ذکر الذمّة والذمام وھما بمعنی العھد والامان والضمان والحرمة والحق، وسمّی اھل الذمة لدخولھم فی عھد المسلمین وامانھم [1] | حدیث میں "ذمہ" و"ذمام" کا ذکر آتا ہے یہ دونوں لفظ عہد، امان، ضمان، حرمت اور حق کے معنی میں مستعمل ہوتے ہیں۔ ذمیوں کو "اہل الذمہ" (ذمی) اسی لئے کہا جاتا ہے کہ مسلمانوں کے عہد اور ان کی امان میں داخل ہیں۔ |

**جزیہ** | وہ ٹیکس ہے جو اسلامی سلطنت میں ذمیوں سے ان کی جان ومال کی حفاظت کے بدلہ میں لیا جاتا ہے۔ امام قرطبی اپنی تفسیر "جامع احکام القرآن" میں آیت کریمہ حَتّٰی یُعْطُوا الْجِزْیَةَ کے ذیل میں ارقام فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| "الجزیة" وزنھا فِعْلَة من جزی یجزی اذا کافأ عما اسدی الیہ فکأنھم اعطوھا جزاء ما منحوا من الأمن [2] | "جزیہ" بروزن فعلة جزی یجزی سے مشتق ہے جس کا استعمال اس موقع پر ہوتا ہے جب کسی کے احسان کا بدلہ چکایا جائے۔ گویا ذمیوں کو جو امن دیا جاتا ہے اس کی جزا میں وہ جزیہ ادا کیا کرتے ہیں۔ |

**عَدَاء** | عداء بفتح عین والف ممدودہ اس کے معنی ظلم اور حد سے تجاوز کرنے کے ہیں

**جَلاء** | جلاء کے معنے ہیں شہر بدر کرنا۔ اردو میں جلاوطنی اسی معنی میں مستعمل ہے۔ اس میں جیم پر فتحہ ہے۔ کتاب کے مطبوعہ نسخہ میں خلا کے ساتھ طبع ہوا ہے جو غلط ہے۔

---

[1] نہایہ مادہ ذمم۔ [2] ج ۸ ص ۱۱۴

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مَدًی اور سُدًی

"مَدَی" بفتح میم انتہائی مدت وغایت کے معنی میں آتا ہے۔ سُدَی سین کے پیش کے ساتھ بھی مستعمل ہے اور اس کے زبر کے ساتھ بھی۔ "ابل سدی" ایسے اونٹوں کو کہا جاتا ہے جن کو بے قید چھوڑ دیا جائے۔ علامہ زمخشری "النہار مدی واللیل سدی" کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

| | |
|---|---|
| فی کتاب له صلی الله علیه وسلم لیهود تیماء: ان لهم الذمة وعلیهم الجزیة بلا عداء، النهار مدی واللیل سدی وکتب خالد بن سعید۔ | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مکتوب میں جو یہود تیماء کو لکھا تھا یہ ہے کہ "ان کو امان ہے اور ان پر جزیہ لازم ہے۔ اور ان پر کسی قسم کی زیادتی نہ ہوگی، ہر آنے والا دن اس عہد کو دوام بخشے گا اور ہر آنے والی رات اسے بحالہ قائم رکھے گی کاتب خالد بن سعید" |
| المدی (الغایة) ای النهار ممدودًا دائمًا غیر منقطع ..... "سدًی" ای مخلًی متروکًا علی حاله فی الدوام والاتصال [1] | "مدی" کے لغوی معنی کسی چیز کی غایت و انتہا کے ہیں یعنی دن اس معاہدہ کو دوامی اور غیر منقطع بناتا رہے گا۔ "سدی" کا مطلب یہ ہے کہ ہمیشہ کیلئے اس کو اپنے حال پر چھوڑ دیا گیا۔ |

اور علامہ ابن الاثیر فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| و منه الحدیث: انه کتب لیهود تیماء ان لهم الذمة و علیهم الجزیة بلا عداء، | اور اسی مادہ میں حدیث کے الفاظ ہیں کہ آپ نے تیماء کے یہودیوں کے لئے یہ تحریر کرایا تھا کہ "ان کو امان ہے اور ان پر جزیہ لازم ہے کسی قسم کی زیادتی |

---

[1] الفائق ج ۳ ص ۱۴۰

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| النهار مدی واللیل سدی ای ذٰلك لهم ما دام اللیل والنهار. یقال: لا افعله مَدی الدھر ای طوله و"السدی" المخلی۔ [1] | کے بغیر۔ جب تک کہ دن اور رات باقی رہیں گے یہ معاہدہ اپنی جگہ پر قائم ہے محاورہ ہے لا افعله مدی الدھر (یعنی میں اس کام کو ساری عمر نہیں کرونگا) "سدی" کے معنی ہیں کسی چیز کو اس کے حال پر چھوڑ دینے کے۔ |

کتاب کے مطبوعہ نسخہ میں "النھار مدّ واللیل سدّ" ہے۔ اور طبقات ابن سعد میں "اللیل مدّ والنهار شدّ" طبع ہوا ہے۔ اور اس کی تشریح ان الفاظ میں درج ہے:

| | |
|---|---|
| وقوله مد: یقول یمدّہ اللیل ویشدّہ النّھار۔ | یعنی "مد" کا مطلب یہ ہے کہ رات اس عہد کو دراز کرتی رہے گی اور دن اس کو پختہ کرتا رہے گا۔ |

ڈاکٹر حمید اللہ اور علی حسین علی احمدی دونوں حضرات نے طبقات ابن سعد سے حدیث کے اس جملے کو بعینہٖ اسی طرح اپنی اپنی تصانیف میں درج کر دیا ہے۔ اور کتبِ لغت سے اس سلسلہ میں مراجعت نہ کی جو اس محاورہ پر مطلع ہوتے اور پتہ چلتا کہ یہ دونوں لفظ مضاعف نہیں بلکہ ناقص ہیں۔ پھر مستشرقین سے کیا شکوہ!

---

[1] النہایہ مادہ عدا

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(٩)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھٰذا کتاب من محمد رسول اللہ النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) لبنی عریض طعمة من رسول اللہ عشرة اوسق قمحاً وعشرة اوسق شعیراً فی کل حصادٍ، وخمسین وسق تمراً فی کل جدادٍ، یوفون ذٰلک کل عامٍ لحینہ، لا یظلمون فیہ شیئاً وکتب خالد بن سعید۔

# بنو عریض کے نام

"یہ تحریر ہے محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف سے بنو عریض کے حق میں کہ رسول اللہ کی طرف سے خیرات کے طور پر ان کی مدد معاش کے لئے دس وسق گیہوں، دس وسق جو ہر فصل کی کٹائی کے موقع پر۔ اور پچاس وسق کھجوریں جب بھی کھجوریں توڑی جائیں ہر سال اپنے موسم پر ان کو پوری پوری دی جائیں۔ اور اس دینے دلانے میں ان پر ذرا سا بھی ظلم نہ ہونے پائے۔" کاتب خالد بن سعید

اس فرمان میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود بنی عریض کو بطور خیرات سالانہ غلہ کی ایک مخصوص مقدار مقرر فرمائی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عطیہ سے غیر مسلموں کے ساتھ آپ کے حسن سلوک کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

**بنو عریض** "بنو عریض" کے نسب کی تفصیلات علم الانساب کی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



متداول کتابوں میں عام طور پر نہیں ملتی ہیں۔ علامہ ابن سعد نے جہاں اس مکتوب کو نقل کیا ہے وہیں اتنی تصریح اور کردی ہے کہ:

وبنو عریض قوم من الیھود[1] بنو عریض یہود کی ایک قوم ہے

البتہ علامہ عبداللہ البکری نے اپنی کتاب "معجم ما استعجم من اسماء البلاد والمواضع" کے مقدمہ میں ضمناً "بنو عریض" کے بارے میں کچھ تفصیلات قلمبند کی ہیں اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عطیہ کا بھی ذکر کیا ہے۔ ان کی ذکر کردہ تفصیلات سے معلوم ہوتا ہے کہ بنو عریض "وادی قری"[2] میں اس مقام پر آباد تھے جو قدیم زمانہ میں عاد و ثمود کا مسکن تھا۔ ان کا پیشہ زراعت اور کھیتی باڑی تھا۔ "وادی قری" میں انہوں نے زراعت اور آب رسانی کو بڑی ترقی دی تھی۔ ان کے وہاں آباد ہونے کے کچھ عرصہ بعد قبائل سعد ہذیم بھی نقل مکانی کرکے یہیں آبسے۔ اس ہمسائگی کی بنا پر بنو عریض اور سعد ہذیم آپس میں ایک دوسرے کے حلیف بن گئے اور ان کے باہم ایک معاہدۂ امن ہوگیا جس میں اور شرائط کے علاوہ ایک شرط یہ بھی تھی کہ یہود "بنو عریض" "سعد ہذیم" کو ہر سال غلہ کی ایک مخصوص مقدار ادا کرتے رہیں گے اور اس کے عوض "سعد ہذیم" دیگر قبائل کے مقابلہ میں ان کی حفاظت کریں گے۔

اسلام کی سربلندی کے بعد جب "سعد ہذیم" کا وفد جمرہ بن النعمان کی سرکردگی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو یہود بنو عریض بھی ان کے ساتھ تھے۔ بنو عریض حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کرنے کیلئے کچھ تحائف بھی ساتھ لائے تھے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے جب سعد ہذیم کے سردار جمرہ بن النعمان کو بطور جاگیر زمین کا ایک قطعہ عطا فرمایا تو یہود بنی عریض پر بھی ازراہِ شفقت یہ احسان فرمایا کہ غلہ کی جتنی مقدار یہ سعد ہذیم کو دیا کرتے تھے

[1] ج ۱ ق ۲ صـ۳۳ [2] وادی قری خیبر اور تیماء کے درمیان واقع ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



اتنی ہی مقدار بیت المال سے ہر سال ان کے لئے مخصوص فرمادی اور مذکورہ بالا فرمان اس سلسلہ میں تحریر کروادیا۔

علامہ بکری لکھتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مقرر کردہ یہ خیرات آج بھی بیت المال سے ان کے لئے جاری ہے۔ واضح رہے کہ علامہ بکری کا انتقال ۴۸۷ھ میں ہوا ہے۔ ان کے ساتھ ایک استثنائی سلوک یہ بھی کیا گیا کہ انھیں جلاوطن نہیں کیا گیا حالانکہ جزیرۃ العرب سے تمام یہود کو نکال دیا گیا تھا[1]

**طعمہ** بضم طاء مہملہ مدد معاش کے لئے جو عطیہ دیا جائے وہ "طعمہ" کہلاتا ہے

وسق میں واو کا زبر مشہور ہے لیکن بعض لوگ اس کو زیر کے ساتھ بھی بولتے ہیں۔ یہ ایک پیمانہ ہے جس کی مقدار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقرر کردہ صاع کے مطابق ساٹھ صاع ہے[2]

"صاع" کے مقدار کی تعیین میں اہل حجاز واہل عراق میں اختلاف ہے۔ اہل عراق کے نزدیک ایک صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے اور اہل حجاز کے نزدیک پانچ رطل اور ایک ثلث رطل کا[3]۔ اس حساب سے ایک وسق عراقیین کے نزدیک چار سو اسّی رطل کا ہوا اور حجازیین کے نزدیک تین سو بیس رطل کا۔

---

[1] ص۲۴۴    [2] النھایہ مادہ وسق۔    [3] کتاب الاموال لابی عبید ص۵۱۸

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

هٰذا كتاب من محمد رسول الله (صلى الله عليه وسلم) لتميم بن اوس الداري : ان له عينون قريتها كلها سهلها وجبلها وحرثها وكرومها وانباطها وبقرها، ولعقبه من بعده، لا يحاقه فيها احد ولا يدخل عليه بظلم فمن اراد ظلمهم او واحداً[1] منهم فان عليه لعنة الله والملائكة والناس اجمعين . وكتب علي

## حضرت تمیم بن اوس داری کے نام

"یہ تحریر ہے محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف سے تمیم بن اوس داری کے حق میں کہ "عینون" کا گاؤں سارے کا سارا اس کے میدان، پہاڑ کھیت، انگور کی بیلیں کنوؤں کا پانی اور گائے بیل ان کے ہیں اور ان کے بعد ان کی اولاد کے۔ اس کے بارے میں کوئی اور شخص اپنا حق نہ جتاتے اور نہ ناجائز طریقہ پر ان کے خلاف مداخلت کرے۔ پھر جس نے ان کو یا ان (کی اولاد) میں سے کسی کو ستانا چاہا تو اس پر خدا کی فرشتوں کی اور تمام انسانوں کی لعنت ہو۔"

یہ مکتوب مزید اضافے اور الفاظ کے معمولی تغیر کے ساتھ "حزر دیلی" کے علاوہ امام ابویوسف کی "کتاب الخراج"، ابن سعد کی "کتاب الطبقات" اور علامہ قلقشندی کی "صبح الاعشیٰ" میں بھی مذکور ہے

**حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ** تمیم نام، ابو رقیہ کنیت اور داری نسبت ہے۔ سلسلہ نسب میں معمولی سا اختلاف ہے۔

[1] یہ مطبوعہ نسخے میں او واحدۃ طبع ہو گیا ہے۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ مشہور صحابی ہیں۔ پہلے نصرانی تھے اور فلسطین میں راہب تھے۔ ابن سعد، ابن عبدالبر اور ابن حجر کی رائے کے مطابق سنہ ۹ ھجری میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر مسلمان ہوئے اور مدینہ منورہ ہی میں اقامت گزیں ہو گئے۔ عیسائیت کے دوران بھی یہ بڑے عابد وزاہد تھے اسلام لانے کے بعد ان کا ذوقِ عبادت اور بڑھ گیا۔ تہجد کا بڑا اہتمام تھا۔ ایک رات نماز کے لئے کھڑے ہوئے تو ساری رات اسی ایک آیت کی تکرار کرتے گزار دی اَمۡ حَسِبَ الَّذِیۡنَ اجۡتَرَحُوا السَّیِّاٰتِ یہ پڑھتے جاتے تھے اور روتے جاتے تھے۔ تمام شب رقت کی یہی کیفیت رہی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد میں شرکت کی سعادت بھی میسر ہوئی۔ ان سے اٹھارہ کے قریب احادیث مروی ہیں۔ دجّال سے ملاقات کا واقعہ جو حدیث کی کتابوں میں "قصۃ الجسّاسۃ" کے نام سے مشہور ہے انھیں کے ساتھ پیش آیا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس واقعہ کو ان کی منقبت میں شمار کیا تھا۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد مدینہ منورہ سے شام منتقل ہو گئے تھے اور وہیں انتقال فرمایا۔ قبر مبارک فلسطین کے ایک شہر "بیت جبرین" میں ہے۔[1]

**الداری** دار بن ہانی بن حبیب بن نمارہ بن لخم کی طرف نسبت ہے، جو حضرت تمیم کے دادا کا نام ہے۔ ان کا تعلق قبیلہ خزاعہ کی مشہور شاخ بنو لخم سے تھا۔ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ "دار" کوئی محلہ یا مکان تھا اس کی نسبت سے ان کو "داری" کہا جاتا ہے۔[2]

"داریین" کا وفد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کب حاضر ہوا اس کے بارے میں عام طور پر مؤرخین یہ لکھتے ہیں کہ سنہ ۹ ھجری میں جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تبوک سے واپس تشریف لائے ہیں اس وقت یہ وفد حاضر خدمت ہوا تھا۔ یہ وفد دس افراد پر مشتمل تھا۔ جن میں حضرت تمیم داری اور ان کے بھائی حضرت نعیم بن اوس بھی شامل

---

[1] الاستیعاب لابن عبدالبر، اسد الغابہ لابن الاثیر، الاصابہ لابن حجر۔ تذکرۂ تمیم داری
[2] اللباب ج ۱ ص ۴۰۵، نہایۃ الارب للقلقشندی ص ۵۳

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com

تھے اسی موقع پر یہ لوگ مشرف باسلام ہوئے۔ شرکاء وفد نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گھوڑے، پارچہ جات اور شراب بطور ہدیہ پیش کی تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کے علاوہ بقیہ چیزیں قبول فرمالیں۔ علامہ ابن سعدؒ کے بیان کے مطابق اسی موقع پر ان لوگوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ ملکِ شام کو آپ کے زیرِ نگیں کر دے تو وہاں کے دو گاؤں "جبرون" اور "بیت عینون" ہمیں بطور جاگیر عطا فرمائیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی یہ درخواست منظور فرمالی اور اس سلسلہ میں یہ وثیقہ تحریر کروا دیا۔[1]

تاریخ ابن عساکر، سیرتِ حلبیہ[2] اور سیرت زینی دحلان[3] میں اس کے برخلاف یہ مرقوم ہے کہ "داریین" کا وفد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو مرتبہ حاضر ہوا تھا۔ ایک مرتبہ تو ہجرت سے پہلے اور دوسری مرتبہ ہجرت کے بعد۔ ہجرت سے قبل جو وفد آیا تھا اس میں ابو ہند داری، تمیم داری اور نعیم داری کے علاوہ چار افراد اور تھے۔ ان لوگوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی تھی کہ ملک شام میں ان کو کچھ زمین عطا فرمائی جائے۔ آپ نے ان کی درخواست کو شرفِ پذیرائی عطا فرماتے ہوئے ارشاد کیا کہ جس زمین کا چاہو انتخاب کرلو۔ چنانچہ ان لوگوں نے "بیت جبرون" اور اس کے نواحی علاقے کو منتخب کیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس علاقہ کی ملکیت کا پروانہ ان کے حوالہ کیا اور ارشاد فرمایا کہ اس وقت تو چلے جاؤ اور جب تم یہ سنو کہ میں نے مدینہ کو ہجرت کرلی ہے تو اس وقت میرے پاس آجانا۔ چنانچہ حسبِ ہدایت جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں تشریف فرما ہوئے تو دوبارہ یہ لوگ خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہمارے پروانہ جاگیر کی تجدید کردی جائے۔ اس عرضداشت پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اور وثیقہ لکھوا کر ان کو دیدیا۔

---

[1] طبقات کبریٰ ج ۱ ص ۳۴۴ ۔ [2] انسان العیون المعروف بالسیرۃ الحلبیہ ج ۳ ص ۲۴۲
[3] ج ۳ ص ۶۰

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



موخر الذکر روایت کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ کتب سیرت میں "داریین" کے نام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جو مکتوب منقول ہیں ان دونوں کا مضمون تقریباً ایک سا ہے لیکن کاتب اور گواہ دونوں کے علیحدہ علیحدہ ہیں۔ اس سے بظاہر یہی سمجھ میں آتا ہے کہ یہ دونوں مکتوب علیحدہ علیحدہ اوقات میں ضبطِ تحریر میں آئے ہیں۔

**عینون** طبقات ابن سعد اور جزء الدیبلی میں عینون ہی طبع ہوا ہے "کتاب الخراج"[۱] امام ابو یوسف میں "بیت عینون" اور "صبح الاعشٰی"[۲] میں صیہون چھپا ہے۔

عینون عین کے زبر کے ساتھ عبرانی لفظ ہے۔ یہ "بیت المقدس" کے مضافات میں ایک بستی کا نام ہے۔ "بیت عینون" ہمیں الگ سے کتبِ لغت و جغرافیا میں کہیں نہیں ملا۔

"صیہون" بھی "بیت المقدس" میں ایک مشہور و معروف جگہ ہے۔ اس کے علاوہ بحر شام کے ساحلی علاقہ میں ایک قلعہ کا نام بھی "صیہون" ہے۔

"داریین" کے نام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعدد مکاتیب کتبِ تاریخ و سیر میں ملتے ہیں۔ ان میں دو مکاتیب کا مفہوم تو تقریباً ایک ہی ہے البتہ الفاظ کا معمولی سا اختلاف ہے۔ تیسرا مکتوب خاص حضرت تمیم داری کے نام ہے۔ ان مکاتیب کے اوقاتِ تحریر مختلف ہیں۔ ایک مکتوب تو "داریین" کے لئے اس وقت تحریر کرایا گیا جبکہ ان کا وفد مکہ معظمہ میں ہجرت سے قبل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تھا۔ یہ لوگ چونکہ عیسائی تھے اور ان کو نبی آخر الزماں کے عروج کا اندازہ تھا اس لئے انہوں نے پیشگی ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں درخواست کر دی تھی کہ جب حق تعالٰے ملکِ شام اور

---

[۱] ص ۱۳۲    [۲] ج ۱۳ ص ۱۲۱

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


سرزمینِ بیت المقدس کو آپ کے زیرنگیں کر دے تو آپ حبرون، بیت ابراہیم بیت عینون اور مرطوم وغیرہ مواضع ہمیں عطا فرما دیں۔ چنانچہ آپ نے ان کی درخواست کو شرفِ قبول عطا فرما کر حسبِ ذیل فرمان ان کے حق میں لکھوا دیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"ھٰذا کتاب ذکر فیہ ما وھب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للداریین اذا اعطاہ اللہ الارض وھب لھم بیت عینون وحبرون والمرطوم وبیت ابراھیم علیہ الصلوٰۃ والسلام الی ابد الابد۔ شھد بذلک عباس بن عبد المطلب وخزیمۃ بن قیس وشرحبیل بن حسنۃ. وکتب"

اس وثیقہ کو عطا کرنے کے بعد آپ نے اہل وفد کو ہدایت فرمائی کہ اب تو واپس ہو جاؤ اور جب میں مدینہ ہجرت کروں تو پھر وہاں آنا چنانچہ حسب قرارداد "داریین" کا وفد ۹ھ ہجری میں پھر حاضر خدمتِ اقدس ہوا اور تجدیدِ وثیقہ کی درخواست کی اور آپ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو بلا کر پھر ان کے حق میں ایک وثیقہ تحریر کروا دیا، جس کے الفاظ درج ذیل ہیں:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھٰذا ما اعطی محمد رسول اللہ لتمیم الداری واصحابہ، انی اعطیتکم بیت عینون وحبرون والمرطوم وبیت ابراھیم برمتھم وجمیع ما فیہ نطیۃ بت ونفذت وسلمت ذلک لھم ولاعقابھم

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



من بعدهم ابد الابد. فمن أذاهم أذاه الله
شهد بذلك ابوبكر بن ابی قحافة وعمر بن الخطاب وعثمان
وعلی بن ابی طالب ومعاویة بن ابی سفیان وکتب.

پہلے وثیقہ میں گواہ حضرت عباس بن عبد المطلب، حضرت خزیمہ بن قیس اور حضرت شرحبیل رضی اللہ عنہم تھے۔ حضرت شرحبیل ہی نے اس کو لکھا بھی تھا۔ دوسرے وثیقہ کے شاہدوں میں خلفاء راشدین اور حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہم ہیں اور مؤخر الذکر ہی اس کے کاتب بھی ہیں۔

تیسرا وثیقہ جسے محدث دیبلی نے روایت کیا ہے وہ خاص حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام ہے۔ اس وثیقہ میں "داریین" کے عام عطیہ میں سے کچھ حصہ کی خصوصی طور پر ان کے اور ان کی اولاد کے لئے تعیین کی گئی ہے اور اسی سلسلہ میں یہ تحریر ان کو لکھ کر دی گئی ہے۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھٰذا ما اعطی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنی شمخ اعطاھم ما حظروا من ضعینۃ وما حرثوا فمن حاقھم فانہ لاحق لھم وحقھم حق۔ وکتب العلاء بن عقبۃ وشھد۔

# بنو شمخ کے نام

"یہ وہ عطیہ ہے جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو شمخ کو دیا آپ نے ان کو ضعینہ کی وہ زمین جسے انہوں نے گھیر رکھا ہے اور جہاں وہ کھیتی باڑی کرتے ہیں، عطا کی۔ جو ان کے خلاف اپنا حق جتائے اس کا حق نہیں، اصل حق انہیں کا ہے۔

کاتب اور گواہ علاء بن عقبہ"

**بنو شمخ** | شمخ میں پہلے شین معجمہ پھر میم پھر خا معجمہ ہے۔ طبقات ابن سعد میں بنی شمخ نون کے ساتھ تحریر ہے[1] "البدایہ والنہایہ"[2] میں بنو سیح لکھا ہوا ہے اس کے ساتھ ہی مذکورہ بالا دونوں کتابوں میں یہ تصریح بھی ہے کہ بنو شنخ یا بنو سیح کا تعلق قبیلہ جہینہ سے ہے۔ ہمارے خیال میں یہ لفظ نہ شنخ ہے اور نہ سیح بلکہ شمخ ہے۔ جیساکہ دیبلی کے مطبوعہ نسخے میں ہے۔ کیونکہ سیح یا شنخ نامی کسی قبیلہ کا ذکر انساب کی عام کتابوں میں نہیں ملتا۔

---

[1] ج ۱ ص ۲۷۱ [2] ج ۵ ص ۳۵۳

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علماء انساب بنو شمخ کا تذکرہ قضاعہ کے ذیل میں بھی کرتے ہیں اور فزارہ کے ذیل میں بھی۔ چنانچہ علامہ قلقشندی لکھتے ہیں :

| | |
|---|---|
| بنو شمخ بطن من جرم قضاعۃ من القحطانیۃ ایضاً بطن من فزارۃ من العدنانیۃ، وھم بنو شمخ بن فزارۃ منھم سمرۃ بن جندب احد اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم[1] | بنو شمخ قبیلۂ قضاعہ کی ایک شاخ ہے جو قحطانی ہیں۔ اسی طرح قبیلۂ فزارہ میں بھی اس نام سے ایک شاخ ہے جو عدنانی ہے۔۔۔؟ حضرت سمرہ بن جندب صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی مؤخر الذکر قبیلہ سے ہیں۔ |

علامہ ابن الاثیر نے بنو مخزوم میں بھی شمخ نامی ایک شخص کا تذکرہ کیا ہے، چنانچہ وہ علامہ سمعانی کا تعاقب کرتے ہوئے رقمطراز ہیں :

| | |
|---|---|
| قلتُ فاتہ النسبۃ الی شمخ بن فار بن مخزوم بن صاھلۃ بن کاھل بن الحرث بن تمیم بن سعد بن ھذیل بن مدرکۃ منھم عبد اللہ بن مسعود بن غافل بن حبیب بن شمخ من جلۃ الصحابۃ[2] | میں کہتا ہوں کہ سمعانی سے شمخ بن فار بن مخزوم الخ کی طرف جو نسبت تھی اس کا ذکر رہ گیا ہے ان میں ہی عبد اللہ بن مسعود بن غافل بن حبیب بن شمخ ہیں جو جلیل القدر صحابی اور فقیہ ہیں |

**حظر وا** حظر کے لغوی معنی منع کرنے اور روکنے کے ہیں۔ قرآن مجید میں ہے وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا "اور تیرے رب کی بخشش کسی نے نہیں روک لی" عربی میں کہا جاتا ہے حظر الرجل حظرا یعنی فلاں شخص نے باڑھ کھینچ لی۔ اسی

---

[1] نہایۃ الارب ص ۳۰۷ [2] اللباب فی معرفۃ الانساب ج ۲ ص ۲۸

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



سے الحظیرہ (باڑہ) بنایا گیا ہے۔ حظیرہ گھری ہوئی جگہ کو بھی کہا جاتا ہے
چنانچہ مشہور شاعر مرار بن منقذ کہتا ہے

فان لنا حظائر ناعمات عطاء الله رب العالمینا

اللہ رب العالمین کے عطا کردہ ہمارے پاس سرسبز و شاداب باغات موجود ہیں

**ضعینہ** جزء دیبلی کے مطبوعہ نسخہ میں ضعینہ تحریر ہے مگر ضعینہ نامی کسی مقام کا ذکر جغرافیہ کی عام کتابوں میں نہیں ملتا البتہ علامہ مجد الدین فیروز آبادی نے "ذو الظعینہ" کے نام سے ایک موضع کا ذکر کیا ہے۔ طبقات ابن سعد میں "صفینہ" چھپا ہے۔ صفینہ کے بارے میں یاقوت نے تین جگہ کی نشاندہی کی ہے، ایک تو یہ کہ یہ سفینہ کے وزن پر ہے اور بنی سالم اور قباء کے درمیان ایک موضع کا نام ہے، دوسرے یہ کہ یہ مصغر ہے اور دیار بنی سلیم کے بالائی حصے میں ایک شہر کا نام ہے جہاں کھجوریں کثرت سے ہوتی ہیں، نیز صفینہ تصغیر کے ساتھ حجاز کا ایک سرسبز و شاداب موضع ہے جو مکہ معظمہ سے دو دن کی مسافت پر واقع ہے اور جس کی آبادی بہت زیادہ ہے

علامہ سمہودی نے بھی صفینہ کو سفینہ کے وزن پر بتایا ہے اور لکھا ہے کہ یہ بنی سالم اور قباء کے درمیان ایک موضع کا نام ہے۔[1]

ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے مکتوب کے متن کو دیبلی اور ابن سعد دونوں کے حوالہ سے نقل کیا ہے اور طبقات ابن سعد میں جو نسخہ جو چھپا ہے، اس کی اصلاح تو کر دی ہے لیکن ابن سعد کی اس تصریح کو کہ ان کا تعلق قبیلہ جہینہ سے ہے باقی رکھا ہے۔

---

[1] وفاء الوفاء ج ۲ ص ۳۳۶ [2] مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ۔ مکتوب نمبر ۱۵۵

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۲)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

ھٰذا کتاب من محمد النبی رسول اللّٰہ (صلی اللّٰہ علیہ وسلم) لبنی الجرمز بن ربیعۃ انھم آمنون فی بلادھم وان لھم ما اسلموا علیہ۔ وکتب المغیرۃ۔

# بنو جرمز بن ربیعہ کے نام

یہ تحریر ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے بنو جرمز بن ربیعہ کے حق میں کہ انھیں ان کے شہروں میں امان دی جاتی ہے اسلام لاتے وقت یہ جن چیزوں کے مالک تھے وہ بدستور انھیں کی رہیں گی۔ کاتب مغیرہ بن شعبہ

**جرمز بن ربیعہ** جزء دیبلی کے مطبوعہ نسخے میں حربن ربیعہ ہے اور طبقات ابن سعد میں جرمز بن ربیعہ طبقات کی اصل عبارت حسب ذیل ہے:

وکتب رسول اللہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لبنی الجرمز بن ربیعۃ وھم من جھینۃ انھم آمنون ببلادھم ولھم ما اسلموا علیہ [1]

اس متن میں وھم من جھینۃ کے الفاظ زائد ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ "بنو جرمز" قبیلہ جہینہ کی ایک شاخ ہے لیکن ہمیں علم الانساب کی موجودہ متداول کتابوں میں بنو الحربن ربیعہ یا بنو الجرمز بن ربیعہ نامی کسی ایسے خاندان کا پتہ نہیں چل سکا کہ جس کا تعلق جہینہ سے ہو اس لئے اس بارے میں ہم ابھی تک کسی فیصلہ پر نہ پہنچ سکے۔ "طبقات ابن سعد" میں اس مکتوب کے علاوہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک اور مکتوب بھی مذکور ہے اور اس میں بھی بنو الجرمز کا ذکر آتا ہے۔ اس مکتوب کے الفاظ یہ ہیں۔

---

[1] طبقات ابن سعد ج ۱ ص ۲۷۱

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



وکتب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعمرو بن معبد الجهنی وبنی الحرقة من جهینة وبنی الجرمز من اسلم منهم واقام الصلوٰة وآتی الزکوٰة واطاع اللہ ورسوله واعطی من الغنائم الخمس وسهم النبی الصفی ومن اشهد علی اسلامه وفارق المشرکین فانه آمن بامان اللہ وامان محمد وما کان من الدین مدونة لاحد من المسلمین قضی علیه برأس المال وبطل الربا فی الرهن وان الصدقة فی الثمار العشر ومن لحق بهم فان له مثل مالهم۔[1]

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرو بن معبد الجہنی اور قبیلۂ جہینہ کے بنی الحرقہ اور بنی الجرمز کے نام یہ فرمان لکھوایا کہ ان میں سے جو اسلام لائے، نماز قائم کرے، زکوٰۃ ادا کرے، اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے، مالِ غنیمت میں سے خمس اور نبی کا منتخب حصہ ادا کرے اور جو بھی اپنے اسلام کا اظہار کرے اور مشرکین سے علیحدہ رہے وہ اللہ اور اس کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امان میں رہے گا اور مسلمانوں میں کسی کا کوئی قرض واجب الادا ہوگا تو اسے صرف اصل مال دیا جائے گا۔ رھن کا سود باطل ہوگا اور پھلوں میں صدقہ عشر کی صورت میں ہوگا اور جو ان کے ساتھ لاحق ہوگا اس کے حقوق و واجبات بھی وہی ہوں گے جو ان کے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ اصل معاہدہ جو بنو الجرمز اور دوسرے افراد سے ہوا یہی ہو اس لئے کہ اس میں بالتفصیل تمام شرائط مذکور ہیں۔ غالباً اس معاہدہ کے لکھے جانے کے بعد بنو الجرمز نے مزید تاکید کے لئے علیحدہ اپنے لئے ایک اور امان نامہ لکھوا لیا ہوگا۔

[1] طبقات ابن سعد ج ۱ ص ۲۷۱

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھٰذا ما اعطی محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) بنی قرۃ بن عبد اللہ بن نجیح النھدیین اعطاھم المظلۃ کلھا ارضھا وماءھا وسھلھا وجبلھا مما یرعون فیہ مواشیھم وکتب معاویۃ بن ابی سفیان۔

## بنو قرہ کے نام

یہ وہ عطیہ ہے جو محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے بنو قرہ بن عبد اللہ بن نجیح نہدیین کو دیا "مظلہ" سارا کا سارا۔ اس کی زمین، پانی، میدان اور پہاڑ جہاں وہ اپنی مویشی چراتے ہیں، ان کو دیے جاتے ہیں۔

کاتب معاویہ بن ابی سفیان۔

جزء دیبلی کے علاوہ "طبقات ابن سعد" میں بھی یہ متن موجود ہے۔ اس مکتوب کی تفصیلات عام طور پر کتابوں میں نہیں ملتی ہیں مثلاً بنو قرۃ بن عبد اللہ بن نجیح نہدیین جن کے نام یہ مکتوب تحریر کروایا گیا ہے ان کا تفصیلی سلسلہ نسب نہیں ملتا۔ "طبقات ابن سعد" میں بنو قرہ کا انتساب بنو نبہان کی طرف ہے اور اس میں انہیں نبہانیین لکھا گیا ہے۔ جزء دیبلی میں ان کو بنو نہد کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔

اگر طبقات ابن سعد کی روایت کے مطابق ان کو "بنو نبہان" میں شمار کیا جائے تو اس صورت میں ان کا تعلق قبیلہ طے سے ہوگا۔

---

سلہ طبقات ابن سعد ج ۱ ص ۲۶۶

Marfat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


علامہ ابن الاثیر "النبھانی" کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

| | |
|---|---|
| النبھانی بفتح النون وسکون الباء وبعدھا ھاء نسبۃ الی نبھان واسمہ سودان بن عمرو بن الغوث من طی ۔ لہ | نبھانی میں نون کا زبر اور باء کا سکون ہے اور باء کے بعد ھا ہے ۔ یہ نبھان کی طرف نسبت ہے جس کا نام سودان بن عمرو بن الغوث ہے اور جو قبیلہ طے سے ہے |

اور اگر دیبلی کے مطبوعہ نسخہ کے مطابق اسے "النھدیین" پڑھا جائے تو پھر ان کا سلسلۂ نسب "قضاعہ" سے ملیگا ۔

علامہ قلقشندی بنو نھد کے ذیل میں رقمطراز ہیں :

| | |
|---|---|
| بنو نھد بطن من قضاعۃ من القحطانیۃ وھم بنو نھد بن زید بن لیث بن سود بن اسلم بن الحافی بن القضاعۃ ۔ ٢ہ | بنو نھد قضاعہ کی ایک شاخ ہے جو قحطانی ہیں اور ان کا سلسلۂ نسب یہ ہے : بنو نھد بن زید بن لیث بن سود بن اسلم بن الحافی بن قضاعہ ۔ |

**مطلہ** مکتوب میں جو جگہ بنو قرہ کو دی گئی ہے جزء دیبلی میں اسے "مطلہ" بطائے مہملہ تحریر کیا گیا ہے ۔ طبقاتِ ابن سعد کے مطبوعہ نسخہ میں اسے "مظلہ" بظائے معجمہ نقل کیا گیا ہے ۔ چونکہ جغرافیا کی عام کتابوں میں "مطلہ" یا "مظلہ" کے نام سے ہمیں کوئی جگہ نہیں مل سکی اس لئے سردست یہ فیصلہ مشکل ہے کہ یہاں درحقیقت کس لفظ کو محفوظ کیا ہے اور اس جگہ کا محلِ وقوع اور دیگر جغرافیائی تفصیلات کیا ہیں البتہ اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ یہ مکتوب چونکہ "بنو نھد" یا "بنو نبھان" کے نام ہے اس لئے "مطلہ" یا "مظلہ" بھی ان کے حدود میں کوئی مقام ہوگا ۔

---

لہ اللباب ج ۲ ۔ صلاا      ٢ہ نہایۃ الادب ص ۴۳۳

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



(۱۴)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

هٰذا ما اعطی محمد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) عباس بن مرداس السلمی اعطاہ مذمورا فمن حاقہ فلاحق لہ وحقہ حق وکتب العلاء بن عقبۃ وشهد۔

# عباس بن مرداس سلمی کے نام

یہ وہ عطیہ ہے جو محمد نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) نے عباس بن مرداس سلمی کو دیا آپ نے ان کو "مذمور" عطا کیا جو ان کے خلاف اپنا حق جتائے گا اس کا کوئی حق نہیں۔ اصل حق انہیں کا ہے۔ کاتب اور گواہ علاء بن عقبہ۔

**حضرت عباس بن مرداس سلمی رضی اللہ عنہ** یہ مشہور صحابی ہیں۔
ان کی کنیت "ابوالہیثم" اور "ابوالفضل" دونوں بیان کی جاتی ہیں۔ بنو سلیم سے تعلق رکھتے ہیں۔ سلسلۂ نسب "ابن عبدالبر" اور ابن الاثیر نے یہ نقل کیا ہے[۱][۲]

"عباس بن مرداس بن ابی عامر بن حارثہ بن عبد بن عبس بن رفاعہ بن الحارث بن حی بن الحرث بن بہثہ بن سلیم بن منصور السلمی"

فتح مکہ سے کچھ عرصہ قبل اسلام لائے تھے۔ "بنو سلیم" کے اس وفد میں شریک تھے جو ۸ھ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تھا اور جس نے فتح مکہ کے موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمرکابی کا شرف حاصل کیا تھا۔ یہ ابتداء ہی سے سلیم الفطرت واقع ہوئے تھے۔ چنانچہ زمانۂ جاہلیت میں بھی کبھی شراب کو ہاتھ نہیں لگایا کہا کرتے تھے:

---

[۱] الاستیعاب ترجمہ عباس بن مرداس۔ [۲] اسد الغابہ۔ ترجمہ عباس بن مرداس

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


| | |
|---|---|
| لا اصبح سید قومی وامسی | میں نہیں چاہتا کہ صبح تو میں قوم کا سردار |
| سفیھا لا واللہ لا یدخل فی | ہوں اور شام کو بے وقوف بن جاؤں۔ خدا |
| جوفی شیٔ یحول بینی وبین | کی قسم میرے پیٹ میں وہ چیز نہیں جا سکتی جو |
| عقلی ابدًا | میرے اور میری عقل کے درمیان حائل ہو جائے |

فتح مکہ کے علاوہ معرکۂ حنین اور دیگر غزوات میں بھی شریک رہے ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ حنین کے موقع پر مالِ غنیمت میں سے ان کو اونٹوں کی بڑی تعداد عطا فرمائی تھی۔ ان کا قیام بصرہ کے نواح میں کسی گاؤں میں تھا۔ بعض کا خیال ہے کہ یہ دمشق میں رہتے تھے اور وہیں ان کا مکان تھا۔ جہاد کے شوق کا یہ عالم تھا کہ اپنے وطن سے شرکت کے لئے آتے تھے اور اختتامِ جنگ کے بعد واپس چلے جاتے تھے۔ صحابہ میں ان کو اس حیثیت سے امتیاز حاصل ہے کہ یہ ایک بلند پایہ شاعر تھے۔ غزوات کے موقع پر انہوں نے بڑے زور دار قصائد کہے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں بھی ان کے اشعار ملتے ہیں۔ غزوۂ حنین کے بعد جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مالِ غنیمت میں سے دوسروں کے مقابلے ان کو کچھ کم دیا تو انہوں نے بطورِ شکوہ کچھ اشعار کہے تھے ان اشعار کو سن کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا:

| | |
|---|---|
| اذھبوا بہ فاقطعوا عنی لسانہ[1] | ان کو لے جاؤ اور (دے دلا کر) ان کا منہ بند کر دو |

**مذمور** جزء دیبلی کے مطبوعہ نسخہ میں مذمور بذالِ معجمہ ہے۔ ابن کثیر

[1] مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو طبقات ابن سعد ج ۴ ص ۲۷۱ ۔ الاستیعاب لابن عبد البر ترجمہ عباس بن مرداس، اسد الغابہ لابن الاثیر ترجمہ عباس بن مرداس، الاصابہ لابن حجر ترجمہ عباس بن مرداس۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے اسے مدمور[1] بدالِ مہملہ نقل کیا ہے۔ طبقاتِ ابن سعد[2] میں "مدفو" فاء کے ساتھ ہے۔ جغرافیہ کی متداول کتابوں میں ان تینوں ناموں سے کوئی جگہ نہیں ملتی۔ البتہ علامہ یاقوت الحموی، مجدالدین فیروزآبادی اور دیگر لغویین نے بنو سلیم میں "مدفار" نامی ایک موضع کی نشان دہی کی ہے اس لئے مکتوب کا اصل لفظ مدفار ہی معلوم ہوتا ہے۔ واللہ اعلم۔

---

[1] البدایۃ والنہایۃ ج ۵ ص ۳۵۳ ۔ [2] ج ۱ ص ۲۷۳

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھٰذا ما اعطی محمّد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) العداء بن خالد وبنو ربیعۃ من عامر عکرمۃ اعطاھم ما بین للضیاعۃ الی الزج ولواثۃ ۔ وکتب خالد بن سعید ۔

## حضرت عداء بن خالد اور بنو ربیعہ عامر عکرمہ کے نام

یہ وہ عطیہ ہے جو محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے عداء بن خالد اور بنو ربیعہ کو جو عامر عکرمہ میں سے ہیں، دیا۔ آپ نے ان کو مضیاعہ سے لے کر "زج" اور "لواثہ" تک عطا فرمایا۔ کاتب خالد بن سعید۔

**حضرت عداء بن خالد رضی اللہ عنہ** ان کا یہ سلسلۂ نسب علامہ ابن الاثیر نے اسد الغابہ میں بیان کیا ہے:

عداء بن خالد بن ھوذہ بن ربیعہ بن عمرو بن عامر بن صعصعۃ بن معاویہ بن بکر بن ہوازن۔[1]

اور علامہ ابن حجر نے ابن الکلبی کے حوالہ سے یہ نسب نامہ تحریر کیا ہے:

عداء بن خالد بن ھوذہ بن خالد بن عمرو بن عامر بن صعصعۃ العامری[2]

بصرہ کے دیہات میں ان کا قیام تھا۔ غزوۂ حنین کے بعد اپنے والد اور بھائی کی معیت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک وفد کی صورت میں حاضر ہو کر مسلمان ہوئے تھے۔ غزوۂ حنین میں لشکرِ اسلام کے مدمقابل تھے، خود بیان کرتے ہیں:

---

[1] اسد الغابہ۔ ترجمۃ عداء بن خالد۔ [2] الاصابہ ترجمہ عداء بن خالد

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| قاتلنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم حنین فلم یظھرنا اللہ ولم ینصرنا | حنین کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہماری جنگ ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے نہ تو ہماری مدد کی اور نہ ہمیں غلبہ عطا کیا۔ |

حضرت عداء بن خالد رضی اللہ عنہ بڑے فخر سے اس بات کا تذکرہ کیا کرتے تھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے انہوں نے ایک غلام یا لونڈی خریدی تھی اور اس کی دستاویز ان کے پاس موجود ہے۔ چنانچہ ترمذی اور ابن ماجہ میں عبد المجید بن الوہب سے روایت ہے کہ ایک دن عداء بن خالد نے مجھ سے کہا

| | |
|---|---|
| الا اقرئك كتابا كتبه لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال قلت بلی فاخرج لی کتابا ھذا ما اشتری العداء بن خالد بن ھوذة من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبدا او امة لا داء ولا غائلة ولا خبثة بیع المسلم المسلم [1] | کیا میں تم کو وہ مکتوب نہ سناؤں جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لئے تحریر کروایا تھا، میں نے کہا ضرور۔ تو انہوں نے ایک مکتوب نکالا جس میں تحریر تھا یہ وہ سودا ہے جو عداء بن خالد بن ہوذہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا، غلام یا لونڈی کی بابت جس میں نہ کوئی مرض ہے نہ کوئی عیب نہ خرابی، مسلمان کا سودا مسلمان سے ہے۔ |

ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ میں بخاری کے حوالہ سے ایک اور بیع نامہ نقل کیا ہے۔ اس بیع نامہ کے الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی حضرت عداء بن خالد رضی اللہ عنہ سے کچھ خریدا تھا۔ اس بیع نامہ کے الفاظ یہ ہیں:

---

[1] ترمذی باب ماجاء فی کتابة الشروط ص ۱۴۶، ابن ماجة باب شراء الرقیق ص ۱۶۴

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


عن العداء بن خالد قال كتب لی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھٰذا ما اشتریٰ محمد رسول اللہ من العداء بن خالد بیع المسلم المسلم لا داء ولا خبثۃ ولا غائلۃ [1]

حضرت عداء بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لئے حسب ذیل مکتوب تحریر کروایا۔ یہ وہ سودا ہے جو محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے عداء بن خالد سے کیا مسلمان کا سودا مسلمان سے ہے۔ جس میں نہ کوئی مرض ہے نہ کوئی خرابی اور نہ عیب

لیکن درحقیقت یہ کوئی علیحدہ مکتوب نہیں ہے بلکہ اسی مکتوب میں قلبِ عبارت ہوگیا ہے۔ چنانچہ علامہ قسطلانی لکھتے ہیں :

قال القاضی عیاض ھذا مقلوب والصواب کما فی الترمذی والنسائی وابن ماجۃ وابن مندۃ موصولا ان المشتری العداء من محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [2]

قاضی عیاض کہتے ہیں کہ یہ حدیث مقلوب ہے اور صحیح بات وہی ہے جس کو ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ اور ابن مندہ نے سندِ متصل کے ساتھ بیان کیا ہے کہ مشتری حضرت عداء تھے اور انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے خریدا تھا۔

امام بخاری نے اس روایت کی کوئی سند بیان نہیں کی بلکہ اس کو تعلیقاً بحذفِ سند نقل کیا ہے۔ شارحین صحیح بخاری میں سے کسی کو بھی اس کی سند نہ مل سکی بلکہ سب کی متفقہ رائے یہ ہے کہ یہ وہی روایت ہے جس کی تخریج امام نسائی، ابوداؤد اور ترمذی وغیرہ محدثین نے کی ہے چنانچہ حافظ ابن حجر عسقلانی فتح الباری میں اس حدیث کے ذیل میں رقمطراز ہیں :

---

[1] صحیح بخاری ج-۱ ص ۲۷۹ باب اذا بین البیعان ولم یکتما ونصحا

[2] ارشاد الساری شرح صحیح بخاری ج-۴ ص ۱۹ باب اذا بین البیعان- طبع نول کشور

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قوله هٰذا ما اشترى محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم من العداء بن خالد هكذا وقع هٰذا التعليق وقد وصل الحديث الترمذی والنسائی وابن ماجه وابن الجارود وابن منده کلهم من طریق عبد المجید بن ابی یزید عن العداء بن خالد فاتفقوا علی ان البائع النبی صلی الله علیه وسلم والمشتری العداء عکس ما هنا [1]

یہ قول هٰذا ما اشترى محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من العداء بن خالد انہی الفاظ میں یہ تعلیق نقل کی گئی ہے اور اس حدیث کو ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، ابن جارود اور ابن مندہ سب نے عبد المجید ابن ابی یزید کے حوالہ سے حضرت عداء بن خالد سے نقل کیا ہے اور ان سب کی یہ متفقہ رائے ہے کہ اس سودے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم بائع اور مشتری عداء ہیں جو کچھ یہاں مذکور ہے یہ بات اس کے بالکل برعکس ہے

اور اسی لئے قاضی عیاض نے جو بڑے پایہ کے محدث اور حافظ الحدیث ہیں، تصریح کی ہے کہ بخاری کی یہ روایت مقلوب ہے۔

حضرت عداء بن خالد رضی اللہ عنہ کو ایک شرف یہ بھی حاصل ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بنفس نفیس ان کے اسلام کی شہادت دی ہے آپ کے ایک مکتوب میں جو "بدیل بسر" کے نام ہے ان کا ذکر ان الفاظ میں ہے:

اما بعد فانه قد اسلم علقمة بن علاثة وابنا هوذة [2]

حمد و ثنا کے بعد واضح ہو کہ علقمہ بن علاثہ اور ابن ہوذہ کے دونوں بیٹے اسلام لے آئے ہیں۔

اس مکتوب میں ابنا هوذة کی تشریح کرتے ہوئے علامہ ابن سعد لکھتے ہیں

وابنا هوذة العداء وعمرو بن خالد بن هوذة من بنی ربیعة

ہوذہ کے دو بیٹوں سے مراد عداء اور عمرو بن خالد بن ہوذہ ہیں جو بنی ربیعہ بن عامر

---

[1] ج ۴ ص۲۶۱ باب اذا بین البیعان - [2] طبقات ابن سعد ج ۱ ق ۲ ص ۲۵

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


بن عامر بن صعصعۃ [1] بن صعصعۃ کے خاندان سے ہیں۔

اس مکتوب میں جو جاگیر دی گئی ہے اس میں حضرت عداء بن خالد رضی اللہ عنہ کے ساتھ "بنو ربیعہ" بھی شریک ہیں۔ بنو ربیعہ کے سلسلہ میں مکتوب میں یہ بھی وضاحت ہے کہ ان کا تعلق عامر عکرمہ سے ہے۔ علامہ ابن حزم نے بنو ربیعہ کا نسب یہ بیان کیا ہے

ربیعہ بن عامر بن صعصعہ بن معاویہ بن بکر بن ہوازن بن منصور بن عکرمۃ بن خصفۃ بن قیس بن عیلان بن مضر [2]

واضح رہے کہ طبقات ابن سعد میں اس مکتوب کا جو متن نقل ہے اس میں عامر کو عکرمہ کا بیٹا بتایا گیا ہے یہ صحیح نہیں ہے اس لئے کہ عکرمہ عامر کا باپ نہیں بلکہ جدّ امجد ہے [3]

**صباعۃ** | کتاب کے مطبوعہ نسخہ میں صباعہ صاد مہملہ اور باء کے ساتھ ہے "طبقات ابن سعد" میں "مصباعہ" ہے۔ صباعہ اور مصباعہ دونوں کی تفصیل نہیں ملی۔ یاقوت [4] نے "مضباعہ" نامی ایک موضع کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ ایک پہاڑ کا نام ہے جو بنی ہوذہ کی ملکیت ہے۔ حضرت عداء بن خالد رضی اللہ عنہ کا تعلق چونکہ بنی ہوذہ سے ہے اس لئے قرین صحت یہی ہے کہ لفظ مضباعہ ہی ہو۔ واللہ اعلم

**زرج** | بزائے معجمہ وجیم منقوطہ طبقات ابن سعد میں "زرج" بجائے مہملہ لکھا ہے معجم البلدان [5]، نہایہ لابن الاثیر، الاماکن للحازمی [6]، وفاء الوفاء [7] اور لغت کی دیگر کتابوں میں تصریح ہے کہ یہ وہ چشمہ ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عداء بن خالد رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا تھا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ "زرج" بھی عطیہ میں داخل تھا۔

---

[1] طبقات ابن سعد ج ۱ ق ۲ ص۲۵ - [2] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۷۱
[3] ج ۱ ق ۲ ص۲۵ - [4] معجم البلدان مادہ مضباعہ۔ [5] مادہ زرج
[6] باب زرج وزرخ ص۹۹ مخطوط [7] وفاء الوفاء ج ۲ ص۳۱۸

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**لواثۃ** جزء دیبلی کے مطبوعہ نسخہ میں "لوارثۃ" تحریر ہے۔ طبقات ابن سعد میں اسے "لوابۃ" پڑھا گیا ہے اور تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "لوابہ" سے مراد لوابۃ الخرار ہے۔ علامہ سمہودی اور یاقوت رومی زرج کے ساتھ لواثۃ نامی ایک موضع کا ذکر کرتے ہیں۔ چنانچہ ان کے الفاظ ہیں:

| | |
|---|---|
| وزج ایضاً ماء یذکر مع لواثۃ اقطعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم العداء بن خالد بن ربیعۃ بن عامر۔ [1] | زرج بھی ایک چشمہ کا نام ہے جس کا تذکرہ لواثۃ کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حضرت عداء بن خالد بن ربیعہ بن عامر کو بطور جاگیر عطا کیا تھا۔ |

ہمارے خیال میں اصل لفظ لواثۃ ہی ہے۔ اس خیال کو مزید تقویت اس لئے بھی ہوتی ہے کہ علامہ سمہودی نے زرج اور لواثہ کے بارے میں لکھا ہے کہ ان دونوں کا ساتھ تذکرہ کیا جاتا ہے۔

---

[1] وفاء الوفاء حوالہ بالا

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۶)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھذا ما اعطی محمد النبیؐ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) جمیل بن ردام العدوی اعطاہ الرمد لا یحاقہ فیھا احد،
وکتب علیؓ۔

## حضرت جمیل بن ردام العدوی کے نام

یہ وہ عطیہ ہے جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمیل بن ردام العدوی کو دیا۔ آپ نے ان کو "رمد" عطا کیا۔ اس میں کوئی دوسرا اپنا حق نہ جتائے
کاتب علی۔

اس مکتوب کا متن حدیث اور تاریخ کی حسب ذیل کتابوں میں موجود ہے:
طبقات ابن سعد، اسد الغابہ[1] لابن الاثیر[2]، الاصابہ لابن حجر[3]، کنز العمال[4]

**حضرت جمیل بن ردام رضی اللہ عنہ**

ان کا تفصیلی تذکرہ تراجم صحابہ کی متداول کتابوں میں نہیں ملتا۔ اسد الغابہ اور الاصابہ میں بھی ان کے تذکرہ میں صرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے مندرجہ بالا مکتوب ہی کی نقل پر اکتفا کی گئی ہے۔ ان کے والد کے نام اور قبیلہ کی طرف نسبت میں بھی مطبوعہ کتابوں میں سخت اختلاف ہے۔ اسد الغابہ میں ان کے والد کا نام "ردام" ر کے ساتھ طبع ہوا ہے، طبقات ابن سعد اور کنز العمال کے مطبوعہ نسخوں میں "رذام" ذال کے ساتھ ہے۔ الاصابہ میں "درام" چھپا ہے۔ اور نہایہ ابن الاثیر[5] میں ان کی نسبت "العدوی" طبع ہوئی ہے جبکہ "اسد الغابہ"

---

[1] ج ۱ ص ۲۷۴۔ [2] تذکرہ جمیل بن ردام۔ [3] تذکرہ جمیل بن ردام [4] کنز العمال ج ۲ ص ۱۹۰ و ج ۵ ص ۳۲۰ و ۳۲۱۔ [5] نہایہ مادہ "رمد"

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"الاصابہ" اور "کنز العمال" میں العذری۔

**الرمد** جزء دیبلی کے مطبوعہ نسخہ میں "الدمہ"، طبقات ابن سعد اور اسد الغابہ میں "الرمداء" ہے اور "الاصابہ" میں "الربذ" منقول ہے۔ کنز العمال میں یہ مکتوب دو جگہ ہے۔ ایک جگہ الرمداء الف ممدودہ کے ساتھ طبع ہوا ہے اور دوسری جگہ بغیر الف کے اور یہی صحیح ہے۔ مجد الدین، ابن الاثیر، مرتضیٰ زبیدی اور دیگر لغویین رمد کے ذیل میں متفقہ طور پر بیان کرتے ہیں کہ یہ وہ چشمہ ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جمیل بن ردام کو عطا فرمایا تھا

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

من محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) الی المؤمنین ان عضاہ

وج وشجرہ لا یعضد، وصیدہ لا یقتل، فمن وجد یفعل من ذلک

شیئا فانہ یجلد وینزع ثیابہ، وان تعدی ذلک احد فانہ یؤخذ فیبلغ

محمد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) وان ھذا من محمد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم)

وکتب خالد بن الولید بامر النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلا یتعداہ احد

فیظلم نفسہ فیما امرہ بہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

## عامۃ المسلمین کے نام

یہ تحریر محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف سے مؤمنین کے نام ہے کہ وج کا "خارستان" اور اس کے درخت نہ کاٹے جائیں اور نہ اس جگہ کے شکار کو قتل کیا جائے۔ جو ان ممنوعہ امور کی خلاف ورزی کرتا ہوا پایا گیا اسے کوڑے لگائے جائیں گے اور اس کے کپڑے اتار لئے جائیں گے۔ اگر کوئی اس پر بھی باز نہ آیا تو اسے گرفتار کر کے محمد نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) تک پہنچا دیا جائے گا۔ یہ حکم نامہ محمد نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف سے ہے۔

کاتب خالد بن ولید بحکم نبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ لہذا کسی کے لئے مناسب نہیں ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے تجاوز کر کے اپنے اوپر ظلم کرے

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان مبارک حدیث وسیرت کی حسب ذیل کتابوں میں موجود ہے۔ ۱۔ کتاب الاموال لابی عبید[1] ۲۔ سیرۃ ابن ھشام[2]، ۳۔ طبقات ابن سعد[3] ۴۔ عیون الاثر[4] ۵۔ البدایۃ والنہایۃ[5]

یہ مکتوب قبیلہ ثقیف کے علاقہ "وج" کی حرمت کے متعلق ہے اور اعلانِ عام

[1] ص ۹۳۔ [2] ج ۳ و ۴ ص ۵۴۲۔ [3] ج ۱ ق ۲ ص ۳۳۔ [4]
[5] ج ۵ ص ۳۴

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی شکل میں ہے جس کے مخاطب جمیع مسلمان ہیں۔

قبیلۂ ثقیف عرب کا ممتاز قبیلہ تھا۔ اس قبیلہ کے لوگ شجاعت اور جواں مردی میں مشہور تھے۔ ان کو قریش کا ہمسر سمجھا جاتا تھا، عرب کہا کرتے تھے قرآن مجید کو اگر اترنا ہی تھا تو مکہ یا طائف کے کسی رئیس پر اترتا تھا۔ طائف ثقیف کا مسکن تھا۔ قرآن مجید کی آیت کریمہ

وَلَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ — اور کہتے ہیں یہ قرآن ان دو بستیوں کے بڑے آدمی پر کیوں نہ اترا۔

میں "قریتین" سے مراد مکہ اور طائف ہی ہیں۔

ان کی جرأت اور بہادری کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ فتح مکہ کے بعد جبکہ دیگر قبائلِ عرب پر فتوحاتِ اسلامی کی دھاک بیٹھ چکی تھی اور وہ اسلام کی طرف پیش قدمی کر رہے تھے قبیلۂ ثقیف نے ھوازن سے مل کر مکہ مکرمہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ کا منصوبہ بنایا۔ اور اس طرح معرکۂ حنین برپا ہوا۔ حنین میں ابتدا میں مسلمانوں کے پاؤں اکھڑ گئے تھے لیکن بالآخر اللہ تعالیٰ نے فتح عطا فرمائی۔ معرکۂ حنین میں شکست کھانے کے بعد ثقیف اور ان کے جنگی حلیف طائف میں پناہ گزیں ہو گئے تھے۔ طائف نہایت محفوظ مقام تھا جس کے ارد گرد فصیل بنی ہوئی تھی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حنین سے فارغ ہو کر طائف کا رخ کیا کئی دن تک محاصرہ جاری رہا۔ قلعہ شکن آلات استعمال کئے گئے لیکن شہر فتح نہ ہو سکا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لے گئے۔

اس موقع پر بعض صحابہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ثقیف کے حق میں بد دعا کی درخواست کی لیکن رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی دلی خواہش تھی کہ کسی طرح یہ مسلمان ہو جائیں۔ چنانچہ بد دعا کی بجائے آپ کی زبانِ مبارک پر یہ الفاظ جاری ہوئے:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



اللّٰھم اھد ثقیفا وائت بھم[1] اے اللہ ثقیف کو ہدایت عطا فرما اور ان کو میرے پاس لے آ۔

اس دعا کا اثر یہ ہوا کہ پورے کا پورا قبیلہ بہت جلد مسلمان ہو گیا اور ان کا وفد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جس کی تفصیل ابن ہشام، ابن سعد، ابن کثیر اور دیگر مورخین نے یہ بیان کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جب طائف کا محاصرہ فرمایا تھا اس وقت ان کے ایک سردار عروہ بن مسعود طائف میں موجود نہ تھے۔ جب یہ واپس آئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم طائف کا محاصرہ چھوڑ کر واپس جا چکے تھے۔ ان کے دل میں اللہ تعالیٰ نے اسلام کی تڑپ پیدا کی اور یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاش میں چل نکلے اور اثناء راہ ہی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ پہنچنے سے قبل خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر مسلمان ہو گئے اور پھر اپنے قبیلہ میں واپس جانے کی اجازت چاہی تاکہ ثقیف کو اسلام کی دعوت دیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو روکا اور ارشاد فرمایا کہ وہ تمہیں قتل کر دیں گے۔ لیکن انہوں نے عرض کیا کہ میں انہیں ان کی اولاد سے بھی زیادہ عزیز ہوں۔ چنانچہ آپ نے اجازت مرحمت فرما دی۔

جب یہ طائف پہنچے اور لوگوں کو اسلام کی طرف بلایا تو وہی ہوا جس کا خدشہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ظاہر کیا تھا یعنی قبیلہ کا قبیلہ مخالفت پر آمادہ ہو گیا اور ان کو قتل کر دیا۔ واقعۂ قتل کے بعد کئی مہینے اسی حالت میں گزر گئے۔ اس کے بعد جب بنو ثقیف نے دیکھا کہ اطراف کے سارے قبیلے مسلمان ہو چکے ہیں اور وہ تنہا رہ گئے ہیں تو آپس میں مشورہ کر کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری کے لئے ایک وفد تشکیل دیا۔ یہ وفد عبد یالیل اور ثقیف کے حلیف دیگر قبائل کے سرکردہ لوگوں پر مشتمل تھا۔ اس وفد کی آمد پر مسلمانوں کو کتنی مسرت ہوئی اس کا اندازہ حضرت

---

[1] سیرۃ ابن ہشام ج ۳ و ۴ ص ۴۸۸

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مغیرہ بن شعبہ کے اس بیان سے ہوتا ہے کہ:

انی لفی رکاب المسلمین بذی حرض فاذا عثمان بن ابی العاص تلقانی یستخبرنی فلما رأیتهم خرجت اشتد ابشر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بقدومهم فالقی ابا بکر الصدیق رضی اللہ عنہ فاخبرتہ بقدومهم فقال اقسمت علیک لا تسبقنی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بخبرهم فدخل فاخبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فسر بقدومهم [1]

میں ذی حرض میں مسلمانوں کے قافلہ کے ساتھ تھا کہ اچانک عثمان بن ابی العاص نے سامنے سے آکر مجھ سے دریافت کرنا شروع کر دیا اور میں نے جیسے ہی ان لوگوں کو آتے دیکھا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی آمد کی بشارت دینے کے لئے دوڑ پڑا اسی اثناء میں میری ملاقات حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ہوگئی اور میں نے انہیں بھی ان کی آمد کی اطلاع دی تو وہ کہنے لگے کہ میں تمہیں قسم دیتا ہوں کہ تم پہلے مجھے موقع دو کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی آمد کی خبر دوں۔ چنانچہ حضرت ابوبکر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو ان کی آمد سے مطلع کیا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان کے آنے پر خوش ہوگئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو مسجد نبوی میں اتارا۔ حضرت خالد بن سعید کو ان کی مہمان نوازی پر مامور فرمایا۔ اہل وفد کی احتیاط کا یہ عالم تھا کہ جب کھانا ان کے سامنے رکھا جاتا تو یہ کھانا اس وقت تک نہ کھاتے جب تک کہ پہلے حضرت خالد اس میں سے خود ان کے سامنے نہ کھا لیتے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ عشاء کے بعد ان کے پاس تشریف لاتے اور ان سے گفتگو فرماتے تھے۔ چند دنوں کی تبلیغ کے بعد یہ اسلام لانے کے لئے تیار ہو گئے لیکن یہ شرطیں پیش کی کہ زنا، سود خوری اور شراب کی حرمت

[1] طبقات ابن سعد ج ۱ ص ۳۱۳

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

سے ہمیں مستثنیٰ رکھا جائے۔ نیز ہمارے بت "لات" کو تین سال تک نہ توڑا جائے نماز، زکوٰۃ اور جہاد کی پابندی سے بھی آزاد رکھا جائے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تمام شرائط نامنظور فرمائیں البتہ عارضی طور پر زکوٰۃ کی وصولی اور جہاد میں شرکت کو معطل رکھا۔ بتوں کے توڑنے میں یہ رعایت دیدی کہ خود اپنے ہاتھ سے نہ توڑیں چنانچہ یہ مسلمان ہو گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان بن ابی العاص کو جو وفد میں سب سے کم عمر تھے ان کا عامل مقرر فرمایا۔ ان کے عامل بنانے کی وجہ یہ تھی کہ یہ سب سے زیادہ علم دین کے حامل تھے۔ ان کو اس موقع پر جو امان نامہ تحریر کروا کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا تھا ان میں اور باتوں کے علاوہ وادیٔ وج کے ان کی ملکیت میں دینے اور دوسروں کے لیئے اس کے حرام ہونے کا تذکرہ بھی تھا۔ علامہ ابو عبید نے کتاب الاموال میں یہ پورا امان نامہ نقل کیا ہے۔ اختصار کے پیش نظر ہم اسے یہاں نقل نہیں کر رہے ہیں۔ غالباً اسی موقعہ پر وج کی حرمت کی اطلاع تمام مسلمانوں تک پہنچانے کی غرض سے دیبل کا ذکر کردہ یہ اطلاع نامہ بھی لکھوایا گیا ہے۔

**عضاہ** یہ "عضتہ" کی جمع ہے۔ بعض اسے عضاھۃ کی جمع بتاتے ہیں۔ عضہ اس بڑے درخت کو کہا جاتا ہے جس میں کانٹے ہوں۔

**وج** واو کے زبر اور جیم کی تشدید کے ساتھ طائف کے نواح میں ایک وادی کا نام ہے۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ طائف اور وج ایک ہی جگہ کے دو نام ہیں۔ علامہ یاقوت کی رائے بھی یہی ہے۔ چنانچہ وہ وج کے ذیل میں لکھتے ہیں

وجّ بالفتح ثم التشدید ھو الطائف لہ — "وج" زبر اور تشدید کے ساتھ طائف ہی کو کہتے ہیں

اسی طرح طائف کے باب میں رقمطراز ہیں:

والطائف ھو وادی وج وھو بلاد ثقیف — طائف وادی وج کو کہا جاتا ہے یہ بلاد ثقیف ہے

لہ معجم البلدان باب وج

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



بینھا وبین مکۃ اثنا عشر فرسخاً[1] میں واقع ہے اور اس کے اور مکّہ کے درمیان بارہ فرسخ کا فاصلہ ہے۔

وَشجرہٗ لَا یُعضد وَصیدہٗ لَا یُقتل | کتاب کے مطبوعہ نسخہ میں یہ الفاظ اس طرح چھپے ہیں "وَشجرہ وَصیدہ لا یُعضل وصیدہ لا یقتل" ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پہلے جملے میں "وصیدہ" کا اضافہ ناسخ کی سبقتِ قلم کا نتیجہ ہے اور لا یعضد کو ناشر نے لا یعضل پڑھ لیا ہے۔ امام ابوعبیدہ قاسم بن سلام کا خیال ہے کہ وادی وج کی حرمت کا حکم قبیلہ بنی ثقیف کی تالیف قلب کے سلسلہ میں تھا اور مصالحت کے سلسلہ میں امام کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ایسی شرائط پر صلح کرے جو کتاب و سنّت کے مخالف نہ ہوں لہٰذا جب بنی ثقیف کو اسلام میں رسوخ حاصل ہو گیا تو پھر یہ حکم بھی باقی نہ رہا۔[2]

خالد بن الولید | کتاب کے مطبوعہ نسخہ میں "خالد بن الولید" چھپا ہے۔ علامہ ابن کثیر نے عتیق بن یعقوب کے حوالے سے اس مکتوب کا جو متن نقل کیا ہے اس میں بھی "خالد بن الولید" ہی ہے لیکن اربابِ تاریخ و سیر بالاتفاق اس مکتوب کے ذیل میں کاتب[3] کا نام خالد بن سعید لکھتے ہیں

[1] معجم البلدان باب طائف۔ [2] کتاب الاموال ص۱۹۳ [3] البدایۃ والنہایہ ج ۵ ص۳۴۴

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۸)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

هذا كتاب من محمد النبي (صلى الله عليه وسلم) لبني معاوية بن جرول الضبابيين لمن اسلم منهم فاقام الصلوٰة وآتى الزكوٰة واطاع الله ورسوله واعطى من المغانم خمس الله وسهم النبي رسوله (صلى الله عليه وسلم) وفارق المشركين واشهد على اسلامه فانه آمن بامان الله ومحمد وان لهم ما اسلموا عليه من بلادهم ومياههم وعدوة الغنم من وراء بلادهم وان بلادهم التي اسلموا عليه مثبتة ۔ وكتب الزبير ۔

## بنو معاویہ بن جرول کے نام

یہ تحریر ہے محمد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے بنو معاویہ بن جرول الضبابیین کے حق میں کہ جو ان میں سے اسلام لائے اور نماز قائم کرے اور زکوٰۃ ادا کرے اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اور مالِ غنیمت میں اللہ تعالیٰ کا خمس اور نبی کا حصہ ادا کرے اور مشرکین سے قطع تعلق کرے اور اپنے اسلام پر دوسرے کو گواہ کرے تو وہ اللہ اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امان میں ہے اور اسلام لاتے وقت ان کے شہروں اور چشموں میں سے جو ان کے قبضہ میں تھا وہ ان کا ہے اور ان کی آبادیوں سے آگے اتنی زمین بھی ان کی ہے کہ صبح بکریاں چرنے نکلیں تو رات تک چرتے چرتے جہاں رات گزاریں ۔ اور ان کی بستیاں وہی ہیں جو اسلام کے وقت ان کے قبضہ میں تھیں ۔ کاتب زبیر

یہ تفصیلی امان نامہ ہے ۔ اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو معاویہ بن جرول کو اس شرط پر امان دی ہے کہ وہ اسلام کے بنیادی ارکان پر نہ صرف یہ کہ ایمان لائیں گے بلکہ ان کو اپنی عملی زندگی میں نافذ بھی کریں گے ۔

یہ مکتوب جزء الدیبلی کے علاوہ طبقات ابن سعد[1] میں بھی ہے ۔

---

[1] ج ۱ ص ۲۶۹

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**بنو معاویہ بن جرول** کتبِ انساب میں بنو معاویہ بن جرول کے نسب کے بارے میں ہمیں تفصیلات نہیں مل سکیں۔ قبیلہ طے کے نسب نامے میں جرول بن ثعل کا ذکر ملتا ہے لیکن اس کے بیٹوں میں معاویہ کا نام نہیں ہے بلکہ اس میں معاویہ کو جرول کا بھائی بتایا گیا ہے اور اس کے بیٹوں کا نام ربیعہ اور لوذان ذکر کیا گیا ہے۔

علامہ ابن حزم جمہرہ انساب العرب میں تحریر کرتے ہیں :

| | |
|---|---|
| ومن بنی ثعل جرول بن ثعل ومعاویۃ بن ثعل فولد معاویۃ بن ثعل سنبس بن معاویۃ وولد جرول ربیعۃ بن جرول بطن ضخم ولوذان بن جرول بن ثعل [1] | ثعل کی اولاد میں جرول بن ثعل اور معاویہ بن ثعل ہیں معاویہ بن ثعل کی اولاد سنبس بن معاویہ ہیں اور جرول کی اولاد میں ربیعہ بن جرول ہے جو بڑا قبیلہ ہے اور لوذان بن جرول بن ثعل ہے۔ |

**الضبابیین** جزء الدیبلی کے مطبوعہ نسخہ میں بنو معاویہ بن جرول کی نسبت "الضبابیین" تحریر ہے۔ ابن سعد میں بنو جرول الطائیین ہے۔ سابق میں گزر چکا ہے کہ قبیلہ طے میں جرول کا تو ذکر ملتا ہے لیکن معاویہ کا ذکر موجود نہیں ہے اسی طرح بنو الضباب میں معاویہ کا ذکر موجود ہے لیکن یہ تصریح نہیں کہ اس کے باپ کا نام جرول ہے۔ علامہ ابن حزم بنو الضباب بن کلاب بن ربیع کے ذیل میں رقمطراز ہیں :

ومنھم زھیر بن عمرو بن معاویۃ الضبابی۔

اس بنا پر یہ فیصلہ مشکل ہے کہ اصل لفظ کیا ہے اور بنو معاویہ کا کس قبیلے سے تعلق ہے۔

**عدوۃ الغنم من وراءھا مثیتۃ** یہ الفاظ الدیبلی میں اسی طرح چھپے ہیں۔ ان کی تشریح لغت کی عام کتابوں میں ہمیں نہیں مل سکی۔ طبقات ابن سعد کے مطبوعہ نسخہ میں غدوۃ الغنم من وراءھا مبیتۃ ہے۔ اور اس کی تشریح درج ذیل الفاظ میں کی گئی ہے :

| | |
|---|---|
| قال یعنی بغدوۃ الغنم قال | ابن سعد کہتے ہیں غدوۃ الغنم کے معنی یہ ہیں |

---

[1] جمہرہ انساب العرب ص ۴۸۷

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


تغدو الغنم بالغداة فتمشى الى الليل فما خلفت من الارض وراءها فهولهم وقوله مبيتة يقول حيث باتت — کہ بکریاں صبح کو چرنے نکلیں اور رات تک چلتی پھرتی رہیں تو اس اثناء میں جتنی مسافت وہ طے کریں اتنی زمین ان کی ہے اور مبیتة کا مطلب یہ ہے کہ جہاں وہ رات بسر کریں

لهٰذا ہم نے ترجمہ میں اسی عبارت کو سامنے رکھا ہے۔

**فانہ آمن بامان اللہ ومحمد** کتاب کے مطبوعہ نسخہ میں آمن کی جگہ امرہ اور اللہ کی جگہ ابیہ غلط چھپ گیا ہے۔

**حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ** کاتب فرمان حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ مشہور صحابی اور عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ آپ کا لقب حواری رسول اللہ اور کنیت ابوطاہر اور ابوعبداللہ ہے۔ شجرۂ نسب یہ ہے:

زبیر بن العوام بن خویلد بن اسد بن عبدالعزّٰی بن قصی بن کلاب القرشی الاسدی

خاندانِ نبوت سے تعلق رکھتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پھوپھی زاد بھائی اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے تھے۔ سابقین اولین میں سے ہیں نوعمری ہی میں مشرف باسلام ہو گئے تھے۔ اسلام لانے کے بعد اپنے چچا کے ہاتھوں سخت اذیتیں اٹھائیں۔ صاحب الهجرتین ہیں یعنی مدینہ اور حبشہ دونوں جگہ ہجرت کرنے کا شرف حاصل ہے۔ مدینہ میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اور حضرت مسلمہ بن سلام کے درمیان مؤاخاۃ کرا دی تھی۔

تمام غزوات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب رہے اور ہر موقع پر غیر معمولی کارنامے انجام دئے۔ غزوۂ خندق میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو فداك ابی وامی (میرے ماں باپ تم پر قربان) کہتے ہوئے مخاطب کیا اور ارشاد فرمایا:

ان لکل نبی حواریا وحواری الزبیر [1] — ہر نبی کا ایک حواری ہوتا ہے میرے حواری زبیر ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں جنگِ یرموک اور فتح فسطاط میں شریک ہوئے

---

[1] البدایۃ والنہایۃ ج ۵ ص ۳۳۳

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بارِ خلافت کے سلسلہ میں اپنی نیابت کے لئے جن چھ افراد کا انتخاب کیا تھا ان میں یہ بھی شامل تھے۔

جنگِ جمل سے کنارہ کشی کے بعد بصرہ جاتے ہوئے عمرو بن جرموز نے دھوکہ سے سجدہ کی حالت میں آپ کو شہید کر دیا تھا۔

حضرت علی کو آپ کے قتل کا انتہائی افسوس تھا۔ آپ نے قاتل کے بارے میں ارشاد فرمایا تھا:

| | |
|---|---|
| بشر قاتل ابن صفية بالنار[1] | ابن صفیہ کے قاتل کو جہنم کی خوشخبری سنادو |

ابن کثیر، ابن سید الناس، ابن حدیدہ الانصاری اور دیگر مؤرخین نے ان کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کاتبین میں شمار کیا ہے۔ ابن کثیر لکھتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| روی عتیق بن یعقوب بسنده المتقدم ان الزبیر بن العوام هو الذی کتب لبنی معاویة بن جرول الکتاب الذی امره به رسول الله صلی الله علیه وسلم ان یکتبه لهم[2] | عتیق بن یعقوب اپنی مذکورہ سند سے روایت کرتے ہیں کہ زبیر بن العوام ہی نے بنو معاویہ بن جرول کے اس مکتوب کو تحریر کیا تھا جس کے لکھنے کا آپ نے ان کے لئے حکم صادر فرمایا تھا۔ |

---

[1] البدایۃ والنہایۃ ج ۵ ص ۳۴۴ ۔ [2] ابن کثیر ج ۵ ص ۳۴۵ و بخاری کتاب المناقب

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


(۱۹)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھٰذا کتاب من محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) لعامر الاسود المسلم ان لہ ولقومہ طی ما اسلموا علیہ من بلادھم و میاھھم ما اقاموا الصلوٰۃ وآتوا الزکوٰۃ وفارقوا المشرکین۔

وکتب المغیرۃ۔

## حضرت عامر الاسود کے نام

یہ تحریر ہے محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف سے عامر اسود مسلم کے حق میں کہ اسلام لاتے وقت جو شہر اور چشمے ان کے اور ان کی قوم طی کے قبضے میں تھے، وہ انہیں کے ہیں بشرطیکہ وہ نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں اور مشرکین سے قطع تعلق رکھیں۔ کاتب مغیرہ

یہ مکتوب جزء دیبل کے علاوہ طبقات ابن سعد[۱]، اسد الغابہ[۲] اور الاصابہ[۳] میں بھی موجود ہے۔

**حضرت عامر بن اسود رضی اللہ عنہ** ان کا تفصیلی تذکرہ نہیں ملتا۔ حافظ ابن حجر نے ان کے تذکرہ میں صرف مندرجہ بالا مکتوب کے نقل پر اکتفا کی ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں

| | |
|---|---|
| عامر بن اسود الطائی۔ لہ ذکر روی سعید بن اسکاب من طریق عبد الملک بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابیہ عن جدہ عن عمرو ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتب لعامر بن الاسود بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھٰذا کتاب من محمد رسول اللہ | عامر بن اسود طائی کا ذکر حدیث میں آتا ہے۔ سعید بن اسکاب نے بطریق عبد الملک بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابیہ عن جدہ عن عمرو بن حزم روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عامر بن اسود کے لئے درج ذیل مکتوب تحریر کیا: |

---

[۱] ج ۱ ق ۲ صـ ۲۳ [۲] صـ ۳-۲ ترجمہ عامر بن اسود

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لعامر بن الاسود المسلم ان
له ولقومه على ما اسلموا
عليه من بلادهم ما اقاموا
الصلوٰۃ وآتوا الزکوٰۃ۔
وکتب المغیرۃ [1]

اس فرمان کے متن میں تصریح ہے کہ حضرت عامر بن اسود رضی اللہ عنہ کا تعلق قبیلہ طے سے ہے۔ علامہ ابن درید نے قبیلہ طے میں عامر بن جوین کا تذکرہ کیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ رئیس اور سردار تھے چنانچہ وہ قبیلہ طے کے ذیل میں رقمطراز ہیں:

| | |
|---|---|
| ومنهم عامر بن جوین وابنه الاسود بن عامر کانا سیدین رائیسین [2] | قبیلہ طے میں عامر بن جوین اور ان کے بیٹے اسود بن عامر بھی ہیں۔ یہ دونوں رئیس اور سردار ہیں۔ |

علامہ ابن درید اسود کو عامر کا بیٹا بتاتے ہیں اور عامر کے والد کا نام جوین۔ جزء دیبلی کے متن میں عامر الاسود تحریر ہے جبکہ حافظ ابن حجر نے عامر بن الاسود تحریر کیا ہے۔

---

[1] ترجمہ عامر بن الاسود۔ [2] الاشتقاق ص۳۹۱

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



**بنوجوین** | یہ امان نامہ بنوجوین کے نام ہے۔ حضرت عامر بن اسود رضی اللہ عنہ کے نام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے امان نامے کی تشریح میں یہ بات گزر چکی ہے کہ بنوجوین کا تعلق عرب کے مشہور قبیلہ بنوطے سے ہے بنوجوین کی اکثریت "تیماء" میں سکونت پذیر تھی۔ لغت اور جغرافیہ کی کتابوں بنوجوین کے ایک چشمے غوطہ کا بطور خاص ذکر کیا جاتا ہے۔ اس چشمے کا پانی اپنی نمکینی اور خرابی کی وجہ سے دور دور تک مشہور تھا۔

اس امان نامہ کا متن بھی قریب قریب وہی ہے جو بنوجرول کے امان نامے کا ہے۔

**مبینۃ** | جز ذیلی میں "عدوۃ الغنم من دراثھا مثبتۃ" طبع ہوا ہے جس کی تصحیح طبقات ابن سعد" کو سامنے رکھ کر کی گئی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



(۲۰)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھٰذا کتاب من محمد النبی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) لبنی جوین الطائیین لمن اسلم منھم واقام الصلوٰۃ وآتی الزکوٰۃ وفارق المشرکین واطاع اللہ ورسولہ واعطی من المغانم خمس اللہ تعالیٰ وسھم رسولہ واشھد علی اسلامہ فان لہ امانا بامان اللہ ومحمد بن عبد اللہ وان لھم ارضھم ومیاھھم التی اسلموا علیھا وغدوۃ الغنم من ورائھا مبیتۃ ۔ وکتب الزبیر۔

## بنو جوین کے نام

یہ تحریر ہے محمد نبی رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف سے بنو جوین کے حق میں جو قبیلہ طے سے تعلق رکھتے ہیں کہ ان لوگوں میں سے جو بھی اسلام لائے اور نماز قائم کرے اور زکوٰۃ ادا کرے اور مشرکین سے قطع تعلق کرے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اور مالِ غنیمت میں سے اللہ تعالےٰ کے لئے خمس اور رسول کا حصہ ادا کرے اس کو اللہ اور محمد بن عبد اللہ کی امان حاصل ہے اور ان کی زمینیں اور چشمے جو اسلام لاتے وقت ان کے قبضے میں تھے انہیں کے رہیں گے ۔ نیز ان کے علاوہ بکریاں صبح کو چرنے کے لئے جب بستی سے باہر نکلیں اور چرائی کے بعد شام تک جہاں پہنچ کر رات بسر کریں اتنی زمین اوران کی ہے ۔ کاتب زبیر

جزء دیبلی کے علاوہ اس مکتوب کا متن طبقات ابن سعدؓ میں بھی موجود ہے[1]

---

[1] ج ا ق ۲ صـ ۲۳

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



(۲۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھذا کتاب من محمد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) لبنی
لبنی معن ثم الطائیین الثعلیین ان لہم ما اسلموا علیہ من
بلادھم ومیاھھم وغدوۃ الغنم من ورائھا مبیتۃ لا
یحاقہم فیھا احد ما اقاموا الصلوٰۃ وآتوا الزکوٰۃ واطاعوا اللہ
ورسولہ وفارقوا المشرکین واشھدوا علی اسلامھم وآمنوا السبیل
وکتب العلاء وشھد۔

## بنو معن کے نام

یہ تحریر ہے محمد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بنی معن کے حق میں جو قبیلہ طے سے ہیں۔ اور پھر قبیلہ طے کی (مشہور) شاخ بنی ثعل سے ان کا تعلق ہو کہ اسلام لاتے وقت یہ جن شہروں اور چشموں کے مالک تھے وہ انہیں کے ہیں اور ان کے علاوہ صبح سے لیکر شام تک بکریاں چرتے چراتے جہاں پہنچ کر رات کو رہ سکیں اتنی زمین بھی ان کی ہے۔ ان مذکورہ مواضع میں کوئی دوسرا ان کے خلاف اپنا حق نہیں جتا سکتا (یہ معاہدہ اس وقت تک ہے) جب تک یہ نماز قائم کرتے رہیں اور زکوٰۃ دیتے رہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے رہیں اور مشرکین سے قطع تعلق رکھیں اور اپنے اسلام پر دوسروں کو گواہ رکھیں اور راستے میں امن وامان قائم رکھیں۔

کاتب اور گواہ علاء۔

جزء دیبلی کے علاوہ طبقات ابن سعد[1] میں بھی یہ مکتوب موجود ہے۔

---

[1] ج ۱ ق ۲ ص ۲۳

Marfat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**بنی معن الطائیین** جیسا کہ مکتوب میں تصریح ہے، بنو معن کا تعلق قبیلہ طے سے ہے۔ ان کا سلسلہ نسب غوث بن طے سے ملتا ہے۔ علامہ ابن حزم جمہرہ انساب العرب میں غوث بن طے کے ذیل میں لکھتے ہیں :

| | |
|---|---|
| ولد الغوث بن طي عمرو بن الغوث | غوث بن طے کا لڑکا عمرو بن غوث ہے |
| فولد عمرو بن الغوث ثعل بن عمرو | عمرو بن غوث کا لڑکا ثعل بن عمرو ہے |
| وولد ثعل سلامان وجرول | اور ثعل کے لڑکے سلامان اور جرول |
| فمن بني سلامان بن ثعل بحتر | ہیں پھر بنو سلامان بن ثعل ہیں بحتر اور |
| ومعن وهما بطنان ضخمان وهما | معن ہیں یہ دونوں بڑے خاندان ہیں |
| ابنا عتود بن عنين بن سلامان بن ثعل [1] | بحتر اور معن عتود بن عنین بن سلامان بن ثعل کے بیٹے ہیں |

**الثعلبیین** کتاب کے مطبوعہ نسخہ میں الثعلبیین کی جگہ البعلیین غلط چھپ گیا ہے۔

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص۴۰۱

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


۲۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھذا کتاب من محمد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) لاھل جرش ان لھم حماھم الذی اسلموا علیہ فمن رعاہ بغیر فساط (کذا) اھلہ فمالہ سحت وان زھیر بن الحماطۃ فان ابنہ الذی کان فی خثعم فار مکسور (کذا) فانہ علیھم ضامن وشھد عمر بن الخطاب ومعاویۃ بن ابی سفیان وکتب

# اہل جرش کے نام

یہ تحریر ہے محمد نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف سے اہل جرش کے حق میں کہ اسلام لاتے وقت یہ جس محفوظ چراگاہ کے مالک تھے وہ انھیں کی رہے گی جس نے اس محفوظ چراگاہ میں اپنے خاندان کی وسیع زمین کو چھوڑ کر اپنے مویشی چراتے اس کا مال مویشی لینا جائز ہے اور زھیر بن الحماطہ کہ اس کا بیٹا قبیلہ خثعم میں فرار ہے اور شکستہ بال ہے وہ ان کا ضامن ہے۔ گواہ عمر بن الخطاب اور معاویہ بن ابی سفیان

کاتب معاویہ۔

یہ مکتوب جزء دیبلی کے علاوہ ہمیں کسی اور کتاب میں نہ مل سکا اس لئے اس کی تصحیح نہیں ہوسکی۔ عبارت کا مطلب بھی پوری طرح واضح نہیں ہے۔ جزء الدیبلی میں فساط کا لفظ طبع ہوا ہے۔ فساط کی تحقیق کے لئے کتب لغت سے مراجعت کی گئی لیکن مناسب معنی متعین نہ ہوسکے۔ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے اس کو "بساط" کردیا ہے۔ صاحب مکاتیب الرسول نے اسی کو صحیح سمجھتے ہوئے وہ معنی کئے ہیں جو ہم نے ترجمہ میں لکھے ہیں۔ لیکن ہمیں اس پر شرح صدر نہیں ہے۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اسی طرح جزء الدیبلی میں فار مکسور لکھا ہوا ہے لیکن ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے اپنے سلیقہ عربیت کی بناء پر اس کو فا مسکوہ بنا دیا ہے اور صاحب مکاتیب الرسول نے اس جملہ کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ زھیر بن حماطہ جس کے بیٹے نے قبیلہ خثعم میں کسی جنایت کا ارتکاب کیا ہے اس کی پاداش میں اس کے باپ زھیر کو پکڑ لو کیونکہ اس نے اپنے بیٹے کے بارے میں قبیلہ مذکور کو ضمانت دی ہے ہم نے "فار مکسور" کو سامنے رکھ کر ترجمہ کیا ہے مگر اس ترجمہ سے ہم مطمئن نہیں ہیں۔ غرض جب تک اس مکتوب کا اصل متن نہ مل جائے مطلب واضح ہوتا نظر نہیں آتا۔

علامہ زمخشری، مجدالدین، ابن الاثیر، ابن منظور اور دیگر لغویین نے "سحت" اور "ثورہ" کے تحت "اہل جرش" کے نام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک مکتوب کا ذکر کیا ہے اور اس کے ذیل میں تحریر کیا ہے کہ آپ نے اہل جرش کے گھوڑوں، سواریوں اور بیلوں کے لئے ایک چراگاہ عطا فرمائی تھی۔ لیکن جزء الدیبلی میں جو متن ہے وہ عام مویشیوں کے لئے ہے۔

**جرش** یمن کا ایک بہت بڑا شہر ہے جس کے گرد شہر پناہ تھی۔ علامہ یاقوت اس کے بارے میں لکھتے ہیں:

| | |
|---|---|
| جرش بالضم ثم الفتح وشین معجمة من مخالیف الیمن من جهة مکة وهی فی الاقلیم الاول طولها خمس وستون درجة وعرضها سبع عشر درجة وقیل ان جرش مدینة عظیمة بالیمن وولایة واسعة[1] الخ | جرش بضم میم وفتح راء وشین معجمہ مکہ کی سمت میں یمن کے مخالیف میں سے ایک مخلاف ہے یہ اقلیم اول میں پینسٹھ درجہ طول بلد اور سترہ درجہ عرض البلد پر واقع ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ ایک بہت بڑا شہر اور وسیع صوبہ ہے۔ |

---

[1] معجم البلدان باب جرش۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com

جرش سنہ ۱۰ ہجری میں اسلام کے زیرنگیں آگیا تھا۔ مؤرخین کے اس بارے میں متضاد بیانات ہیں کہ اہل جرش بغیر لڑے بھڑے مسلمان ہوگئے تھے یا ان سے جہاد کی نوبت آئی تھی۔ بلاذری[1] اور یاقوت[2] کے بیانات سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ لڑائی کی نوبت نہیں آئی تھی۔ اس کے برخلاف سیرت ابن ہشام[3]، طبقات ابن سعد[4] اور دیگر کتبِ تاریخ میں جہاں اہل جرش کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آمد کا ذکر ہے وہیں یہ تصریح بھی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صرد بن عبداللہ الازدی کو یمن کے مشرکین کی سرکوبی پر مامور فرمایا تھا۔ چنانچہ یمن کے مختلف علاقوں میں جہاد کرتے ہوئے جرش بھی گئے تھے۔ جب اہل جرش کو ان کی آمد خبر ہوئی تو وہ قبیلہ خثعم کی معیت میں قلعہ نشین ہوگئے۔ حضرت صرد بن عبداللہ الازدی نے ایک ماہ تک محاصرہ جاری رکھا لیکن جب کوئی نتیجہ برآمد نہ ہو سکا تو واپس ہوگئے۔ اہل جرش نے اس واپسی کو کمزوری پر محمول کیا اور حضرت صرد بن عبداللہ کا تعاقب کیا۔ چنانچہ موضع کشر میں لڑائی ہوئی۔ اس سے پہلے اہل جرش نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو آدمی بھیجے۔ یہ جب خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا کہ تم کہاں کے رہنے والے ہو۔ انہوں نے عرض کیا موضع کشر کے آپ نے ارشاد فرمایا وہ کشر نہیں بلکہ شکر ہے۔ ان لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے معلوم کیا کہ اس وقت وہاں کی صورت حال کیا ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ وہاں سخت معرکہ برپا ہے۔ اس کے بعد انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ ان کے حق میں دعا فرمائیں۔ چنانچہ آپ نے دعا فرمائی۔ پھر جب یہ واپس ہوئے تو معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق اس وقت اہل جرش اور حضرت صرد بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے مابین جنگ ہورہی تھی۔ اس جنگ کے بعد

---

[1] تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو فتوح البلدان ص ۱۱۲۔ [2] معجم البلدان باب جرش
[3] سیرت ابن ہشام ج ۴ ص ۵۸۸ [4] طبقات ابن سعد ج ۱ ص ۳۳۷

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اہل جرش کا ایک وفد خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اور پورا کا پورا قبیلہ مسلمان ہو گیا ۔

**فمن رعاہ بغیر فساط اھلہ** جزء الدبیلی میں یہ جملہ اسی طرح منقول ہے ۔ علامہ زمخشری، مجد الدین ابن الاثیر اور دیگر لغویین نے اس مکتوب کے جو بعض الفاظ نقل کئے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اصل لفظ بغیر بساط اھلہ کی بجائے من الناس ہے ۔ چنانچہ علامہ ابن الاثیر سحت کے ذیل میں لکھتے ہیں :

| | |
|---|---|
| فیہ انہ احمی لجرش حمی وکتب لھم بذلك کتابا فیہ فمن رعاہ من الناس فمالہ سحت [1] | حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل جرش کے لئے ایک چراگاہ مخصوص فرمائی اور ان کے لئے اس بارے میں ایک فرمان لکھا جسمیں یہ الفاظ تھے کہ لوگوں میں سے جس |

نے بھی اپنے مویشی اس چراگاہ میں چرائے اس کا مال ھدر ہے (یعنی اس کے مویشی ضبط کر لئے جائیں گے)

ڈاکٹر حمید اللہ صاحب اور حسین علی صاحب نے فساط کو بساط تحریر کیا ہے ۔ ان دونوں حضرات نے یہ نہیں تحریر کیا کہ یہ تصحیح انہوں نے کس بنیاد پر کی ہے سحت کے لغوی معنی ہلاک کرنے اور ختم کرنے کے ہیں ۔ عربی میں کہا جاتا ہے "مالہ سحت" یعنی فلاں شخص کا مال اگر کسی سے ضائع ہو جائے تو اس پر کوئی تاوان لازم نہیں آئے گا ۔ اسی طرح کہا جاتا ہے "دمہ سحت" یعنی فلاں کا خون ہدر ہے ۔ کہ اگر کوئی شخص اس کو قتل کر دے تو اس پر کوئی ذمہ داری عائد نہ ہو گی ۔

**زھیر بن الحماطۃ** علامہ یاقوت نے معجم البلدان میں زھیر بن الحماطۃ کا ذکر کیا ہے اور ان کا سلسلۂ نسب حمیر بن سبا سے ملایا ہے چنانچہ بنو جرش کے سلسلۂ نسب کو جو حمیر بن سبا میں سے ہیں ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں :

والی ھذہ القبیلۃ ینسب الغاز بن ربیعۃ اسی قبیلہ کی طرف غاز بن ربیعہ بن عمرو بن عوف

---

[1] النہایۃ مادہ سحت ۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بن عمرو بن عوف بن زهیر　　　بن زہیر بن حماطہ بن ربیعہ ذی خلیل

بن حماطة بن ربیعة ذی خلیل　　　بن جرش بن اسلم منسوب ہیں۔

بن جرش بن اسلم[1]

**فا مکسور** جزء دیبلی کے مطبوعہ نسخے میں اسی طرح تحریر ہے۔

ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کی تصریح کے مطابق جزء دیبلی کے خطی نسخے میں بھی (جو علامہ ابن طولون کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے) یہی الفاظ درج ہیں۔ اصل لفظ کیا ہے اس بارے میں کوئی فیصلہ مشکل ہے۔ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب اور علی حسین علی صاحب نے اسے "فامسکوہ" نقل کیا ہے۔ مفہوم کی وضاحت اس سے بھی نہیں ہوتی ہے۔

---

[1] معجم البلدان - مادہ جرش

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲۳)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ھٰذا ما اعطی محمد رسول اللّٰہ (صلی اللّٰہ علیہ وسلم)
الزبیر اعطاہ سوارق کلہ اعلاہ واسفلہ مابین مورح القریۃ
الی موقت الی حین الملحمۃ لا یحاقہ فیہا احدٌ وکتب علی

## حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کے نام

یہ وہ عطیہ ہے جو محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے زبیر کو دیا آپ نے ان کو سوارق سارا کا سارا اس کا بالائی اور زیریں حصہ قریہ مورح کے درمیان سے موقت تک اور وہاں سے حین ملحمہ تک عطا کیا ان کے مقابلہ میں کوئی دوسرا اپنا حق نہیں جتائے گا۔ کاتب علی۔

طبقات ابن سعد میں اس مکتوب کا متن مختصر ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں:

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ھٰذا کتاب من محمد رسول اللّٰہ للزبیر بن العوام انی اعطیتہ شواق لا یحاقہ فیہ احدٌ۔
وکتب علی [1]

**سوارق** ایک وادی کا نام ہے یہ موضع "سوارقیہ" کے قریب مدینہ کے نواح میں واقع ہے۔ طبقات ابن سعد میں "شواق" چھپا ہے جو ہمارے خیال میں صحیح نہیں ہے۔

**مورح موقت اور حین الملحمۃ** کے بارے میں اپنی استطاعت کے مطابق جغرافیہ اور لغت کی کتابوں سے مراجعت کی گئی لیکن کچھ مطلب حل نہ ہوا۔

---

[1] طبقات ابن سعد ج ۱ ص ۲۷۴

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


ممکن ہے طباعت میں غلطی ہو گئی ہو۔

حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ مشہور صحابی ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس جاگیر کے علاوہ دیگر مقامات پر بھی زمین اور باغات عطا فرمائے تھے جس کا تذکرہ احادیث کی کتابوں میں موجود ہے۔ امام ابو یوسف کتاب الخراج میں تحریر فرماتے ہیں :

حدثنا ابو معاویۃ عن هشام بن عروۃ عن ابیه قال اقطع رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم الزبیر ارضا فیها نخل من اموال بنی النضیر و ذکر انها کانت ارضا یقال لها الجرف [1]

ہم سے ابو معاویہ نے ہشام بن عروہ کے حوالے سے یہ بیان کیا کہ وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں (امام ابو عبیدہ کہتے ہیں کہ ابو معاویہ کے علاوہ دوسرے صاحب اس کو اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما سے متصلاً روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر رض کو بطور جاگیر خیبر میں زمین عطا فرمائی تھی جس میں کھجوروں کا باغ تھا۔

امام ابو داؤد نے بھی حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو جاگیر عطا کئے جانے کے سلسلہ میں ایک حدیث نقل کی ہے۔

حدثنا احمد بن حنبل قال حدثنا حماد بن خالد عن عبد اللہ بن عمر عن نافع عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیه وسلم اقطع الزبیر حضر فرسه

ہم سے امام احمد بن حنبل نے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم سے حماد بن خالد نے بیان کیا ان سے نافع نے ان سے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو گھوڑے کی ایک دوڑ کے

---

[1] ص ۲۷۳

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فاجری فرسہ حتی قام ثم رمی بسوطہ فقال اعطوہ من حیث بلغ السوط [1]

برابر زمین عطا فرمائی۔ چنانچہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اپنے گھوڑے کو دوڑایا اور جب وہ دوڑ لگا کر کھڑا ہو گیا تو حضرت زبیر نے اپنا کوڑا پھینکا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کو اتنی زمین دیدو جتنی دور ان کا کوڑا پہنچا ہے۔

[1] باب فی اقطاع الارضین

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


(۲۴)

بسم الله الرحمٰن الرحیم

هٰذا ما اعطی محمد النبی رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)
وقاص بن قمامۃ وعبد اللہ بن قمامۃ السلمیین ثم بنی حارثۃ
اعطاھم المحدب وھو ما بین الھد الی الوابدۃ ان کانا صادقین

## حضرت وقاص بن قمامہ اور عبداللہ بن قمامہ کے نام

یہ وہ عطیہ ہے جو محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے وقاص بن قمامہ اور عبداللہ بن قمامہ کو دیا جو سلمی ہیں اور اس قبیلہ کی شاخ بنو حارثہ سے تعلق رکھتے ہیں آپ نے ان کو محدب دیا یہ "ھد" اور وابدہ کے درمیان ہے بشرطیکہ یہ دونوں صادق ہوں۔

حضرت وقاص بن قمامہ اور حضرت عبداللہ بن قمامہ رضی اللہ عنہما | کتاب کے مطبوعہ نسخے میں قماص بن حمامہ اور عبداللہ بن حمامہ تحریر ہے جو صحیح نہیں۔ "اسد الغابہ" اور "الاصابہ" میں ان دونوں ناموں سے کسی صحابی کا ذکر نہیں ملتا۔ البتہ "وقاص بن قمامہ" اور "عبداللہ بن قمامہ" کے نام سے علامہ ابن الاثیر اور علامہ ابن حجر نے دو صحابیوں کا تذکرہ کیا ہے اور اس سلسلہ میں اسی مکتوب کا حوالہ دیا ہے۔ چنانچہ علامہ ابن الاثیر لکھتے ہیں:

وقاص بن قمامۃ وعبد اللہ بن قمامۃ السلیمانیین من بنی حارثۃ لھما ذکر فی حدیث عمرو بن حزم اخرجہ ابو موسیٰ مختصرًا [1]

وقاص بن قمامہ اور عبداللہ بن قمامہ سلیمانی جو بنو حارثہ میں سے ہیں ان دونوں کا حضرت عمرو بن حزم کی حدیث میں ذکر ہے جس کو ابو موسیٰ نے مختصرًا روایت کیا ہے۔

اور حافظ ابن حجر نے اس مکتوب کے سلسلہ میں مزید تفصیل بیان کی ہے۔

[1] اسد الغابہ ترجمہ وقاص بن قمامہ

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چنانچہ وہ لکھتے ہیں :

عبد الله بن قمامة السلمي اخو وقاص - روى ابن منده من طريق عتيق بن يعقوب عن عبد الملك بن ابي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابيه عن جده عن عمرو بن حزم ان النبي صلى الله عليه وسلم كتب لوقاص وعبد الله ابني قمامة بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هٰذا ما اعطى محمّد النبي صلى الله عليه وسلم وقاص بن قمامة وعبد الله بن قمامة السلميين من بني حارثة - فذكر حديثا وحكاه ابو نعيم من رواية عتيق فقال عبد الله بن قدامة [1]

عبداللہ بن قمامہ السلمی یہ وقاص کے بھائی ہیں۔ ابن مندہ عتیق بن یعقوب سے اور وہ عبدالملک بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم سے اور عبدالملک اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے اور وہ عمرو بن حزم سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وقاص اور عبداللہ پسران قمامہ کے لئے درج ذیل فرمان لکھوایا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یہ وہ عطیہ ہے جو محمد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وقاص بن قمامہ اور عبداللہ بن قمامہ سلمیین کو جو بنی حارثہ میں سے ہیں دیا۔ اس کے بعد انہوں نے حدیث بیان کی۔ اور ابو نعیم نے عتیق بن یعقوب کے حوالے سے عبداللہ بن قدامہ بیان کیا ہے۔

حافظ ابو نعیم اصفہانی کی روایت میں ان کی والدہ کا نام قمامہ کی بجائے قدامہ آیا ہے۔ لیکن حافظ ابو موسیٰ مدینی اور حافظ ابن مندہ کی روایات "جزء الدیبلی" کے مطابق ہے "جزء الدیبلی" میں طباعت کی غلطی سے قمامہ کا حمامہ بن گیا ہے اور قمامہ کی صحت کا قرینہ یہ ہے کہ عبداللہ بن قدامہ سعدی ہیں اور ان کا شمار قریش کے

---

[1] الاصابہ ترجمہ عبداللہ بن قمامہ

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


مشہور قبیلہ بنو عامر بن لوی میں سے ہے اور عبداللہ بن قمامہ سلمی ہیں اور اس قبیلہ کی مشہور شاخ بنو حارثہ سے ان کا تعلق ہے۔ چنانچہ تاریخ یعقوبی میں وفودِ عرب کی خدمتِ نبوی میں حاضری کے سلسلہ میں مذکور ہے :

| | |
|---|---|
| وسلیم و رئیسھم وقاص بن قمامۃ۔ (تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۶۳) | یعنی قبیلہ سلیم کا وفد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جس کے رئیس وقاص بن قمامہ تھے۔ |

**السلمیین** کتاب کے مطبوعہ نسخے میں نسبت شامیین ثم بنی حارثہ ہے۔ "اسد الغابہ" میں "السلیمانیین" "السلمی" اور "السعدی" تینوں نسبتیں مختلف جگہوں میں تحریر ہیں۔ صحیح نسبت "السلمی" ہے۔ یہ قبیلہ بنو سلیم کی شاخ بنو حارثہ میں سے ہیں۔ حافظ ابن مندہ، حافظ ابو نعیم اور حافظ ابن حجر نے بھی ان کو بنو سلیم میں شمار کیا ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے ابن مندہ کے حوالہ سے اس مکتوب کی جو سند نقل کی ہے اس میں بھی صاف لفظوں میں "السلمیین من بنی حارثہ" کے الفاظ موجود ہیں۔ حافظ ابن الاثیر نے "السعدی" جو نسبت بیان کی ہے اس کے بارے میں حافظ ابن حجر نے لکھا ہے کہ "عبداللہ بن قدامہ السعدی" یہ نہیں ہیں جن کے نام مکتوب تحریر کروایا گیا ہے بلکہ وہ اور شخص ہیں چنانچہ حافظ صاحب لکھتے ہیں :

| | |
|---|---|
| وجزم ابن الاثیر بانہ عبداللہ بن قدامۃ السعدی ولیس کذلک فیما یظھر لی لان فی سیاق قصۃ ھٰذا انہ سلمی من بنی حارثۃ وابن السعدی من بنی عامر بن لوئی من قریش فکیف یکونان واحدًا۔ ؎ | ابن الاثیر نے ان کو عبداللہ بن قدامہ السعدی سمجھا ہے حالانکہ میری رائے میں ایسا نہیں ہے اس لئے کہ اس قصّے کے سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سلمی اور بنو حارثہ میں سے ہیں جبکہ ابن السعدی بنو عامر بن لوی سے ہیں جو قریش سے تعلق رکھتے ہیں۔ پھر یہ دونوں ایک کیسے ہو سکتے ہیں۔ |

اس مکتوب کے تینوں مقامات "محدب" "ہد" اور وابدہ کے بارے میں کتبِ جغرافیہ میں ہمیں کچھ نہیں مل سکا۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲۵)

# حضرت عمرو بن حزم انصاری کے نام

ان ھٰذا عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین ارسلہ (عمرو بن حزم) الی الیمن ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھذا بیان من اللہ ورسولہ[1] یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ[2] عھد من عند النبی[3] (صلی اللہ علیہ وسلم) لعمرو بن حزم الانصاری[4] حین بعثہ الی الیمن

یہ فرمان اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ہے، اے ایمان والو! اپنے عہدوں کو پورا کرو۔ یہ وہ عہد نامہ ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے عمرو بن حزم انصاری کو یمن روانہ کرتے وقت تحریر کیا گیا۔

(۱) اَمَرہ بتقوی اللہ فی امرہ کلہ فَاِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ[5]

آپ نے ان کو ہر معاملہ میں اللہ کے احکام کے لحاظ رکھنے کا حکم دیا کیونکہ اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں اور نیک راہ پر چلتے ہیں

(۲) وامرہ ان یاخذ الحق کما امرہ اللہ[6]

آپ نے ان کو حکم دیا کہ اللہ کے حکم کے مطابق جو حق بنتا ہے وہ وصول کریں

---

[1] البدایہ والنہایہ میں ھٰذا کتاب من اللہ ورسولہ تحریر ہے اور تنویر الحوالک میں ھذا کتاب رسول اللہ ہے ۔

[2] سورۃ المائدہ آیت نمبر ۱

[3] البدایہ اور تنویر الحوالک میں عھد امن رسول اللہ ہے

[4] کتاب کے مطبوعہ نسخے میں عمرو بن حرام الانصاری چھپ گیا ہے، جو درست نہیں ہے ۔

[5] سورۃ ھود آیت ۱۲۸

[6] البدایہ والنہایہ میں ان یاخذ بالحق ہے ۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳) وان یبشّر الناس بالخیر ویأمرھم بہ — لوگوں کو کارِ خیر پر بشارت دیں اور ان پر عمل پیرا ہونے کی تلقین کریں۔

(۴) ویعلّم الناس القرآن ویفقّھھم فیہ[1] — اور قرآن مجید کی تعلیم دیں اور اس کا تفقہ ان میں پیدا کریں (یعنی اس کے احکام کی سمجھ ان میں پیدا کریں)

(۵) وینھی الناس ان لایمسّ[2] احد القرآن الا وھو طاھر — لوگوں کو منع کریں کہ کوئی شخص بغیر طہارت (وضو) قرآن مجید کو نہ چھوئے۔

(۶) ویخبر الناس بالذی لھم والذی علیھم — لوگوں کو ان کے حقوق و فرائض بتائیں۔

(۷) ویلین للناس[3] فی الحق — حق وصول کرنے میں نرمی کا معاملہ اور برتاؤ کریں

(۸) ویشتدّ علیھم فی الظلم وان اللہ کرہ الظلم[4] ونھی عنہ فقال اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ[5] — ظلم کے معاملہ میں سختی سے دار و گیر کریں کیونکہ اللہ کو ظلم ناپسند ہے اور اس سے اس نے منع فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے خبردار اللہ کی ظالموں پر لعنت ہے

(۹) ویبشّر الناس بالجنة وبعملھا[6] — لوگوں کو جنت اور اس کے اعمال پر بشارت دیں

(۱۰) وینذر الناس بالنار وبعملھا[7] — اور دوزخ اور اس کے اعمال سے ڈرائیں

---

[1] کتاب کے مطبوعہ نسخے میں ویشفقھم فیہ چھپ گیا ہے۔ البدایہ میں ویفقھھم فی الدین ہے

[2] کتاب کے مطبوعہ نسخے میں فلا یمسّ چھپا ہے۔ موطا میں ان لا یمسّ القرآن ہے۔ البدایہ اور تنویر الحوالک میں فلا یمس احد القرآن ہے۔

[3] البدایہ والنہایہ اور تنویر الحوالک میں ویلین لھم ہے۔

[4] البدایہ میں حرّم الظلم ہے اور آیت کے بعد اَلَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ کا مزید اضافہ ہے۔

[5] سورۃ النحل آیت نمبر ۱۲۸

[6] البدایہ میں ان یبشّر ہے

[7] البدایہ اور تنویر الحوالک میں ینذر الناس النار وعملھا جبکہ کتاب کے مطبوعہ نسخے میں وبعملھا چھپ گیا ہے۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| (۱۱) ویستالف الناس حتی یفقهوا[1] فی الدین | لوگوں سے الفت اور محبت کا برتاؤ کریں کہ ان میں دین کی سمجھ پیدا ہو جائے۔ |
| (۱۲) ویعلم الناس معالم الحج وسننه وفرائضه وما امر الله به والحج الاکبر والحج الاصغر وهو العمرة[2] | لوگوں کو حج کے بنیادی مسائل، اس کے سنن و فرائض اور اوامر حج اکبر حج اصغر یعنی عمرہ کے تفصیلی احکام بتائیں |
| (۱۳) وینهی الناس ان یصلی احد[3] فی ثوب واحد صغیر الا ان یکون ثوبا واحدا[4] یثنی طرفیه علی عاتقیه[5]۔ | لوگوں کو منع کریں کہ کوئی شخص بھی صرف ایک چھوٹے سے کپڑے میں نماز نہ پڑھے الا یہ کہ وہ ایک کپڑا اتنا بڑا ہو کہ اس کے دونوں کنارے کندھوں کو ڈھانپ لیں۔ |
| (۱۴) وینهی ان یحتبی احد[6] فی ثوب واحد یفضی بفرجه الی السماء[7]۔ | لوگوں کو اس سے منع کریں کہ وہ ایک کپڑے میں اسطرح اکڑوں بیٹھیں کہ ان کی شرم گاہ اوپر سے نظر آنے لگے۔ |
| (۱۵) ولا یعقص احد شعر رأسه اذا اعفاه[8] فی قفاه | کوئی شخص اپنے سر کے بالوں کا جوڑا بنا کر اسے گدی پر نہ لٹکائے۔ |

---

[1] البدایہ والنہایہ میں حتی یتفقهوا ہے
[2] تنویر الحوالک میں وما امر الله تا وهو العمرة حذف ہو گیا ہے۔ البدایہ میں وما امر الله به والحج الاکبر الحج والحج الاصغر العمرة ہے۔
[3] البدایہ اور تنویر الحوالک میں الرجل ہے
[4] البدایہ اور تنویر میں الا ان یکون واسعا ہے۔
[5] البدایہ اور تنویر میں فیخالف بین طرفیه علی عاتقیه ہے۔
[6] البدایہ اور تنویر میں الرجل ہے۔
[7] تنویر میں و یفضی الی السماء بفرجه ہے۔
[8] البدایہ میں ولا ینقض شعر رأسه اذا عفی ہے اور تنویر میں ولا یعقص شعر رأسه اذا اعفاه ہے

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| (۱۶) وینھی اذا کان بین الناس صلح عن الدعاء الی القبائل والعشائر[۱] | جب لوگوں کے درمیان صلح ہونے لگے تو کوئی شخص بھی اپنے قبیلہ اور خاندان کی جنگ... |
| (۱۷) ولیکن دعاؤھم الی اللہ وحدہ لاشریک لہ | بلکہ سب کی پکار صرف اللہ وحدہ لاشریک ہی کے لئے ہو۔ |
| (۱۸) فمن لم یدع الی اللہ ودعا الی العشائر والقبائل فلیعطفوا بالسیف حتی یکون دعاؤھم الی اللہ وحدہ لاشریک لہ | جو اللہ کی طرف دعوت کو چھوڑ کر قبائل اور خاندان کی طرف بلائے اس کا علاج تلوار سے کیا جائے یہاں تک کہ اس کی پکار اللہ وحدہ لاشریک کے لئے ہو جائے۔ |
| (۱۹) ویامر الناس باسباغ الوضوء وجوھھم وایدیھم الی المرافق وارجلھم الی الکعبین | لوگوں کو حکم دیا جائے کہ وضو اچھی طرح کریں اور اپنے پورے چہرے پر پانی بہائیں اور ہاتھوں کو کہنیوں تک اور پیروں کو ٹخنوں تک دھوئیں اور |
| (۲۰) ویمسحوا برؤسھم کما امر اللہ[۲] | اللہ کے حکم کے مطابق اپنے سر کا مسح کریں |
| (۲۱) وامرہ بالصلوٰۃ لوقتھا و اتمام الرکوع والخشوع[۳] | اور ان کو حکم دیا کہ نماز وقت پر ادا کریں رکوع پوری طرح کریں اور نماز میں خشوع کا خیال رکھیں |
| (۲۲) ویغلس بالصبح[۴] | صبح کی نماز اندھیرے منہ پڑھیں۔ |
| (۲۳) ویھجر بالھاجرۃ حتی تمیل الشمس | اور ظہر کی نماز آفتاب ڈھلنے سے پہلے جلدی ادا کریں۔ |

---

[۱] البدایہ اور تنویر میں وینھی الناس ان کان بینھم ھیج ان یدعوا الی القبائل ہے
[۲] البدایہ اور تنویر میں ان یمسحوا رؤسھم کما امرھم اللہ ہے
[۳] البدایہ میں والسجود ہے۔
[۴] تنویر اور البدایہ میں ان یغلس ہے۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| ۲۴) وصلوٰۃ العصر والشمس فی الارض مدبرۃ [1] | اور عصر کی نماز ایسے وقت میں پڑھی جائے کہ دھوپ ڈھل جائے ۔ |
| ۲۵) والمغرب حین یقبل اللیل ولا یؤخر [2] حتی تبدو النجوم فی السماء ۔ | اور رات کی آمد کے ساتھ ہی مغرب ادا کر لی جائے اور ایسے ستاروں کے آسمان میں نمایاں ہونے تک مؤخر نہ کیا جائے ۔ |
| (۲۶) والعشاء اول اللیل | عشاء رات کے اوائل میں پڑھی جائے ۔ |
| (۲۷) وامرہ بالسعی الی الجمعۃ اذا نودی لھا [3] | اور حکم دیا جوں ہی جمعہ کی اذان ہو فوراً جمعہ کے لئے نکل کھڑا ہو جائے ۔ |
| (۲۸) والغسل عند الرواح [4] | نماز جمعہ کے لئے روانہ ہونے سے پہلے غسل کیا جائے ۔ |
| (۲۹) وامرہ ان یأخذ من المغانم خمس اللہ | اور حکم دیا کہ مالِ غنیمت میں اللہ کے لئے پانچواں حصہ لیا جائے ۔ |
| (۳۰) وما کتب علی المؤمنین فی الصدقۃ [5] من العقار عشر ما سقی البعل [6] و ما سقت السماء | جو زمین پانی کے کنارے ہو یا بارانی ہو اس کی پیداوار میں دسواں حصہ بطور زکوٰۃ فرض ہے |
| (۳۱) وعلی ما سقی الغرب نصف العشر | جو زمین ڈول سے سیراب کی جائے اس پر نصف عشر ہے ۔ |

---

[1] کتاب کے مطبوعہ نسخے میں مؤیدۃ چھپ گیا ہے جو درست نہیں ہے ۔ تنویر میں مدبرۃ ہے اور البدایہ میں مبدرۃ ہے ۔

[2] تنویر اور البدایہ میں لا تؤخر ہے ۔

[3] یہ جملے البدایہ میں منقول نہیں ہیں ۔ تنویر الحوالک میں وامرھم بالسعی الی الجمعۃ اذا نودی بھا ۔

[4] البدایہ میں یہ جملہ بھی محذوف ہے ۔ تنویر میں والغسل عند الرواح الیھا ہے

[5] البدایہ میں من ہے ۔

[6] البدایہ فیما سقی المغل و فیما سقت السماء العشر ہے اور تنویر میں فیما سقت السماء العشر اور ما سقی البعل محذوف ہو گیا ہے ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

| | |
|---|---|
| (۳۲) وفی کل عشر من الابل شاتان وفی کل عشرین[1] من الابل اربع شیاہ[2] | مویشیوں میں ہر دس اونٹوں پر دو بکریاں ہیں اور ہر بیس اونٹوں پر چار بکریاں ہیں۔ |
| (۳۳) وفی کل اربعین من البقر بقرۃ[3] وفی کل ثلاثین من البقر تبیع جذع[4] او جذعۃ | ہر چالیس گایوں پر ایک گائے اور ہر تیس گایوں پر ایک سالہ بچہ نر یا مادہ |
| (۳۴) وفی کل اربعین من الغنم سائمۃ وحدھا[5] شاۃ | ہر چالیس بکریوں پر جو جنگل میں چرنے والی ہوں ایک بکری ہے۔ |
| (۳۵) فانھا فریضۃ اللہ التی افترض علی المؤمنین فی الصدقۃ[6] فمن زاد خیرا فھو خیر لہ[7] | یہ صدقات کے ذیل میں اللہ کا مقرر کردہ ہے جو اس نے مؤمنین پر فرض کیا ہے جو مزید خیرات کرے تو اس کے لئے اور زیادہ اچھا |

[1] لفظ کل البدایہ میں موجود نہیں ہے
[2] لفظ شیاہ تنویر میں نہیں ہے۔
[3] مذکورہ جملہ البدایہ اور تنویر میں بعد والے جملے کے بعد ہے
[4] البدایہ اور تنویر میں لفظ تبیعۃ کا یہاں اضافہ ہے۔
[5] لفظ وحدھا تنویر میں نہیں ہے۔
[6] فی الصدقۃ البدایہ میں ساقط ہے۔
[7] لفظ خیرا البدایہ اور تنویر میں نہیں

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳۶) وانه من اسلم من یهودی اونصرانی اسلاماً خالصاً من نفسه ودان دین الاسلام فانه من المؤمنین له مثل مالهم وعلیه[1] ما علیهم

یہود اور نصاریٰ میں سے جو خلوصِ دل سے ایمان لے آئے اور اسلام کو بطور دین قبول کرلے، اس کا شمار مومنین میں ہوگا اور اس کے حقوق و فرائض وہی ہوں گے جو دیگر مسلمانوں کے ہیں۔

(۳۷) ومن کان علی نصرانیة اویهودیة[2] فانه لا یفتتن علیها[3]

جو یہودیت اور نصرانیت پر قائم رہنا چاہے اسے اس کے مذہب کے سلسلہ میں کسی آزمائش میں مبتلا نہ کیا جائے۔

(۳۸) وعلی کل حالم ذکر او انثیٰ حر او عبدٍ دینار واف وعوضه ثیاباً[4]۔

ان میں سے ہر عاقل بالغ مرد، عورت، آزاد اور غلام پر ایک پورا دینار یا اس کی قیمت کا کپڑا ہے۔

(۳۹) فمن ادی ذٰلك فان له ذمة الله وذمة رسوله

جو یہ رقم ادا کردے وہ اللہ اور اس کے رسول کی امان میں ہے۔

(۴۰) ومن منع ذلك فانه عدو لله ولرسوله وللمؤمنین جمیعاً[5]

اور جو یہ رقم ادا کرنے سے انکار کرے اس کا شمار اللہ اور اس کے رسول اور جملہ مؤمنین کے دشمنوں میں ہے۔

---

۱ لفظ "مثل" البدایہ اور تنویر میں نہیں ہے۔

۲ البدایہ میں نصرانیته اور یهودیته ہے۔

۳ البدایہ اور تنویر میں لا یغیر عنها ہے

۴ البدایہ اور تنویر میں من الثیاب ہے

۵ البدایہ اور تنویر میں عدو الله ورسوله والمؤمنین ہے۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ حجرنہ دیبلی کا آخری مکتوب ہے جو قدرے طویل ہے اور عہد کی صورت میں ہے۔ اس کا مکمل متن علامہ سیوطی[1] اور حافظ ابن کثیر[2] نے دلائل النبوۃ بیہقی کے حوالہ سے نقل کیا ہے اور علامہ ابن طولون[3] نے اسے ابن اسحٰق[4] کے حوالہ سے روایت کیا ہے۔

اس مکتوب کے متفرق اجزاء موطا امام مالک[4]، سنن نسائی[5]، سنن کبریٰ بیہقی[6] اور مستدرک[7] میں بھی موجود ہیں۔ نیز اس کے بعض اجزاء حافظ ابن حجر[8] نے مسند اسحاق بن راہویہ کے حوالہ سے المطالب العالیہ[9] میں بھی نقل کئے ہیں۔

جہاں تک اس کی اسناد اور صحت کا تعلق ہے تو حافظ بوصیری نے اس کے جملہ رواۃ کو ثقہ بتایا ہے چنانچہ وہ لکھتے ہیں

| | |
|---|---|
| رواہ اسحٰق ورجالہ ثقات وابن حبان فی صحیحہ مطولا ورواہ البیہقی ایضاً[10] | اس کو اسحٰق بن راہویہ نے روایت کیا ہے اور اس کے تمام رجال ثقہ ہیں۔ نیز ابن حبان نے اس کا طویل متن اپنی صحیح میں نقل کیا ہے۔ مزید برآں بیہقی نے بھی اسے روایت کیا ہے۔ |

یہ مکتوب مسنداً اور مرسلاً دونوں صورتوں میں روایت کیا گیا ہے علامہ ابن عبد البر نے اسے حدیثِ متواتر کے مشابہ قرار دیا ہے۔ چنانچہ وہ تحریر کرتے ہیں

| | |
|---|---|
| لاخلاف عن مالک فی ارسال هذا الحدیث | امام مالک سے اس حدیث کو مرسلاً روایت کرنے میں کسی نے اختلاف نہیں کیا ہے۔ |

---

[1] تنویر الحوالک شرح موطا امام مالک ص ۲۰۴ [2] البدایہ والنہایہ ج ۵ ص ۷۶
[3] اعلام السائلین ص ۴۵ - [4] ص ۲۰۴ [5] ج ۲ ص ۲۵ [6] کتاب الزکوٰۃ -
[7] ج ۴ ص ۹۶ [8] ج ۱ ص ۲۹۰ [9] ملاحظہ ہو حاشیہ المطالب العالیہ ج ۱ ص ۲۹۰ و ص ۲۳۱

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com

[illegible]

الدلد

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



اس کے علاوہ بھی دیگر ہدایات دی گئیں۔ ان حضرات نے آپ کی دعوت پر لبیک کہتے ہوئے فوراً اسلام قبول کرلیا اور اس سلسلہ میں ایک عہدنامہ تحریر کرواکر حضرت مالک بن مرارہ الرھاوی رضؓ کے ذریعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ارسال کیا۔ آپ نے ان کے سفیر کا غایت درجہ اکرام کیا اور حضرت بلال رضؓ کو خصوصی طور پر ان کی ضیافت پر مامور فرمایا۔ چنانچہ علامہ ابن سعد لکھتے ہیں :۔

| | |
|---|---|
| وقدم علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مالك بن مرارة الرھاوی رسول ملوك حمیر بکتابھم واسلامھم وذلك فی شھر رمضان سنة تسع فامر بلالا ان ینزله ویکرمه و یضیفه [1]۔ | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سفیر ملوکِ حمیر مالک بن مرارہ رہاوی ان کا خط اور ان کے اسلام لانے کی اطلاع لیکر حاضر ہوئے یہ واقعہ ۹ھ ہجری رمضان کا ہے۔ آپ نے حضرت بلال کو ان کی ضیافت اور اکرام پر مامور کیا۔ |

علاوہ ازیں جیساکہ ہم نے سابق میں تحریر کیا ہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نعمان قیل ذی رعین ومعافر وہمدان اور زرعہ ذی یزن کے نام بھی مکاتیب ارسال فرمائے تھے جس میں ان کو اسلام کی دعوت دی گئی تھی ان حضرات نے بھی حضرت مالک بن مرارہ الرھاوی کے ذریعہ اپنے اسلام لانے کی اطلاع حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بھجوائی تھی۔ چنانچہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سب کے مشرف بہ اسلام ہونے کے بعد مزید تعلیماتِ اسلامی سے آگاہی اور جزیہ و زکوٰۃ کی وصولیابی کے لئے ایک وفد تشکیل دے کر ان کی طرف روانہ کیا اس وفد کا امیر حضرت معاذ بن جبل کو مقرر کیا۔ مزید ارکان میں حضرت عبداللہ بن زید، مالک بن عبادہ، عقبہ بن نمر، مالک بن مرہ، اور دیگر افراد تھے۔ اس وفد کے ہمراہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مکتوب گرامی بھی ارسال فرمایا جس میں زکوٰۃ، جزیہ اور دیگر امور کے بارے میں تفصیلی احکام تھے۔ نیز حضرت زرعہ

---

[1] طبقات ابن سعد ج ا ق ۲ ص ۸۳

Marfat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بن سیف ذی یزن کو اس خط کے ذریعہ خصوصی تاکید کی گئی کہ وہ جزیہ اور زکوٰۃ کی وصولی کے سلسلہ میں اس وفد سے پورا پورا تعاون کریں۔ اس مکتوب کا کچھ حصہ علامہ ابن سعد نے نقل کیا ہے جو درج ذیل ہے

كتب رسول الله صلى الله عليه وسلم الى الحارث بن عبد كلال والى نعيم بن عبد كلال والى النعمان قيل ذى رعين ومعافر وهمدان اما بعد فانى احمد الله الذى لا اله الا هو اما بعد فانه قد وقع بنا رسولكم منقلبنا من ارض الروم فبلغ ما ارسلتم وخبّر عما قبلكم وانبأنا باسلامكم وقتلكم المشركين فان الله تبارك وتعالى قد هداكم بهداه ان اصلحتم واطعتم الله ورسوله واقمتم الصلوٰة واٰتيتم الزكوٰة واعطيتم من المغنم خمس الله وخمس نبيه وصفيه وما كتبت على المؤمنين من الصدقة[1]

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حارث بن عبد کلال، نعیم بن عبد کلال، نعمان قیل ذی رعین ومعافر وہمدان کے نام تحریر فرمایا اما بعد میں اس اللہ کی حمد و ثنا بیان کرتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں سرزمین روم سے واپسی کے بعد تمہارا قاصد آیا اور اس نے تمہارا پیغام پہنچایا اور تمہاری کیفیت سے مطلع کیا اور تمہارے اسلام قبول کرنے اور مشرکین کے قتل کرنے کے بارے میں اطلاع دی اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص ہدایت سے تم کو نوازا ہے اگر تم راہ راست پر رہے اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے رہے، نماز قائم کرتے رہے اور زکوٰۃ دیتے رہے اپنے مال غنیمت میں سے اللہ اور اس کے رسول کا خمس، پیغمبر کا منتخب کردہ ادا کرتے رہے اور جو کچھ مسلمانوں پر فرض ہے ادا کرتے رہے الخ

[1] طبقات ج ۱ ق ۲ —

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com

۲۔ زرعہ بن سیف ذی یزن۔[۱]

۳۔ عبدالعزیز بن سیف ذی یزن۔[۲]

۴۔ شرحبیل بن عبد کلال۔[۳]

۵۔ مالک ذی یزن۔[۴]

۶۔ عریب بن عبد کلال الحمیری[۵]

۷۔ عمیر ذو مران

۸۔ نعمان قیل ذی رعین۔[۷]

۹۔ حجر ذی اعلین۔[۸]

۱۰۔ بنو عمرو من حمیر[۹]

۱۱۔ قہد۔ حمیر کا ایک قبیلہ۔

۱۲۔ حوشب بن طخیہ او طحہ الحمیری المعروف بذی ظلع[۱۰]

۱۳۔ ذوالکلاع بن ناکور بن حبیب بن حسان بن تبع۔[۱۱]

اس فہرست میں جن ملوکِ حمیر کے خطوط کتبِ تاریخ و سیر میں موجود ہیں ان میں نمایاں ترین افراد حضرت حارث، حضرت مسروح اور حضرت نعیم بن عبد کلال ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوتِ اسلامی کے سلسلہ میں ان پر خصوصی توجہ

---

۱ الاصابہ ترجمہ زرعہ۔ ۲ الاصابہ والاستیعاب ترجمہ عبدالعزیز

۳ نسائی ج ۲ ص ۲۵۱ ۴ البدایۃ والنہایہ ج ۵ ص ۷۶۔ ۵ تجرید اسماء الصحابہ ج ۱ ص ۳۸۰

۶ ایضاً ج ۱ ص ۲۲۵ ۷ تجرید اسماء الصحابہ ج ۲ ص ۱۱۰

وطبقات ابن سعد ج ۱ ق ۲ ص ۸۲ ۸ ایضاً ج ۱ ق ۲ ص ۳۳

۹ طبقات ابن سعد ج ۱ ق ۲ ص ۲۰ ۱۰ تجرید اسماء الصحابہ تذکرہ حوشب ۱۱ طبقات ج ۱ ق ۲ ص ۲۰

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



مرحمت فرمائی تھی اور سفیر دربار نبوی حضرت عیاش بن ربیعہ کے ذریعہ بطور خاص ایک خط ان کے نام ارسال فرمایا تھا جس کا متن درج ذیل ہے

| | |
|---|---|
| الی الحارث ومسروح ونعیم | حارث ، مسروح ، نعیم بن عبد کلال |
| بن عبد کلال من حمیر سلم انتم | شاہان حمیر کے نام ۔ تم سلامت رہو ، |
| ما اٰمنتم باللہ ورسولہ وان اللہ | جب تک تمہارا اللہ اور اس کے رسول پر ایمان |
| وحدہٗ لاشریک لہ بعث موسیٰ | ہو ۔ اللہ وحدہٗ لاشریک نے حضرت موسیٰ کو |
| باٰیاتہ وخلق عیسیٰ بکلماتہ قالت | اپنے کلام کے ساتھ مبعوث کیا اور حضرت |
| الیھود عزیر ابن اللہ وقالت | عیسیٰ کو اپنے کلمہ سے پیدا کیا ۔ یہود نے عزیر کو |
| النصاریٰ اللہ ثالث ثلثۃ | اللہ کا بیٹا بنایا اور نصاریٰ کہنے لگے کہ اللہ |
| عیسیٰ ابن اللہ [1] | تین میں کا تیسرا ہے اور حضرت عیسیٰ اللہ کے بیٹے ہیں |

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو ان حضرات کی سلامت روی پر پورا اطمینان تھا اس لئے آپ نے ان کو نہایت حکمت کے ساتھ اسلام کی تلقین فرمائی اور نصرانیت و یہودیت میں تثلیث اور ابنیت کی جو خرابی در آئی تھی اس کی صاف وضاحت فرما دی ۔

پھر دیگر سفراء کے برعکس حضرت عیاش بن ربیعہ کو سرزمین حمیر میں داخلہ اور سفارت کے خصوصی آداب کھائے جو درج ذیل ہیں :-

۱ ۔ ان کی سرزمین میں رات کو داخل نہ ہوں ۔
۲ ۔ خوب اچھی طرح پاک صاف ہو کر جائیں ۔
۳ ۔ دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے کامیابی کی دعا کریں ۔
۴ ۔ اعوذ باللہ کا ورد کرتے ہوئے آپ کا والا نامہ دائیں ہاتھ میں لیکر دائیں ہاتھ سے ان کے دائیں ہاتھ میں دیں ۔
۵ ۔ سورۂ بینہ پڑھ کر سنائیں [2]

---

[1] طبقات ابن سعد ج ۱ ق ۲ ص ۳۲ [2] ایضاً

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | |
|---|---|
| قهرمانه ورجلاً آخر وكتب | باذان نے قہرمان اور ایک اور شخص کو |
| معهما كتاباً فقدما المدينة | ایک خط دیکر بھیجا۔ یہ دونوں مدینہ آئے |
| فدفعا كتاب باذان الى النبي | اور باذان کا خط نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی |
| صلى الله عليه وسلم فتبسم | خدمت میں پیش کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم |
| رسول الله صلى الله عليه وسلم | مسکرائے اور ان دونوں کو اسلام کی دعوت |
| ودعاهما الى الاسلام و | دی اس وقت مارے رعب کے ان کے شانے |
| فرائصهما ترعد وقال ارجعا | لرز رہے تھے پھر فرمایا کہ آج تو تم لوٹ جاؤ |
| عنى يومكما هذا حتى تأتيانى | کل آنا میں تمہیں اپنے ارادہ سے مطلع کردوں گا |
| الغد فاخبركما بما اريد فجاءاه | چنانچہ یہ دوسرے دن حاضر ہوئے آپ نے |
| الغد فقال لهما ابلغا صاحبكما | فرمایا اپنے مالک کو جاکر بتادو کہ میرے رب نے |
| ان ربى قد قتل ربه كسرى | تمہارے آقا کسریٰ کو اس شب سات گھڑی |
| فى هذه الليلة لسبع ساعات | قتل ہلاک کردیا ہے اور یہ منگل ۱۰ جمادی الاولیٰ |
| مضت منها وهى ليلة الثلاثاء | ۷ھ ہجری کا واقعہ ہے۔ |
| لعشر ليال مضين من جمادى | اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے کسریٰ پر اس کے |
| الاولى سنة سبع وان الله تبارك | بیٹے شیرویہ کو مسلط کردیا جس نے اس کو قتل |
| وتعالى سلط عليه ابنه شيرويه | کردیا۔۔۔۔چنانچہ یہ دونوں باذان کے |
| فقتله فرجعا الى باذان بذالك | پاس واپس لوٹ گئے اور وہ مع دیگر ابناء |
| فاسلم هو والابناء الذين باليمن[1] | کے اسلام لے آیا۔ |

اس طرح اس سفارت سے بدنصیب خسرو تو کوئی فائدہ نہ اٹھا سکا بلکہ نامہٴ مبارک چاک کرکے وہ قہر الٰہی کا مستحق ہوا لیکن یہ مکتوب یمن کے ایرانی گورنر اور دیگر

---

[1] طبقات ابن سعد ج ا ق ۲ ص۱۶

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


حکام کے لئے دعوتِ اسلامی کا ایک ذریعہ بن گیا اور وہ اپنے سفراء کی زبانی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات اور آپ کی پیشگوئی سن کر اسلام لے آئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے باذان بن بلاشس کو یمن کی گورنری کے منصب پر بدستور بحال رکھا۔ اس طرح عجمی حکمرانوں میں ان کو پہلے مسلمان ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ ان کی وفات کے بعد ان کے بیٹے شہر بن باذان صنعاء اور یمن کے دیگر اضلاع کے گورنر مقرر ہوئے۔[۱]

**شاہانِ حمیر کا قبولِ اسلام** جیسا کہ ہم سابق میں عرض کر چکے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے دو سال بعد ہی شاہانِ حمیر نے یمن سے حبشیوں کو نکال باہر کیا تھا اور فارس کے بادشاہ خسرو کی مدد سے اپنی حکومت دوبارہ قائم کر لی تھی۔ اس سلسلہ کا آخری تاجدار سیف بن ذی یزن تھا لیکن سیف کا اقتدار بھی زیادہ عرصہ نہیں چل سکا اور وہ حبشی خادموں کے ہاتھوں مارا گیا اس کی موت کے ساتھ ہی خاندانِ حمیر کی مرکزی بادشاہت کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو گیا اور وہاں کسی ایک فرمانروا ہی کی حکمرانی قائم نہ رہی، ہر علاقے کے حمیری حکمران اور اذواء و اقیال نے خود مختاری کا دعویٰ کر کے اپنا اثر رسوخ قائم کر لیا اور اس طرح طوائف الملوکی کا ایک سلسلہ شروع ہو گیا۔[۲] چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دعوتِ اسلامی کے سلسلہ میں خطوط ارسال فرمائے تو ملوکِ حمیر کے نام بھی متعدد خطوط بھیجے۔ ان میں درج ذیل ملوک حمیر اور قبائل خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں:-

۱ - حارث، مسروح، نعیم بن عبد کلال - ان سب کو ایک خط تحریر کیا گیا۔[۳]

---

[۱] شرح الزرقانی علی المواهب اللدنية ج ۳ ص ۳۶۳

[۲] تفصیلات کے لئے ملاحظہ "المعارف" لابن قتیبہ ص ۲۰۸

[۳] طبقاتِ ابن سعد ج ۱ ق ۲ ص ۸۳

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عشرة من العرب فتيامن منهم ستة وتشاءم منهم اربعة فاما الذين تشاءموا فلخم وجذام وغسان وعاملة واما الذين تيامنوا فالازد والاشعرون وحمير وكندة ومذحج وانمار فقال رجل يارسول الله وما انمار قال الذين منهم خثعم وبجيلة [۱]

یہ کسی سرزمین کا نام ہے اور نہ ہی کسی عورت کا بلکہ وہ عرب کا ایک شخص تھا جس کے دس لڑکے ہوئے ان میں چھ یمن میں رہ گئے اور چار شامی ہو گئے۔ جو شام چلے گئے ان کے نام لخم، جذام، غسان اور عاملہ ہیں اور جو یمن میں رہے ان میں ازد، اشعری، حمیر، کندہ، مذحج اور انمار ہیں اس شخص نے پوچھا یا رسول اللہ انمار کون ہیں آپ نے فرمایا وہ لوگ جن میں خثعم اور بجیلہ ہیں۔

مکہ مکرمہ شروع سے اہل عرب کا روحانی و تجارتی مرکز رہا ہے۔ کعبۃ اللہ کی وجہ سے وہ مرجعِ خلائق تھا۔ اشہر حرام میں حج اور دیگر مقاصد کے لئے اطراف عرب سے قافلے در قافلے مکہ مکرمہ آتے۔ ان میں یمن کے متعدد قافلے بھی شامل ہوتے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول مبارک تھا کہ اس موقع پر ایک ایک قبیلہ کے پاس بنفس نفیس تشریف لے جاتے اور ان کو اسلام کی دعوت دیتے۔ علامہ ابن سعد نے تحریر کیا ہے کہ بعثتِ نبوی کے چوتھے سال سے ہی آپ نے عام قبائلِ عرب میں دعوتِ اسلام کا آغاز کر دیا تھا اور اس غرض سے آپ عکاظ، مجنۃ، ذوالمجاز اور منیٰ وغیرہ میں تشریف لے جاتے اور وہاں مختلف قبائل کے وفود سے ملاقات کر کے ان تک اسلام کا پیغام پہنچاتے [۲] آپ کا یہ معمول ہجرتِ مدینہ تک جاری رہا اور آپ کی ان کوششوں

---

[۱] ترمذی کتاب التفسیر ج ۲ صفحہ ۱۵۴ ایضاً البدایۃ والنہایہ ج ۲ صفحہ ۱۵۹

[۲] تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو طبقات کبریٰ ج ۱ صفحہ ۱۴۵

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے نتیجہ میں یمن کے متعدد افراد نے مکہ میں اسلام قبول کیا ان میں حضرت ابو موسیٰ اشعری[1]، حضرت عمار بن یاسر[2] اور حضرت طفیل بن عمرو دوسی خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ حضرت طفیل بن عمرو دوسی کا شمار عرب کے مشہور شعراء میں تھا قریش کی پوری کوشش رہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کا اتصال نہ ہونے پائے لیکن ان کی تدبیریں ناکام ہوئیں اور یہ نورِ ہدایت سے سرفراز ہو کر اپنے قبیلہ میں واپس ہوئے۔

صلح حدیبیہ کے بعد جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اہلِ مکہ سے فراغت ہوئی تو آپ نے ماہ ذی الحجہ ۶ھ ہجری میں مختلف سلاطین کو اسلام کی دعوت کے خطوط روانہ فرمائے۔ اسی ذیل میں ایران کے بادشاہ خسرو پرویز کو بھی حضرت عبداللہ بن حذافہ السہمی کے ہاتھ ایک خط ارسال کیا جسے اس نے اپنی توہین گردانتے ہوئے چاک کر دیا اور یمن میں متعین اپنے گورنر باذان بن ساسان بن بلاش کو حکم دیا کہ اس مدعی نبوت کے حالات معلوم کرنے کے لئے دو آدمی مدینہ روانہ کئے جائیں۔ چنانچہ اس کی تفصیلات تحریر کرتے ہوئے علامہ ابن سعد رقمطراز ہیں:

| | |
|---|---|
| وکتب کسریٰ الی باذان عامله | کسریٰ نے اپنے یمن کے عامل باذان کو |
| علی الیمن ان ابعث من عندك | لکھا کہ اپنے ہاں سے دو مضبوط آدمی اس |
| رجلین جلدین الی هذا الرجل الذی | شخص کے حالات معلوم کرنے کے لئے حجاز |
| بالحجاز فلیأتیانی بخبره فبعث باذان | بھیجے جائیں جو اس کی خبر لے کر آئیں۔ چنانچہ |

[1] الاصابہ ترجمہ عبداللہ بن قیس والاستیعاب ج ۲ ص ۳۷۱

[2] واضح رہے کہ حضرت عمار بن یاسر کا تعلق قبیلہ مذحج کی شاخ بنو عنس سے تھا۔
جوامع السیرہ لابن حزم ص ۱۸

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مسعود تک اذواء اور اقیال کا یہ نظام بدستور موجود تھا۔ البتہ آپ کی ولادت سے تقریباً ۵۰ برس قبل ۵۲۵ء میں یمنیوں کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا تھا اور حبشہ کے عیسائیوں نے یمن پر قبضہ کر لیا تھا اور یہی وہ دور ہے جب وہاں عیسائیت کو فروغ حاصل ہوا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے دو سال بعد یمن کے مشہور حمیری خاندان کے ایک فرد سیف بن ذی یزن نے ایرانیوں کی مدد سے اپنا اقتدار دوبارہ بحال کر لیا[1] اور اس کے نتیجہ میں اہل یمن فارس کے بادشاہ کسریٰ کے باجگذار ہو گئے اور یمن کی نگرانی کے لئے ایرانی گورنر نامزد کئے جانے لگے۔ لیکن سیف بن ذی یزن کا اقتدار بھی زیادہ عرصہ نہ چل سکا اور ولادت نبوی کے کچھ ہی عرصہ بعد خاندانِ حمیری کی مرکزی حکومت کا خاتمہ ہو گیا اور یمن طوائف الملوکی کا شکار ہو کر مختلف علاقوں میں تقسیم ہو گیا اور سیاسی قوت درج ذیل چار عناصر میں بٹ گئی

۱۔ ایرانی گورنر اور ان کے ذیلی حکام جن کو ابناء کہا جاتا تھا۔

۲۔ مختلف علاقوں میں پھیلے ہوئے اذواء اور اقیال جو اپنے قبیلوں اور علاقوں میں اثر و نفوذ رکھتے تھے۔

۳۔ عیسائی پادری اور راہب جو نصرانیت کے پھیل جانے کے سبب خاص امتیازی حیثیت کے حامل تھے۔

۴۔ سرداران قبائل جن کا اپنے قبیلوں میں اقتدار تھا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوتِ اسلامی کے توسیعی مرحلہ میں جب عرب کے دیگر علاقوں میں وفود اور سفراء بھیجنے کا سلسلہ شروع فرمایا تو یمن کے مذکورہ چہار عناصر سے علیحدہ علیحدہ رابطہ قائم کیا اور ان میں سے ہر گروہ کو بذریعہ خطوط سفراء اور دیگر ذرائع سے اسلام کی دعوت پہنچائی جس کی تفصیل آپ آگے پڑھیں گے۔

**یمن میں اشاعتِ اسلام** جہاں تک یمن میں دعوت اسلامی کا تعلق ہے تو اس کا آغاز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی

---

[1] البدایہ والنہایۃ ج-۲ ص ۳۲۸

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بعثت کے متصل ہی ہو گیا تھا۔ اہل یمن میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے غیر معمولی حکمت اور صلاحیت ودیعت فرمائی تھی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی دانائی، حکمت اور ایمان کی تعریف فرمائی ہے۔ چنانچہ صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اہل یمن کی تعریف و توصیف میں یہ حدیث مروی ہے:

| | |
|---|---|
| عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال اتاکم اهل الیمن هم ارق افئدة والین قلوبا والایمان یمان والحکمة یمانیة[1] | حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تمہارے پاس اہل یمن آئے ہیں یہ نرم دل اور نرم خو ہیں اور ایمان تو اہل یمن کا ہے اور حکمت و دانائی یمن کا وصف ہے |

حنیفیت، عیسائیت اور یہودیت کے سبب وہ نظام وحی و اصلاح سے نہ صرف آشنا تھے بلکہ ایک نبی موعود کے منتظر بھی تھے۔ چنانچہ علامہ ابن کثیر نے ابوبکر محمد بن جعفر بن سہل الخرائطی کی کتاب "ھواتف الجان" کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ سیف بن ذی یزن نے جب حبشیوں پر فتح پائی تو قریش کا ایک وفد جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا حضرت عبدالمطلب بھی شامل تھے مبارک باد کیلئے یمن روانہ کیا اس موقع پر سیف بن ذی یزن نے حضرت عبدالمطلب کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کی بشارت دی تھی۔[2]

یمن میں جو قبائل آباد تھے ان میں ازد، حمیر، کندہ، مذحج، بنو حارث، دوس، اشعر اور ھمدان خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جب ایک مرتبہ "سبا" کے بارے میں استفسار کیا گیا تو آپ نے فرمایا

| | |
|---|---|
| قال رجل یا رسول الله وما سبا ارض او امرأة قال لیس بارض ولا امرأة ولکنه رجل ولد | ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ سبا کیا ہے کسی سرزمین کا نام ہے یا کسی عورت کا، آپ نے فرمایا نہ تو |

---

[1] بخاری ج ۲ ص ۶۲۸

[2] تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو البدایہ والنہایہ ج ۲ ص ۱۷۸ و ۳۲۸

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



کرتے ہوئے یونانیوں کے صحرائی اور حجری عربیہ کو عرب سے خارج شمار کیا ہے اور جزیرۃ العرب کو درج ذیل پانچ حصوں میں تقسیم کیا ہے :

۱ - حجاز ۲ - نجد ۳ - تہامہ ۴ - یمن ۵ - عروض

**حدودِ یمن** سرزمینِ یمن کے حدود کیا تھے، اس بارے میں عرب جغرافیہ دانوں سے مختلف آراء منقول ہیں -

علامہ اصمعی یمن کے حدود اربعہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

| | |
|---|---|
| الیمن وما اشتمل علیہ حدودھا | یمن اور وہ علاقہ جن پر یہ مشتمل ہے عمان |
| بین عمان الی نجران ثم یلتوی | سے نجران تک پھیلا ہوا ہے اور پھر بحرِ عرب |
| الی بحر العرب الی عدن الی الشحر | سے مڑتے ہوئے عدن، شحر اور عمان کو طے |
| حتی یجتاز عمان فینقطع من بینونۃ[1] | کرتے ہوئے بینونہ پر جاکر ختم ہوتا ہے - |

تاریخ یعقوبی میں یمن کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اس سے مراد جزیرۃ العرب کا جنوبی مشرقی حصہ ہے جو چوراسی مخالیف[2] پر مشتمل تھا[3] -

اسی طرح علامہ زبیدی مراصد الاطلاع کے حوالہ سے ناقل ہیں کہ یمن تین ولایات پر مشتمل ہے جند اور اس کے مخالیف، صنعاء اور اس کے مخالیف، حضرموت اور اس کے مخالیف[4] -

---

۱ معجم البلدان باب یمن

۲ مخالیف مخلاف کی جمع ہے یہ یمنی اصطلاح ہے جو آجکل کے صوبہ یا ضلع کے مترادف ہے مخلاف میں متعدد بستیاں دیہات اور زرعی علاقے شامل ہوتے تھے اور اس کا قصبہ یا شہر کی صورت میں صدر مقام بھی ہوتا تھا -
(تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو معجم البلدان مقدمہ ص ۳۷ - تاج العروس مادہ خلف)

۳ ج ۱ ص ۲۲۷ ۴ تاج العروس مادہ یمن

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**یمن کی وجہ تسمیہ** یمن کو یمن کیوں کہا جاتا ہے، اس بارے میں حضرت عبداللہ بن عباس کی جانب یہ قول منسوب ہے۔

تفرقت العرب فمن تیامن منھم سمیت الیمن [1] — عرب متفرق علاقوں میں بٹ گئے، ان میں جو دائیں طرف گئے ان کے علاقہ کو یمن کے نام سے موسوم کیا جانے لگا۔

ایک روایت میں یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ جب مکہ میں کثرت آبادی کی وجہ سے رہنا دوبھر ہوگیا تو لوگوں نے وہاں سے نقل مکانی شروع کی ان میں جو لوگ دائیں جانب گئے ان کے علاقہ کو یمن کہا جانے لگا۔

**یمن کا نظام حکومت** جزیرۃ العرب کے دیگر علاقوں کے مقابلے میں یمن کا نظام حکومت انتہائی منظم اور مربوط تھا۔ آج کل کے قصبوں، ضلعوں اور صوبوں کی طرح یمن کے علاقوں کو بھی مختلف حصوں میں تقسیم کر کے ان کے جداگانہ نام رکھے جاتے تھے۔ وہاں کی سب سے چھوٹی اکائی محفد کہلاتی تھی جو عموماً قلعہ کی صورت میں تعمیر کی جاتی تھی اور اس قلعہ کے اردگرد چھوٹے چھوٹے گاؤں اور زرعی اراضی پھیلی ہوتی ہوئی تھی۔ محفد سے بڑا قصر کہلاتا تھا۔ قصر کی صورت ایسی بستیوں کی تھی جہاں فوجی چھاؤنیاں اور قلعے بڑی تعداد میں تعمیر کئے جاتے تھے ان میں قلعدار اقامت گزیں ہوتا تھا۔ محفد اور قصر کے نگراں کو ذو کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا اور جس قلعہ میں اس کی رہائش ہوتی اسی کے نام سے اس کی نسبت کی جاتی تھی جیسے ذوہمدان، ذومعافر وغیرہ

بسا اوقات چند محافد کو ملا کر ایک امیر کی زیر تولیت دے دیا جاتا اور اس کا نام مخلاف رکھا جاتا۔ ایسے علاقوں کے حاکم کو قیل کا لقب دیا جاتا جس کی جمع اقیال اور اقوال دونوں آتی ہیں۔ یہ سارے اقیال ایک مرکزی فرمانروا کے ماتحت ہوتے تھے۔ اس مرکزی فرمانروا کا بھی ایک بڑا قلعہ ہوتا تھا [2]

---

[1] معجم البلدان باب یمن۔ [2] تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو العرب قبل الاسلام ص ۱۲۸

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


اسی طرح علامہ ابن سعد لکھتے ہیں :

| | |
|---|---|
| وکتب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعمرو بن حزم حین بعثہ الی الیمن عھدا یعلمہ فیہ شرائع الاسلام و فرائضہ وحدودہ وکتب اُبیّ [1] | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن حزم کو یمن بھیجتے وقت ایک عہد نامہ تحریر کروایا تھا جس میں اسلام کے فرائض، حدود اور شریعت کی تعلیم دی گئی تھی۔ اس کے کاتب ابیؓ تھے۔ |

یہ عہد نامہ متعدد وجوہ کی بناء پر انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اس میں ایک طرف جہاں اسلام کے بنیادی ارکان کے بارے میں تفصیلاً موجود ہیں وہاں نظم مملکت کے سلسلہ میں بھی یہ ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس لیے کہ اس میں نہ صرف ایک حکمران کے ضروری اوصاف کی نشان دہی ہے بلکہ اس کے فرائض کی تفصیل بھی موجود ہے۔

اس عہد نامہ سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ بعض مواقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مختلف مناصب اور ذمہ داریاں سونپتے ہوئے عہد بھی لیا کرتے تھے۔

اس عہد نامہ کے عنوان میں یہ صراحت ہے کہ یہ اس وقت تحریر کروایا گیا ہے جب حضرت عمرو بن حزم کو یمن بھیجا جا رہا تھا اس لیے ضروری ہے کہ اس دور کے یمن کے بارے میں ضروری تفصیلاً قلمبند کر دی جائیں۔

**یمن** سرزمین عرب کے دیگر علاقوں کے مقابلہ میں یمن کو ایک امتیازی حیثیت حاصل رہی ہے۔ یہ اپنی خوشحالی، شادابی، زرخیزی اور منظم و مستحکم نظام حکمرانی کی وجہ سے مشہور رہا ہے۔ بلکہ یہاں تک کہا جاتا ہے کہ ایک زمانہ میں اہل یمن نے اتنی ترقی کر لی تھی کہ ان کا اقتدار ایران تک وسیع ہو گیا تھا۔ بلکہ سمرقند کی وجہ تسمیہ بھی یہ بیان کی جاتی ہے کہ یمن کے بادشاہ شمر نے اسے کھدوا کر برباد کر دیا تھا اس لیے اسے ایرانی شمر کند کہنے لگے جو بعد میں معرب ہو کر سمرقند بن گیا [2]

[1] الطبقات ج ۱ ق ۲ ص ۲۱۔ [2] سیرۃ النبی ج ۱ ص ۱۱۵

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خود قرآن مجید نے یمن کی متعدد تہذیبوں کا ذکر کیا ہے۔ مملکتِ سبا اور تبابعہ کا ذکر قرآن مجید میں متعدد جگہ آیا ہے۔ یمن میں معینی، سبائی، حمیری سلطنتیں قائم ہوئیں جو دنیاوی ترقی کے اعتبار سے انتہائی ترقی یافتہ تہذیبوں میں شمار کی جاتی تھیں لیکن قوموں کے عروج و زوال کے قانون کے تحت آج یہ تہذیبیں صفحۂ ہستی سے نابود ہیں اور اہلِ بصیرت کے لئے سامانِ عبرت ہیں۔

**یمن کا حدودِ اربعہ** قدیم یمن کے حدود اربعہ کے بارے میں عرب اور یونانی ولاطینی جغرافیہ دانوں کی آراء میں خاصا اختلاف ہے۔

یونانی ولاطینی جغرافیہ دان سرزمینِ عرب کو تین بڑے حصوں میں تقسیم کر کے ان کے درج ذیل نام تجویز کرتے ہیں۔

۱۔ العربیۃ السعیدہ

۲۔ العربیۃ الصحراویہ

۳۔ العربیۃ الحجریۃ

العربیۃ السعیدہ کو وہ یمن کا نام دیتے ہیں اور حد بندی کرتے ہوئے اس کی سرحد مشرق میں خلیج عجم، مغرب میں بحرِ احمر، شمال میں صحرائے شام و عراق اور جنوب میں بحرِ احمر بیان کرتے ہیں [1]

اس حد بندی کے تحت حضر موت، شحر، عمان، عروض، حجاز کا بڑا حصہ اور نجد و تہامہ سب یمن کے ذیل میں آجاتے ہیں۔

العربیۃ الصحراویہ سے ان کی مراد شام و عراق کا درمیانی علاقہ ہے۔ اور العربیۃ الحجریہ سے مراد جزیرہ نما سینائی ہے۔

اس کے بالمقابل عرب جغرافیہ دانوں نے جزیرۃ العرب کے حدودِ اربعہ بیان

---

[1] العرب قبل الاسلام ص ۱۱۹

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

Marfat.com

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| وقد روی مسندا من وجه صالح وھو کتاب مشھور عند اھل السیر معروف عند اھل العلم معرفۃ یستغنی بھا فی شھرتھا عن الاسناد لانہ اشبہ التواتر فی مجیئہ لتلقی الناس بالقبول | یہ صحیح اسناد کے ساتھ مسنداً بھی روایت کی گئی ہے۔ یہ مکتوب اہل سیر کے یہاں متداول اور اہل علم کے یہاں اس قدر معروف اور مشہور ہے کہ اسناد کے ذکر سے بھی بالاتر ہے اور اپنی تلقی بالقبول حاصل کیے جانے کی بنا پر متواتر کے مشابہ ہو گیا ہے |

اس کتاب کے دیگر مکاتیب کے برخلاف یہ مکتوب ایک عہد نامہ کی شکل میں ہے جو حضرت عمرو بن حزم سے تحریری طور پر اس وقت لیا گیا جب ان کو قبیلہ بنی حارث بن کعب کے وفد کے ہمراہ بطور معلم فقیہ اور محصل کی حیثیت سے یمن کے مشہور شہر نجران بھیجا گیا تھا۔

چنانچہ حافظ ابن کثیر قبیلہ بنو حارث بن کعب کے وفد کی مدینہ سے واپسی کا تذکرہ کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

| | |
|---|---|
| ثم رجعوا الی قومھم فی بقیۃ شوال او فی صدر ذی القعدۃ قال ثم بعث الیھم بعد ان ولی وفدھم عمرو بن حزم لیفقھھم فی الدین ویعلمھم السنۃ ومعالم الاسلام ویأخذ منھم صدقاتھم وکتب لہ کتابا عھد الیہ فیہ عھدہ وامرہ امرہ [1] | پھر وہ (یعنی وفد بنو حارث بن کعب) شوال یا اوائل ذی القعدہ میں اپنے قبیلہ میں واپس چلا گیا، پھر آپ نے حضرت عمرو بن حزم کو ان کے وفد کا والی بنا کر بھیجا تاکہ وہ ان کو فقاہت دین سنت اور اسلام کی بنیادی تعلیمات سے بہرہ ور کریں اور ان سے زکوٰۃ وصول کریں اس سلسلہ میں آپ نے ان کو تحریر عطا کی جس میں ان سے عہد لیا اور خصوصی احکام دیے۔ |

---

[1] البدایۃ والنہایۃ ج ۵ ص ۹۵

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
Marfat.com

www.KitaboSunnat.com


کے بارے میں رقمطراز ہیں :-

نجران من مخالیف الیمن من ناحیۃ مکۃ [۱] — نجران یمن کے مخالیف میں سے ایک مخلاف ہے جو مکہ کی سمت واقع ہے۔

اصحاب الاخدود کا مشہور واقعہ نجران ہی میں پیش آیا تھا۔ یہاں نصاریٰ کا ایک عظیم الشان کلیسا تھا جس کو وہ نجران کا کعبہ کہتے تھے۔ یہ عرب میں عیسائیت کا بہت بڑا مرکز تھا جسے نجران کے مشہور قبیلہ بنو عبد المدان نے تعمیر کیا تھا اور اس کلیسا پر ایک قبہ تین سو کھالوں سے گنبد کی شکل میں بنایا گیا تھا جو شخص اس کی حدود میں آجاتا اسے مامون سمجھا جاتا۔ مشہور جاہلی شاعر اعشٰی کے درج ذیل اشعار اسی کلیسا کے بارے میں ہیں۔

وکعبۃ نجران حتم علیـــک حتی تناخی بابوابھا
نزور یزید او عبد المسیح وقیساھم خیر ارباب بھا
وشاھدنا الورد والیا سمـــینا والمسمعات بقصابھا،
وبربطنا دائم معمل فای الثلاثۃ ازری بھا [۲]

اس خط کی وصولیابی کے بعد اہل نجران کے پادریوں اور راہبوں کا ایک وفد مدینہ آیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ان لوگوں نے متعدد سوالات کئے جن کا آپ نے مسکت جواب دیا مگر یہ لوگ اپنی کج بحثی پر قائم رہے۔ آخر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو مباہلہ کی دعوت دی جس پر یہ ابتداء میں تیار ہو گئے مگر بعد میں مشورہ کے بعد مباہلہ چھوڑ کر جزیہ پر آمادہ ہو گئے۔ چنانچہ صحیح بخاری میں ہے

عن حذیفۃ جاء العاقب والسید صاحبا نجران الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یریدان — حضرت حذیفہ سے مروی ہے کہ نجران کے عاقب اور سید حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے اور ارادہ تھا کہ آپ سے

---

[۱] معجم البلدان باب نجران [۲] ایضاً

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| ان يلاعناه قال فقال احدهما لصاحبه لا تفعل فوالله لئن كان نبيًا فلاعنا لا نفلح نحن ولا عقبنا من بعدنا قال انا نعطيك ما سألتنا [1] | سے مباہلہ کریں پھر ان میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا ایسا مت سوچو خدا کی قسم اگر یہ واقعی نبی ہوئے اور ہم نے ان سے مباہلہ کر لیا تو ہم اور ہمارے بعد آنے والی نسلیں کبھی فلاح نہ پائیں گی پھر انہوں نے آپ سے عرض کیا ہم آپ کے مطالبات پورے کرنے پر راضی ہیں۔ |

ان کے جزیہ پر آمادگی کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو جو وثیقہ تحریر فرمایا وہ درج ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| هذا ما كتب محمد النبي الامي رسول الله لنجران ان كان عليهم حكمه في كل ثمرة وفي كل صفراء وبيضاء ورقيق فافضل عليهم وترك ذلك كله على الفي حلة في كل رجب الف حلة وفي كل صفر الف حلة وذكر تمام الشروط الى ان شهد ابو سفيان [2] | یہ وہ تحریر ہے جو محمد نبی امی رسول اللہ نے اہل نجران کے لئے تحریر کی کہ یہ ان کے زیر فرمان رہیں گے زمینی پیداوار اور دینار و درہم اور غلاموں کے بارے میں یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی تعمیل کریں گے آپ نے ان پر مزید احسان فرمایا اور سب کو چھوڑ کر دو ہزار حلہ پر معاملہ کر لیا رجب میں ہزار حلے اور صفر میں ہزار حلے اور اس سلسلہ کی تمام شرائط ذکر کر دیں۔ |

اس مکتوب کے علاوہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اساقفہ، کاہن اور راہبوں کے لئے ایک اور مکتوب بھی تحریر کروایا تھا۔ اس مکتوب کا متن درج ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| وكتب رسول الله صلى الله عليه وسلم لاسقف بني الحارث بن كعب | حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسقف بنی الحارث بن کعب و دیگر اساقفہ نجران کاھنوں |

---

[1] بخاری ج ۲ ص۶۲۹ [2] البدایہ والنہایہ ج ۵ ص۵۵

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

و اساقفة نجران و كهنتهم ومن تبعهم و رهبانهم ان لهم على ماتحت ايديهم من قليل وكثير و من بيعهم و صلواتهم و رهبانيتهم و جوار الله و رسوله لا يغير اسقف عن اسقفيته ولا راهب عن رهبانيته ولا كاهن عن كهانته ولا يغير حق من حقوقهم ولا سلطانهم ولا شيء مما كانوا عليه ما نصحوا و اصلحوا فيما عليهم غير مثقلين بظلم ولا ظالمين وكتب المغيرة [1]

اور ان کے متبعین اور دیگر راہبوں کے لئے تحریر کیا جو کچھ ان کی قبضہ میں ہے کم یا زیادہ اور ان کی عبادت گاہیں اور گرجا وہ ان کے قبضے میں رہیں گی اور وہ اپنی رہبانیت پر بدستور قائم رہیں گے اور وہ اللہ اور اس کے رسول کی پناہ میں رہیں گے کسی پادری کو اس کے منصب سے اور کسی راہب کو اس کی رہبانیت سے اور کسی کاھن کو اس کی کہانت سے معزول نہیں کیا جائے گا۔ ان کے حقوق اور اقتدار میں اور جو کچھ وہ کرتے چلے آتے ہیں اس میں تغیر و تبدل نہیں ہوگا، جب تک کہ وہ خیر خواہی اور اصلاح میں مصروف رہیں نہ ان پر ظلم کا کوئی بوجھ ہوگا نہ یہ خود کسی پر ظلم کریں گے۔ کاتب مغیرہ۔

**قبیلہ بنو حارث بن کعب کا قبولِ اسلام** | اسی نجران میں بنو حارث بن کعب بن عبد المدان نامی قبیلہ کا مرکز بھی تھا۔ یہ عرب کا مشہور جنگجو قبیلہ تھا اس قبیلہ کے بعض افراد نے یہودیت اور عیسائیت بھی اختیار کر لی تھی۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ میں دیگر قبائل کے ساتھ قبیلہ بنو حارث بن کعب کو بھی دعوتِ اسلام دی تھی لیکن شرفِ اولیت ان کی قسمت میں نہ تھا اس لئے اس موقع پر یہ اسلام نہ لائے [2] بعد میں ربیع الاول سنہ ۱۰ ھجری میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن الولید کو خاص اسی قبیلہ میں

---

[1] طبقات ابن سعد ج ۱ ق ۲ ص ۳۱ [2] ابن سعد ج ۱ ق ۲ ص ۷۲

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بغرض دعوت اسلام بھیجا اور آپ کی تلقین سے سارا کا سارا قبیلہ مسلمان ہو گیا حضرت خالد بن ولید نے ان کے اسلام لانے کی اطلاع بذریعہ خط ان الفاظ میں تحریر کی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| لمحمد النبي رسول الله من خالد بن الوليد السلام عليك يارسول الله ورحمة الله وبركاته فاني احمد اليك الله الذي لا اله الا هو اما بعد يا رسول الله صلى الله عليك فانك بعثتني الى بني الحارث بن كعب وامرتني اذا اتيتهم ان لا اقاتلهم ثلاثة ايام وان ادعوهم الى الاسلام فان اسلموا قبلت منهم وعلمتهم معالم الاسلام وكتاب الله وسنة نبيه وان لم يسلموا قاتلتهم واني قدمت اليهم فدعوتهم الى الاسلام ثلاثة ايام كما امرني رسول الله وبعثت فيهم ركبانا يا بني الحارث اسلموا تسلموا فاسلموا ولم يقاتلوا وانا مقيم بين اظهرهم آمرهم بما امرهم الله به وانهاهم عما نهاهم الله عنه و اعلمهم معالم الاسلام وسنة النبي صلى الله عليه وسلم حتى يكتب الى رسول الله صلى الله عليه وسلم والسلام عليك يا رسول الله ورحمة الله وبركاته | محمد نبی رسول اللہ کے لئے خالد بن الولید کی جانب سے یا رسول اللہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں آپ کے سامنے اللہ کی حمد بیان کرتا ہوں جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اما بعد۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے مجھے بنو حارث بن کعب میں بھیجا تھا اور یہ حکم دیا تھا کہ جب میں وہاں پہنچوں تو ان سے تین روز تک جنگ نہ کروں اور ان کو اسلام کی دعوت دوں اگر وہ اسلام لائیں تو ان کے اسلام کو قبول کروں اور ان کو تعلیمات اسلامی قرآن و سنت نبوی سے روشناس کروں اور اگر اسلام نہ لائیں تو ان سے جنگ کروں۔ چنانچہ میں ان کے یہاں پہنچا اور ان کو تین دن تک اسلام کی دعوت دی اور ہر جہار اطراف سوار دوڑائے (جو منادی کرتے تھے) اے بنو حارث اسلام لے آؤ تم محفوظ و مامون رہو گے چنانچہ وہ اسلام لے آئے اور انہوں نے جنگ سے گریز کیا اب میں ان کے یہاں مقیم ہوں اور اللہ کے اوامر اور سنت نبوی کی تعلیم دے رہا ہوں تا آنکہ مزید آپ کی جانب سے نیا ہدایت نامہ آئے۔ والسلام علیکم یا رسول اللہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ |

---

لہ البدایۃ والنہایہ ج ۵ ص۹۵

Marfat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


حضرت خالد بن ولیدؓ کے اس خط کے جواب میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے نام ایک دوسرا مکتوب تحریر فرمایا جس میں ان کو ہدایت کی گئی تھی کہ وہ بنو حارثہ کا ایک وفد تشکیل دیکر دربارِ رسالت میں اپنے ساتھ لائیں۔ خط کا مضمون درج ذیل ہے۔

| | |
|---|---|
| بسم اللہ الرحمن الرحیم | |
| من محمد النبی رسول اللہ الی خالد بن الولید سلام علیك فانی احمد الیك اللہ الذی لا الہ الا ھو اما بعد: فان کتابك جاءنی مع رسولك یخبران بنی الحارث بن کعب قد اسلموا قبل ان نقاتلھم واجابوا الی مادعوتھم الیہ من الاسلام و شھدوا ان لا الہ الا اللہ وان محمداً عبدہ ورسولہ وان قد ھداھم اللہ بھداہ فبشرھم و انذرھم واقبل ولیقبل معك وفدھم والسلام علیك ورحمۃ اللہ وبرکاتہ [1] | محمد النبی رسول اللہ کی جانب سے خالد بن الولید کے نام۔ سلام علیك۔ میں تمہارے سامنے اس اللہ کی حمد و ثنا بیان کرتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں تمہارے قاصد کے ذریعہ تمہارا مکتوب ملا جس میں بنو حارث بن کعب کے بغیر جنگ و جدل اسلام لانے کی اطلاع ہے اور یہ کہ ان لوگوں نے اسلام کی دعوت کو لبیک کہا، اللہ کی وحدانیت کا اقرار کیا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عبدیت اور رسالت کی گواہی دی اور یہ کہ اللہ نے ان کو اپنی ہدایت سے نوازا ہے تم ان کو خوشخبری دو اور ڈراؤ اور تم خود بھی واپس آجاؤ اور اپنے ساتھ ان کا ایک وفد بھی لے آؤ۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ |

چنانچہ حضرت خالد بن الولید نے بنو الحارث بن کعب کا ایک وفد تشکیل دیا جس میں قیس بن الحصین، یزید بن عبد المدان، یزید بن المحجل، عبد اللہ بن قراد

[1] البدایہ والنہایہ ج ۵ ص ۹

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الزبادی شداد بن عبداللہ القنانی عمرو بن عبداللہ الضبابی وغیرہ شامل تھے اور اسے ساتھ لیکر خود بنفس نفیس مدینہ حاضر ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیکھ کر فرمایا

| | |
|---|---|
| من ھؤلاء القوم کانھم رجال الھند۔ | یہ کون لوگ ہیں جو ہندی لگتے ہیں۔ |

چونکہ عرب میں ان کی شجاعت و کامرانی کا دور دور تک شہرہ تھا اس لئے آپ نے ان سے مزید استفسار کرتے ہوئے پوچھا۔

| | |
|---|---|
| بم کنتم تغلبون من قاتلکم فی الجاھلیۃ۔ | زمانۂ جاہلیت میں اپنے مدمقابل پر تمہارے غلبہ کے کیا اسباب تھے۔ |

انہوں نے جواب دیا ہم ہمیشہ باہمی اتفاق کے ساتھ دشمن پر حملہ آور ہوتے تھے اور کسی پر اپنی جانب سے ظلم کا آغاز نہیں کرتے تھے پھر آپ نے قیس بن الحصین کو ان کا امیر مقرر کیا اور حضرت عمرو بن حزم کو بطور محصل والی اور معلم کے ان کے ہمراہ روانہ کیا یہ لوگ شوال اور بعض روایات کے مطابق اوائل ذی القعدہ سنہ ۱۰ھ میں وطن واپس ہوئے حضرت عمرو بن حزم سے مذکورہ عہد اسی موقع پر لیا گیا ہے۔

چنانچہ علامہ ابن عبدالبر الاستیعاب میں حضرت عمرو بن حزم کے تذکرہ میں رقمطراز ہیں:

| | |
|---|---|
| واستعملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی اھل نجران وھم بنی الحارث بن کعب وھو ابن سبعۃ عشر سنۃ لیفقھھم | حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اہل نجران پر عامل بنایا تھا اور اہل نجران سے مراد بنو حارث بن کعب ہیں اس وقت ان کی عمر سترہ سال تھی تاکہ یہ ان |

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


فی الدین و یعلمهم القرآن و یاخذ صدقاتهم وذلك سنة عشر[1]

ہیں دین کی سمجھ پیدا کریں قرآن مجید کی تعلیم دیں اور ان سے صدقات وصول کریں۔ یہ ۱۰ھ کا واقعہ ہے۔

## حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ

ان کا سلسلۂ نسب قبیلہ خزرج سے ملتا ہے کنیت ابوضحاک تھی سترہ سال کی عمر میں ان کو اہل نجران کے قبیلہ بنو حارث بن کعب میں معلم محصل اور عامل بنا کر بھیجا گیا۔ نیز شرحبیل بن عبد کلال، حارث بن عبد کلال، نعیم بن عبد کلال، قیل ذی رعین ومعافر وھمدان کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقات و دیات کے بارے میں جو تفصیلی مکتوب ارسال فرمایا تھا وہ انہی کے ہمراہ بھیجا گیا تھا[1] قیام نجران میں آپ کے یہاں ایک صاحبزادے تولد ہوئے جن کا نام حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی پر محمد اور کنیت ابوسلیمان رکھی گئی ساتھ ہی حضرت عمرو بن حزم نے صاحبزادے کی ولادت کی اطلاع بذریعہ خط حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیج دی اور اس میں مجوزہ نام بھی تحریر کر دیا۔ چنانچہ علامہ ابن سعد لکھتے ہیں۔

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم استعمل عمرو بن حزم على نجران اليمن فولد له هنالك على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم سنة عشرة من الهجرة غلامًا فاسماه محمدًا وكناه ابوسليمان وكتب

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نجران الیمن میں عمرو بن حزم کو عامل بنا کر بھیجا تھا۔ وہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں ۱۰ھ ہجری میں ان کے یہاں ایک بچہ کی ولادت ہوئی آپ نے اس کا نام محمد اور کنیت ابوسلیمان رکھی۔ اور یہ اطلاع تحریری طور پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیدی۔ آپ نے

[1] الاستیعاب ج ۲ ص ۵۱۷

[2] طبقات ابن سعد ج ۵ ق ۱ ص ۵۱

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| بذلك كتابا الى رسول الله فكتب | جواب میں تحریر فرمایا بچہ کا |
| اليه رسول الله سمه محمدا واكنه | نام محمد مناسب ہے البتہ کنیت ابو عبدالملک |
| اباعبدالملك ففعل له | رکھدو۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ |

ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے مجموعۃ الوثائق السیاسیہ؎[2] میں یہ تحریر فرمایا ہے کہ حضرت عمرو بن حزم کے صاحبزادے کی ولادت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال سے دو برس قبل ہوئی تھی یہ بات درست نہیں اس لئے کہ مؤرخین بالاتفاق یہ تحریر کرتے ہیں کہ آپ کو سن دس ہجری میں نجران کا عامل بنا کر بھیجا گیا تھا اور اس بچہ کی ولادت نجران میں ہی ہوئی تھی۔

ان کی وفات کے بارے میں اختلاف رائے ہے بعض اکیاون[٥١] بعض ترپن[٥٣] بعض چوّن[٥٤] بیان کرتے ہیں ایک قول یہ ھے کہ ان کا انتقال حضرت عمر بن الخطاب کے عہد خلافت میں مدینہ میں ہوا ہے[3]

---

١؎ شرح زرقانی ج ٣ ص ٣٢٣ و مجمع الزوائد ج ٢ ص ١ ٢؎ وثیقہ نمبر ١٠٦ الف، ب۔
٣؎ تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو تجرید اسماء الصحابہ۔ الاستیعاب، الاصابۃ، اسد الغابۃ تذکرہ عمرو بن حزم۔

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# کتابیات


**ابن الاثیر** ، عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری ۶۳۰ھ

(۱) اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ ۔ ایران طہران۔ مکتبہ اسلامیہ

(۲) اللباب فی تھذیب الانساب ۔ مصر القاہرہ، مکتبہ قدسی ۱۳۵۷ھ

**ابن الاثیر** مجدالدین ابوالسعادات المبارک بن محمد بن محمد الجزری ۶۰۶ھ

(۱) النھایہ فی غریب الحدیث والأثر ۔ مصر مطبعۃ الخیریہ

(۲) جامع الاصول فی احادیث الرسول ۔ مصر مطبعۃ السنۃ المحمدیہ ۱۳۶۸ھ

**ابن حجر** احمد بن علی بن حجر العسقلانی ۸۵۲ھ

(۱) الاصابۃ فی تمیز الصحابۃ ۔ مصر، مطبعۃ السعادۃ ۱۳۲۸ھ

(۲) تبصیر المنتبہ بتحریر المشتبہ ۔ مصر، دار المصریہ

(۳) تھذیب التھذیب ۔ الہند، حیدرآباد، دائرۃ المعارف النظامیہ ۱۳۵۲ھ

(۴) فتح الباری بشرح صحیح البخاری ۔ مصر، مطبعۃ الکبری المیریہ ۱۳۰۱ھ

(۵) المطالب العالیہ بزوائد المسانید الثمانیہ ۔ الکویت، المطبعۃ العصریہ ۱۳۹۳ھ

**ابن حدیدہ** ابوعبداللہ محمد بن علی بن احمد بن حدیدۃ الانصاری ۷۸۳ھ

المصباح المضیی فی کتاب النبی الامی ورسلہ الی ملوک الارض من عربی وعجمی

الھند۔ حیدرآباد، دائرۃ المعارف العثمانیہ ۱۳۹۷ھ

**ابن حزم** ابومحمد علی بن احمد بن سعید الاندلسی ۴۵۶ھ

(۱) جمھرۃ انساب العرب ۔ مصر، دار المعارف ۱۳۸۲ھ

(۲) جوامع السیرہ ۔ کراچی، مکتبہ علمیہ


Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**ابن درید**، ابوبکر محمد بن الحسن بن درید ۳۲۳ھ

(۱) الاشتقاق - مصر، مطبعۃ السنۃ المحمدیہ ۱۳۷۸ھ

(۲) الجمہرہ - الہند، حیدرآباد، دائرۃ المعارف العثمانیہ ۱۳۵۱ھ

**ابن سعد**، ابوعبداللہ محمد بن منیع الہاشمی ۲۳۰ھ

(۱) الطبقات الکبریٰ - بیروت، دار اصابہ ۱۳۸۰ھ

لیدن مطبعۃ بریل ۱۳۲۵ھ

**ابن سید الناس**، ابوالفتح محمد بن محمد ۷۳۴ھ

عیون الاثر فی فنون المغازی والشمائل والسیر

مصر، مکتبۃ القدسی ۱۳۵۶ھ

**ابن طولون**، شمس الدین محمد بن علی بن طولون الدمشقی ۹۵۳ھ

اعلام السائلین عن کتب سید المرسلین

دمشق، مطبعۃ القدسی والبدیر ۱۳۴۸ھ

**ابن العماد**، ابوالفلاح عبدالحی بن احمد بن محمد ۱۰۸۹ھ

شذرات الذہب فی اخبار من ذہب،

بیروت، مکتبۃ تجاری

**ابن عبدالبر**، ابوعمر یوسف بن عبداللہ بن محمد بن عبدالبر النمری القرطبی ۴۶۳ھ

(۱) الاستیعاب فی اسماء الاصحاب (برحاشیہ الاصابہ)

مصر، مطبعۃ السعادہ ۱۳۲۸ھ

(۲) جامع بیان العلم - مصر، ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ

**ابن قتیبہ**، ابومحمد عبداللہ بن مسلم ۲۷۶

المعارف - پاکستان، کراچی، نور محمد اصح المطابع

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**ابن کثیر** عماد الدین ابی الفداء اسماعیل بن عمر الدمشقی ۷۷۴
البدایہ والنہایہ ۔ مصر، مطبعۃ السعادہ ۱۳۵۱

**ابن ماجہ** ابو عبد اللہ محمد بن یزید الربعی ۲۷۳
السنن ۔ پاکستان، لاہور مطبع مجتبائی

**ابن منظور** جمال الدین ابو الفضل محمد بن مکرم الانصاری ۷۱۱
لسان العرب ۔ مصر، المطبعۃ الامیریہ بولاق ۱۳۰۰

**ابن ہشام** ابو محمد عبد الملک بن ہشام الحمیری ۲۱۸
السیرۃ النبویہ ۔ مصر، بولاق مصطفی البابی الحلبی ۱۳۷۵

**ابن واضح الاخباری** احمد بن یعقوب بن جعفر بن وہب الکاتب ۲۹۲
تاریخ الیعقوبی ۔ النجف، مطبعۃ الغری ۱۳۵۸

**ابوداود،** سلیمان بن اشعث بن اسحق بشیر الازدی السجستانی ۲۷۵
سنن ابی داؤد ، الہند ، کانپور مطبع نامی

**ابو عبید قاسم بن سلام الہروی** ۲۲۴
کتاب الاموال ۔ مصر، مطبعۃ العامرۃ، قاہرہ ۱۳۵۳

**ابو یوسف،** یعقوب بن ابراہیم بن حبیب ۱۸۲
کتاب الخراج ۔ مصر، بولاق مطبعۃ میریہ ۱۳۰۳

**بخاری،** ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن مغیرہ جعفی ۲۵۶
الصحیح ۔ الہند، دہلی نور محمد اصح المطابع ۱۹۳۸

**البکری،** ابو عبید عبد اللہ بن العزیز البکری ۴۸۷
معجم ما استعجم من اسماء البلاد والمواضع
لجنۃ التالیف والنشر ۱۳۶۸

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




**بلاذری**، احمد بن یحیٰی ۲۷۹

فتوح البلدان ۔ مصر، مطبعۃ الموسوعات ۱۳۱۹

**البیہقی**، ابوبکر احمد بن الحسین بن علی بن عبداللہ ۴۵۸

السنن الکبریٰ ۔

الہند، حیدرآباد دائرۃ المعارف النظامیہ ۱۳۴۴

**الترمذی**، ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی بن سَوْرَہ ۲۷۹

جامع الترمذی ۔ الہند، دھلی مطبع مجتبائی

**جرجی زیدان**، العرب قبل الاسلام ۔ مصر، دار الھلال

**الحازمی**، کتاب الاماکن قلمی

محفوظ ۔ استنبول ترکیا، مکتبہ سلیمانیہ رقم ۲۱۴۰ LALELI

**الحاکم**، حافظ ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ ۴۰۵

المستدرک علی الصحیحین

الہند، حیدرآباد دائرۃ المعارف النظامیہ ۱۳۴۲

**الحموی**، یاقوت بن عبداللہ الرومی ۶۲۶

معجم البلدان ۔ مصر مطبعۃ السعادۃ ۱۳۲۴

بیروت دار الکتاب العربی

**حمیداللہ**، ڈاکٹر

مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ للعہد النبوی والخلافۃ الراشدۃ

بیروت ۔ دار الارشاد ۱۳۸۹

**الذہبی**، شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن احمد بن عثمان بن قایماز الذہبی ۷۴۸

(۱) تجرید اسماء الصحابہ ۔ الہند بمبئی مطبعۃ شرف الدین الکتبی

بیروت ۔ دار المعرفۃ


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

Marfat.com

www.KitaboSunnat.com


(۲) تذکرۃ الحفاظ۔ الہند، حیدرآباد، دائرۃ المعارف

(۳) تاریخ الاسلام - طبع مصر

**الزبیدی ،** محب الدین ابوالفیض السید محمد مرتضیٰ ۱۲۰۵

تاج العروس من جواہر القاموس ۔ مصر، مطبعۃ الخیریہ ۱۳۰۶

بیروت، مطبعۃ الحیات

**الزرقانی ،** ابوعبداللہ محمد بن عبدالباقی بن یوسف المالکی ۱۱۲۲

شرح المواہب اللدنیہ ۔

مصر المطبعۃ الازہریۃ المصریہ ۱۳۲۷

**الزمخشری ،** جاراللہ محمود بن عمر ۵۳۸

الفائق فی غریب الحدیث ۔ مصر، داراحیاء الکتب العربیۃ ۱۳۶۴

**السمعانی ،** ابوسعد عبدالکریم بن محمد بن منصور التمیمی ۵۶۲

الانساب ۔ الہند، دائرۃ المعارف العثمانیہ، حیدرآباد ۱۳۸۵

**السمہودی ،** جمال الدین بن عبداللہ بن سید الشریف شہاب الدین ۹۱۱

وفاء الوفاء باخبار دار المصطفیٰ

مصر مطبعۃ الآداب والمؤید ۱۳۲۶

**السہیلی ،** ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن احمد ۵۸۱

الروض الانف فی شرح غریب السیر

**السیوطی ،** جلال الدین عبدالرحمٰن بن الکمال ابوالفضل ۹۱۱

تنویر الحوالک شرح علی موطا مالک ۔

مصر، داراحیاء الکتب العربیۃ ۱۳۴۳

**شبلی نعمانی ،** ۱۳۳۲

سیرۃ النبی ۔ الھند، اعظم گڑھ مطبع معارف

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**عبدالغنی المصری**، ابو محمد عبدالغنی بن سعید بن علی بن سعید الازدی ۴۰۹
(۱) مشتبہ النسبتہ ۔
الہند، الہ آباد ۔ مطبع انوار احمدی ۱۳۲۷
(۲) المؤتلف والمختلف فی اسماء نقلۃ الحدیث
الھند، الہ آباد مطبع انوار احمدی ۱۳۲۷

**عمر رضا کحالہ**، معجم قبائل العرب القدیمۃ والحدیثۃ
بیروت، مؤسستہ الرسالہ ۱۹۷۸ء

**علی بن حسین علی احمدی**، مکاتیب الرسول ۔
ایران، قم، مطبعۃ علمیہ ۱۹۷۹

**علی متقی**، علاؤ الدین الہندی البرہان فوری ۹۷۵
کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال
الھند حیدرآباد دائرۃ المعارف النظامیہ ۱۳۱۳

**عون الشریف قاسم**، دبلوماسیۃ محمد ۔ سودان، الخرطوم جامعۃ الخرطوم

**سید فیاض محمود**
پروفیسر عبدالقیوم، ڈاکٹر ظہور احمد اظہر
تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان و ہند ۔
لاہور پنجاب یونیورسٹی

**فیروز آبادی**، مجدالدین محمد بن یعقوب الفیروز آبادی الشیرازی ۸۱۷
القاموس المحیط ۔ مصر، مطبعۃ دار مامون ۱۳۵۷

**الفتنی**، محمد طاہر الصدیقی الہندی الگجراتی ۹۸۶
مجمع بحار الانوار فی غرائب التنزیل ولطائف الاخبار
الہند حیدرآباد دائرۃ المعارف العثمانیہ ۱۳۷۸
الہند، المطبع العالی نول کشور ۱۳۱۴

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

**القرطبی**، ابوعبداللہ محمد بن احمد بن ابی بکر بن فرح الانصاری ٦٦٨
الجامع لاحکام القرآن ۔ مصر، القاہرہ، دار الکتب المصریہ ۱۹۳۹ء

**القسطلانی**، شہاب الدین احمد بن محمد الخطیب المصری ۔ ۹۲۳
ارشاد الساری لشرح صحیح البخاری
الھند، کانپور مطبع نول کشور ۱۲۸۴
مصر، مطبعۃ الکبریٰ الامیریہ بولاق ۱۳۲۳

**القلقشندی**، ابوالعباس احمد ۸۲۱
نہایۃ الارب فی معرفۃ انساب العرب
مصر۔ القاہرۃ شرکۃ العربیہ للطباعۃ والنشر ۱۹۵۹

**النسائی**، عبدالرحمٰن احمد بن شعیب بن علی بن بحر ۳۰۳
سنن النسائی ۔ الھند دھلی المطبع المجتبائی

**المطرزی**، ابوالفتح ناصر بن عبدالسید بن علی المطرزی ٦١٦
المغرب فی ترتیب المعرب ۔ الھند، دائرۃ المعارف النظامیہ ۱۳۲۸

**محبوب رضوی**، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکتوبات و معاہدات
کراچی دارالاشاعت

**محمد عبدالجلیل**، فرمانِ نبوت ۔ حیدرآباد دکن شوکتِ اسلام

**محمد عبدالمنعم خان**، صاحبزادہ ۔ رسالاتِ نبویہ علیہ التحیۃ
دھلی۔ دلی پرنٹنگ پریس ۱۹۳٦

**المزی**، ابوالحجاج جمال الدین یوسف ۷۴۲
تہذیب الکمال فی اسماء الرجال
بیروت، دارالمأمون للتراث

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# اللآلی المصنوعة فی الروایات المرجوعة

از

محقق ومحدث مولانا مفتی سید مہدی حسن شاہجہاں پوریؒ

یہ عربی میں دارالعلوم دیوبند کے صدر مفتی مولانا سید مہدی حسن شاہجہاں پوریؒ کی تصنیف ہے۔ اس میں موصوف نے امام اعظم ابوحنیفہؒ، امام ابویوسفؒ اور امام محمدؒ کے وہ تمام منتشر اقوال جن سے ائمہ مذکورہ نے مسائل میں رجوع کیا تھا نہایت جانفشانی و جستجو سے جمع کئے ہیں، پہلے حصہ میں امام اعظمؒ کے اقوال ابواب فقہ کے تحت یکجا کئے ہیں۔ دوسرے حصہ میں امام ابویوسفؒ اور تیسرے حصہ میں امام محمدؒ کے اقوال نقل کئے ہیں۔ اس کا ہر صفحہ بصیرت افروز معلومات کا مرقع اور پوری کتاب گنجینہ تحقیقات ہے۔

اس کتاب کا مطالعہ علماء وقضاۃ ومفتیانِ کرام، فقہ کے طالب علم و مدرسین اور فقہ پر کام کرنے والوں کے لئے ناگزیر ہے، اسی لئے ہمارے ادارہ نے اس کو دوبارہ شائع کیا ہے۔

# نفحة العرب

از مولانا اعزاز علی رحمہ اللہ

عربی فنِ ادب پر یہ ایک مشہور اور جامع کتاب ہے جو دراصل ادب میں اسلامی و اصلاحی مرقع ہے اور مصنف کے حواشی سے مزین ہے۔ اسی وجہ سے اس کو مقبولیتِ عام حاصل ہے اور اکثر مدارس عربیہ میں داخلِ نصاب ہے اسی باعث اسے ادارہ نے شائع کیا ہے اور قیمت بھی بہت کم رکھی ہے

قیمت

Marfat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

فاضل مصنف مولانا محمد عبد الشہید نعمانی کی ایک دوسری اہم تصنیف

# امام ابو حنیفہؒ کی تابعیت
## اور
# صحابہ سے ان کی روایت

اسلامی دنیا کی اکثریت فقہی احکام میں امام ابو حنیفہ کی پیرو ہے امام صاحب کو حق تعالیٰ شانہ نے بہت سی خصوصیات سے نوازا تھا ان میں سے ایک اہم خصوصیت ان کی تابعیت ہے۔ یہ وہ امتیاز ہے جو ان کے معاصرین اور بعد کے آنے والے ائمہ مجتہدین متبوعین میں سے جن کی تقلید عالم اسلام میں جاری وساری ہے کسی اور کو حاصل نہیں ہو سکا۔ یہ کتاب اس موضوع پر نہایت قیمتی اور تحقیقی معلومات پر مشتمل ہے جس سے اردو زبان کا دامن اب تک خالی ہے۔

اس کتاب کے چند اہم مباحث حسب ذیل ہیں :

۱ - تابعیت کیا ہے
۲ - امام ابو حنیفہؒ نے کن کن صحابہ کا زمانہ پایا ہے
۳ - کن حضرات صحابہ سے آپ کو شرف ملاقات حاصل ہوا
۴ - کن حضرات صحابہ سے آپ کی روایت ثابت ہے۔

اھل علم کے لئے اس کتاب کا مطالعہ بہت ضروری ہے

الرحیم اکیڈمی
اے ۷/۱، اعظم نگر پوسٹ آفس لیاقت آباد، کراچی ۱۹